جزاء السهام ومن اذى الاحرار فاباد نفسه واباد فاسمع منى المقال انى رقبت ان تجمع المال فاذا جمعت و
اتممت السوال فاعلم ان **احمد** قد صال واراك الوبال والنكال۔ يا مسكين ان **موت عيسى**
من البديهيات **وانكاره** اكبر الجهلات ولكن صدء قلبك وغلظ الحجاب فرددت وتقاذفت بك الابواب
فلا تصغى الى لغطات ويؤذيك الحق كالكلم المحفظات وارذلك تباهيك بكتابك وهو اصل تبابك
وانى عرفت سرك ومعماه وان لم يدر القوم معناه وما تريد الا ان تفتتن قلوب السفهاء وتخدع الجهلاء
لتكون لك عزة فى الاشقياء وتفوز فى الاهواء وهذا خاتمة الكلام فتدبر كالعقلاء ولا تقعد كالعمين

هداك الله هل ترضى العواما ۔۔۔ لكى تستجلبن منهم حطاما
وهل فى ملة **الاسلام** اشر ۔۔۔ من الكلم التى تبرى خصاما

اعندك حجة اجماع قوم | اضاعوا الحق جهلا واهتضاما
ومثلك امة قتلت حسينا | اذا وجدت كمنفرد اماما

تتمہ

مولوی سلطان باباصاحب امرتسری کے رسالہ حیات المسیح پر ایک نظر اور نیز ہزار روپیہ انعامی جمع کرانیکے لئے درخواست

ہم ابھی ایک جگہ لکھ چکے ہیں کہ ان دنون میں مولوی صاحب مندرجہ العنوان نے ایک کتاب حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی زندگی ثابت کرنیکے لئے لکھی ہے جسکا نام حیات المسیح رکھا ہے۔ لیکن اگر یہ پوچھا جائے کہ انہون نے باوجود اسقدر محنت اٹھانے اور وقت ضائع کرنے کے ثابت کیا کیا ہے تو ایک منصف آدمی یہی جواب دیگا کہ کچھ نہیں۔ اگر مولوی صاحب موصوف کی نیت بخیر ہوتی اور انکی اس کاروبار کی علت غائی حق الامر کی تحقیق ہوتی نہ اور کچھ تو وہ اس رسالہ کے لکھنے سے پہلے قرآن شریف کی اُن آیات بینات کو غور سے پڑھ لیتے جن سے حضرت عیسے علیہ السلام کی وفات ایسی صاف طور پر ثابت ہو رہی ہے کہ گویا وہ ہماری آنکھون کے سامنے فوت ہوگئے اور دفن کئے گئے۔ لیکن افسوس کہ مولوی صاحب موصوف ان محکم اور بین آیات سے آنکھ بند کرکے گذر گئے۔ اور بعض دوسری آیات میں تحریف کرکے اور اپنی طرف سے اور فقرے اُنکے ساتھ ملا کر عوام کو یہ دکھلانا چاہا کہ گویا اُن آیتون سے حضرت عیسے کی حیات کا پتہ لگتا ہے۔ لیکن اگر مولوی صاحب کی اس مفتریانہ کارروائی سے کچھ ثابت ہوتا بھی تو بس یہی کہ انکی فطرت میں یہودیون کی صفات کا خمیر بھی موجود ہے ورنہ یہ کسی نیک بخت آدمی کا کام نہیں ہے۔ کہ قرآن کریم کی ظاہر ترکیب کو توڑ مروڑ کر اور آیات کی غیر منفک تعلقات کو ایکدوسری سے الگ کرکے اور بعض فقرے اپنی طرف سے زائد کرکے کوئی امر ثابت کرنا چاہے اگر اسی بات کا نام ثبوت ہے تو کونسا امر ہے جو ثابت نہیں ہو سکتا بلکہ ہریک ملحد اور بے ایمان اپنے مقاصد اسی طرح ثابت کر سکتا ہے۔ اس بات کو کون نہیں جانتا کہ ایک کتاب کے معنے اسی صورت میں اس کتاب کے معنے کہلاتے ہیں کہ جب اسکی ترتیب اور تعلقات فقرات اور سیاق سباق محفوظ رکھ کر کئے جائیں لیکن اگر اس کتاب کی ترتیب کو ہی زیروزبر کیا جائے اور عبارت کے اعضا کو ایکدوسرے سے الگ کر دیا جائے اور نہایت دلیری کرکے بعض فقرات اپنی طرف سے ملا دیئے جائیں تو پھر ایسی خود ساختہ عبارت سے گو کوئی مدعا ثابت کرنا

چاہین تو کیا یہ وہی یہودیانہ تحریف نہین ہے جسکی وجہ سے قرآن کریم مین ایسے لوگ سور اور بندر کہلائے جنہون نے اسی طرح توریت مین ملحدانہ کارروائیان کی تھین۔ اگر ایسے ہی خائنانہ تصرفات اور تحریفات سے حضرت مسیح کی زندگی ثابت ہوسکتی ہے تو پھر ہمین تو اقرار کرنا چاہیے کہ حضرت مسیح کی زندگی ثابت ہوگئی۔ مگر اس بات کا کیا علاج کہ خدا تعالے نے ایسے محرفون کا نام خنزیر اور بوزنہ رکھا ہے اور انپر لعنت بھیجی ہے اور انکی صحبت سے پرہیز اور اجتناب کرنیکا حکم ہے۔ یہ بات یاد رکھنی چاہیئے کہ الٰہی کلام کی کسی آیت مین تغییر اور تبدیل اور تقدیم اور تاخیر اور فقرات تراشی کی مجاز نہین ہین مگر صرف اُس صورت مین کہ جب خود نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ایسا کیا ہو اور یہ ثابت ہوجائے کہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے آپ بذات خود ایسی تغییر اور تبدیل کی ہے اور جبتک ایسا ثابت نہو تو ہم قران کی ترصیع اور ترتیب کو زیروزبر نہین کرسکتے اور نہ اُسمین اپنی طرف سے بعض فقرات ملاسکتے ہیں۔ اور اگر ایسا کرین تو عند اللہ مجرم اور قابل مواخذہ ہین۔ اب ناظرین خود مولوی صاحب موصوف کی کتاب کو دیکھ لین کہ کیا وہ ایسی ہی کارروائیون سے پُر ہے یا کہین اُنہون نے ایسا بھی کیا ہے کہ قران کریم کی کوئی آیت ایسے طور سے پیش کی ہے کہ اپنی طرف سے نہین بلکہ ثابت کرکے دکھلا دیا ہے کہ خود رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی حدیث سے اس آیت کے معنے حضرت مسیح کی حیات ہی ثابت ہوتی ہے اور تکلفات اور تحریفات سے کام نہین لیا۔ ہمین نہ مولوی رسل بابا صاحب سے کچھ ضد اور عناد ہے نہ کسی اور مولوی صاحب سے۔ اگر وہ یہودیانہ روش پر نہ چلین اور صحیح استدلال سے کام لین تو پھر ثابت شدہ امر کو قبول نکرنا بے ایمانی ہے۔ اگر کوئی تعصبات سے الگ ہوکر اس بات مین فکر کرے کہ حقیقتین کیونکر ثابت ہوتی ہیں اور انکی ثبوت کے لئے قاعدہ کیا ہی تو وہ سمجھ سکتا ہی کہ خدا تعالےٰ نے ایسا قاعدہ صرف ایک ہی رکھا ہی اور وہ یہ ہے کہ صاف اور صریح اور بدیہی امر کو نظری امور کے ثابت کرنیکے لئے بطور دلائل کے استعمال کیا جائے۔ اور اگر ایسے امر کو بطور دلیل کے پیش کرین کہ وہ خود نظری اور مشتبہ امر ہے جو کہ بنات اور تاویلات اور تحریفات سے گھڑا گیا ہے تو اسکو دلیل نہ کہینگے بلکہ وہ ایک الگ دعوی ہے جو خود دلیل کا محتاج ہی افسوس کہ ہمارے سادہ لوح مولوی دلیل اور دعوی مین بھی فرق نہین کرسکتے۔ اور اگر کسی دعوی پر دلیل طلب کیجائے تو ایک اور دعوے پیش کردیتے ہین اپنا نہین سمجھتے کہ وہ خود محتاج ثبوت ویسا ہی ہے جیساکہ پہلا دعوی ہم نے اپنے مخالف الرائے مولویصاحبون سے حضرت مسیح علیہ السلام کی حیات ممات کی بارے مین صرف ایک ہی سوال کیا تھا اگر ایمانداری سے اس سوال مین غور کرتے تو انکی ہدایت کے لئے ایک ہی سوال کافی تھا مگر کسی کو ہدایت پانیکی خواہش ہوتی تو غور بھی کرتا۔ سوال یہ تھا کہ اللہ جلشانہ نے قران کریم مین حضرت مسیح علیہ السلام کی نسبت دو جگہ توفی کا لفظ استعمال کیا ہی اور یہ لفظ ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی حق مین بھی قرآن کریم مین آیا ہے اور ایسا ہی حضرت یوسف علیہ السلام کی دعا مین بھی یہی لفظ اللہ جلشانہ نے ذکر فرمایا ہے اور کتنے اور مقامات مین بھی موجود

ہے۔ اور اُن تمام مقامات پر نظر ڈالنے سے ایک منصف مزاج آدمی پورے اطمینان سے سمجھ سکتا ہے کہ توفی کے معنے ہر جگہ قبض روح اور
مارنے کے ہیں نہ اور کچھ۔ کتب حدیث میں بھی یہی محاورہ بھرا ہوا ہے۔ کتب حدیث میں توفی کے لفظ کو صدہا جگہ پاؤ گے مگر کیا کوئی ثابت
کر سکتا ہے کہ بجز مارنے کے کسی اور معنے پر بھی استعمال ہوا ہے ہرگز نہیں بلکہ اگر ایک اُمّی آدمی عرب کو کہا جائے کہ تُوُفِّيَ زَيْدٌ تو وہ اس فقرہ
سے یہی سمجھے گا کہ زید وفات پا گیا غیر عربوں کا عام محاورہ بھی جانے دو خود آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کے ملفوظات مبارکہ سے بھی یہی ثابت
ہوتا ہے کہ جب کوئی صحابی یا آپ کے عزیزوں میں سے فوت ہوتا تو آپ توفی کے لفظ سے ہی اسکی وفات ظاہر کرتے تھے آخر آنجناب صلے اللہ
علیہ وسلم نے وفات پائی تو صحابہ نے بھی توفی کے لفظ سے ہی آپ کی وفات ظاہر کی۔ اسی طرح حضرت ابو بکر کی وفات حضرت عمر کی
وفات۔ غرض تمام صحابہ کی وفات توفی کے لفظ سے ہی تقریرًا تحریرًا بیان ہوئی اور مسلمانوں کی وفات کے لئے یہ لفظ ایک عزت
کا قرار پایا تو پھر جب مسیح پر یہی وارد ہوا تو کیوں اسکے خود تراشیدہ معنے لئے جاتے ہیں۔ اگر یہ عام محاورہ کا فیصلہ منظور نہیں تو
دوسرا طریق فیصلہ یہ ہے کہ یہ دیکھا جائے کہ جو مسیح کے متعلق قرآنی آیات میں توفی کا لفظ موجود ہے اسکے معنے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم
اور آپکے صحابہ نے کیا کئے ہیں چنانچہ ہمنے یہ تحقیقات بھی کی تو بعد دریافت ثابت ہوا کہ صحیح بخاری میں یعنی کتاب التفسیر میں
آیت فلما توفیتنی کے معنے آنحضرت صلے اللہ علیہ کیطرف سے مارنا ہی لکھا ہے اور پھر اسی موقعہ پر آیت انی متوفیك کے معنے حضرت
ابن عباس رضی اللہ عنہ سے ممیتك درج ہیں یعنی اے عیسے میں تجھے مارنے والا ہوں۔ اب اُن حضرات مولویوں سے کوئی پوچھے کہ پہلا فیصلہ
تو تمنے منظور نکیا مگر صحابہ کا فیصلہ اور خاصکر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا فیصلہ قبول نکرنا اور پھر بھی کہتے رہنا کہ توفی کے اَور
معنے ہیں ایمانداری ہے یا بے ایمانی۔ ایسے تعصب پر بھی ہزار حیف کہ ایک لفظ کے معنے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے منہ سے بھی سنکر
قبول نکریں بلکہ کوئی اور معنے تراشیں اور اس فیصلہ کو منظور رکھیں جو آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے آپ کر دیا ہے اور اپنی نزاع
کو اللہ اور رسول کیطرف ردّ نکریں بلکہ ارسطو اور افلاطون کی منطق سے مدد لیں یہ طریق صلحا کا نہیں ہے البتہ اشقیا ہمیشہ ایسا
ہی کرتے ہیں۔ ہمارے لئے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی شہادت سے اور کوئی بڑھکر شہادت نہیں ہمارا تو اس بات کو سنکر بدن کانپ
جاتا ہے کہ جب ایک شخص کے سامنے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا فیصلہ پیش کیا جائے تو وہ اسکو قبول نہیں کرتا اور دوسری طرف
بھٹکتا پھرتا ہے۔ پھر نہ معلوم ان حضرات کے کس قسم کے ایمان ہیں کہ نہ قرآن کریم کا فیصلہ انکی نظر میں کچھ چیز ہے نہ رسول اللہ
صلے اللہ علیہ وسلم کا فیصلہ نہ صحابہ کی تفسیر۔ یہ کیسا زمانہ آ گیا کہ مولوی کہلا کر اللہ رسول کو چھوڑتے جاتے ہیں اور اگر بہت
تنگ کیا جائے اور کہا جائے کہ جس حالت میں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے توفی کے معنے مارنا کر دیئے ہیں تو پھر کیوں آپ لوگ قبول نہیں
کرتے تو آخری جواب اُن حضرات کا یہ ہے کہ حضرت مسیح کی زندگی پر اجماع ہو چکا ہے پھر ہم کیونکر قبول کر لیں مگر یہ عذر بھی بدتر
از گناہ اور نہایت مکروہ چالاکی اور بے ادبی ہے۔ کیونکہ جس اجماع میں ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم داخل نہیں ہیں بلکہ اُسکے

صریح مخالف ہین وہ اجماع کیسا اور کیا حقیقت رکھتا ہے۔ ماسوا اسکے اجماع کا دعوی بھی سراسر جھوٹ ور افترا ہے دیکھو
کتاب مجمع بحار الانوار جلد اول صفحہ ۲۸۶ جو اسمین حکما کے لفظ کی شرح مین لکھا ہے ینزل (ای ینزل عیسے) حکما
ای حاکما بھذہ الشریعۃ لانبیا والاکثر ان عیسی لم یمت **وقال مالک مات وھو ابن ثلث وثلثین سنۃ**
یعنے عیسے ایسی حالت مین نازل ہوگا جو اس شریعت کے مطابق حکم کریگا نہ نبی ہو کر۔ اور اکثر کا یہ قول ہے کہ عیسے نہین مرا۔
اور امام مالک نے کہا ہے کہ عیسے مر گیا اور وہ تینتیس ۳۳ برس کا تھا جب فوت ہوا۔ اب دیکھو کہ امام مالک رضی اللہ عنہ
کس شان اور مرتبہ کا امام اور خیر القرون کے زمانہ کا اور کروڑہا آدمی انکے پیرو ہیں جب انہین کا یہ مذہب ہوا تو گویا یہ کہنا چاہیے
کہ کروڑہا عالم فاضل ورمتقی اور اہل ولایت جو انکے پیرو حضرت امام صاحب کے تھے انکا یہی مذہب تھا کہ حضرت عیسے فوت ہوگئے
ہین کیونکہ ممکن نہین کہ سچا پیرو اپنے امام کی مخالفت کرے خاصکر ایسے امر مین جو نہ صرف امام کا قول بلکہ خدا کا قول رسول کا
قول صحابہ کا قول تابعین کا تبع تابعین کا قول ہے۔ اب ذرہ شرم کرنا چاہیئے کہ جب ایسا عظیم الشان امام جو تمام ائمہ حدیث
سے پہلے ظہور پذیر ہوا اور تمام احادیث نبویہ پر گویا ایک دائرہ کیطرح محیط تھا جب اسی کا یہ مذہب ہے تو کسقدر حیا کے برخلاف ہے کہ ایسے مسئلہ
مین اجماع کا نام لین افسوس کہ حضرت مولویصاحبان عوام کو دھوکہ تو دیتے ہین مگر بولنے کے وقت یہ خیال نہین کرتے کہ دنیا تمام اندھی نہین
کتابونکو دیکھنے والے اور خیانتون کو ثابت کرنے والے بھی تو اسی قوم میں موجود ہیں۔ یہ نام کے مولوی جب دیکھتے ہین کہ نصوص قرآنیہ
اور حدیثیہ کے پیش کرنے سے عاجز آگئے اور گریز گاہ باقی نہین رہا اور کوئی حجت ہاتھ مین نہین تو ناچار ہو کر کہدیتے ہین کہ اسپر اجماع ہے
کسی نے سچ کہا ہے کہ ملا آن باشد کہ بند نشود اگرچہ دروغ گوید۔ یہ حضرات یہ بھی جانتے ہین کہ خود اجماع کے معنون مین ہی اختلاف ہے۔
بعض صحابہ تک ہی محدود رکھتے ہیں۔ بعض قرون ثلثہ تک بعض ائمہ اربعہ تک مگر صحابہ اور ائمہ کا حال تو معلوم ہو چکا اور اجماع
کے توڑنے کے لئے ایک فرد کا باہر رہنا بھی کافی ہوتا ہے چہ جائیکہ **امام مالک** رضی اللہ عنہ جیسا عظیم الشان امام جسکے قول کے
کروڑہا آدمی تابع ہونگے حضرت عیسی کی وفات کا صریح قائل ہو۔ اور پھر یہ لوگ کہین کہ انکی حیات پر اجماع ہے۔ شرم۔ شرم۔ شرم۔
اور اجماع کے بارے مین امام احمد رضی اللہ عنہ کا قول نہایت تحقیق اور انصاف پر مبنی ہے وہ فرماتے ہیں کہ جو شخص اجماع کا دعوی کرے وہ
جھوٹا ہے اس سے معلوم ہوا کہ مسلمانون کے لئے سچی اور کامل دستاویز قرآن اور حدیث ہی ہے باقی ہمہ ہیچ مگر جو حدیث قرآن کی
بینات محکمات کی مخالف ہوگی اور اسکے قصص کے برخلاف کوئی قصہ بیان کرے گی وہ دراصل حدیث نہین ہوگی کوئی محرف قول
ہوگا یا سرے سے موضوع اور جعلی۔ اور ایسی حدیث بلاشبہ رد کے لائق ہوگی لیکن یہ خدا تعالے کا فضل اور کرم ہے کہ مسئلہ
وفات مسیح مین کسی جگہ حدیث نے قرآن شریف کی مخالفت نہین کی بلکہ تصدیق کی۔ قرآن مین **متوفیک** آیا ہے
حدیث مین **ممیتک** آگیا ہے۔ قرآن مین **فلما توفیتنی** آیا حدیث مین رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے وہی لفظ **فلما**

توفیتنی بغیر تغییر و تبدیل کے اپنے پر وارد کر کے ظاہر فرما دیا کہ اسکے معنے مارنا ہی ہے نہ اور کچھ اور نبی کی شان سے بعید ہے کہ خدا تعالیٰ کی
مرادی معنوں کی تحریف کرے۔ اور ایک آیت قرآن شریف کی جسکے معنے خدا تعالیٰ کے نزدیک زندہ اٹھا لینا ہو اسی کو اپنی طرف
منسوب کر کے اسکے معنے مار دینا کر دیوے یہ تو خیانت اور تحریف ہے اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم کیطرف اس گندی کارروائی کو منسوب کرنا میرے
نزدیک اول درجہ کا فسق بلکہ کفر کے قریب قریب ہے۔ افسوس کہ حضرت عیسےٰ کی زندگی ثابت کرنیکے لئے ان خیانت پیشہ مولویوں کی
کہاں تک نوبت پہنچی ہے کہ نعوذ باللہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو بھی محرف القرآن ٹھیرایا بجز اسکے کیا کہیں کہ لعنۃ اللہ علی الخائنین
الکاذبین یہ بات نہایت سیدھی اور صاف تھی کہ ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے آیت فلما توفیتنی کو اسی طرح اپنی ذات کی نسبت
منسوب کر لیا جیسا کہ وہ آیت حضرت عیسے علیہ السلام کیطرف منسوب تھی اور منسوب کرنیکے وقت یہ نہ فرمایا کہ اس آیت کو جب حضرت عیسے
کیطرف منسوب کریں تو اسکے اور معنے ہونگے اور جب میری طرف منسوب ہو تو اسکے اور معنے ہیں حالانکہ اگر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی
نیت میں کوئی معنوی تغییر و تبدیل ہوتی تو رفع فتنہ کیلئے یہ عین فرض تھا کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم اس تشبیہ و تمثیل کے موقعہ پر
فرما دیتے کہ میرے اس بیان سے کوئی یوں نہ سمجھ لیوے کہ جسطرح میں قیامت کے دن فلما توفیتنی کہکر جناب الٰہی میں ظاہر کرونگا کہ
بگڑنے والے لوگ میری وفات کے بعد بگڑے اسی طرح حضرت مسیح بھی فلما توفیتنی کہکر یہی کہینگے کہ میری وفات کے بعد میری امت
کے لوگ بگڑے کیونکہ فلما توفیتنی سے میں تو اپنا وفات پانا مراد رکھتا ہوں لیکن مسیح کی زبان سے جب فلما توفیتنی نکلیگا
تو اس سے وفات پانا مراد نہیں ہوگا بلکہ زندہ اٹھایا جانا مراد ہوگا۔ لیکن آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے یہ فرق کر کے نہیں دکھلایا
جس سے قطعی طور پر ثابت ہے کہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے دونو موقعوں پر ایک ہی معنی مراد لیے ہیں پس اب ذرہ آنکھ کھولکر
دیکھ لینا چاہئے کہ جبکہ فلما توفیتنی کی لفظ میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم اور حضرت عیسیٰ دونو شریک ہیں گویا یہ آیت دونو کے
حق میں وارد ہے تو اس آیت کی خواہ کوئی معنے کرو دونو اسمیں شریک ہونگے سو اگر تم یہ کہو کہ اس جگہ توفی کے معنے زندہ آسمان پر اٹھایا
جانا مراد ہے تو تمہیں اقرار کرنا پڑیگا کہ اس زندہ اٹھائے جانے میں حضرت عیسیٰ کی کچھ خصوصیت نہیں بلکہ ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم
بھی زندہ آسمان پر اٹھائے گئے ہیں کیونکہ آیت میں دونو کی مساوی شراکت ہے۔ لیکن یہ تو معلوم ہے کہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم
زندہ آسمان پر نہیں اٹھائے گئے بلکہ وفات پا گئے ہیں اور مدینہ منورہ میں آپ کی قبر مبارک موجود ہے تو پھر اس سے تو بہرحال ماننا
پڑا کہ حضرت عیسیٰ بھی وفات پا گئے ہیں اور لطف تو یہ کہ حضرت عیسیٰ کی بھی بلاد شام میں قبر موجود ہے اور ہم زیادہ صفائی کیلئے
اس جگہ حاشیہ میں اخویم حبّی فی اللہ سید مولوی محمد السعیدی طرابلسی کی شہادت درج کرتے ہیں اور وہ طرابلس بلاد شام کے رہنے
والے ہیں اور انہیں کی حدود میں حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی قبر ہے[1]۔ اور اگر کہو کہ وہ قبر جعلی ہے تو اس جعل کا ثبوت دینا چاہئے

---

[1] جب میں نے حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی قبر کی نسبت حضرت سید مولوی محمد السعیدی طرابلسی الشامی سے بذریعہ خط دریافت کیا تو انہوں نے

اور ثابت کرنا چاہیئے کہ کسوقت یہ جعل بنایا گیا ہے اور اس صورت مین دوسرے انبیا کی قبرون کی نسبت بھی تسلی نہین رہیگی اور امان اٹھہ جائیگا۔ اور کہنا پڑیگا کہ شاید وہ تمام قبرین جعلی ہی ہون۔ بہرحال آیت فلما توفیتنے سے یہی معنے ثابت ہوئے کہ مار دیا۔ بعض نادان نام کے مولوی کہتے ہیں کہ یہ تو مسلم ہے کہ اس آیت فلما توفیتنی کے مارنا ہی معنے ہین نہ اور کچھ لیکن وہ موت نزول کے بعد وقوع مین آئیگی اور ابتک واقع نہین ہوئی۔

لیکن افسوس کہ یہ نادان نہین سمجھتے کہ اس طور سے آیت کے معنے فاسد ہوجاتے ہین کیونکہ آیت کے معنے تو یہ ہین کہ حضرت عیسے جناب الٰہی مین عرض کرینگے کہ میری امت کے لوگ میرے مرنے کے بعد بگڑے ہین۔ یعنے جبتک مین زندہ تھا وہ سب صراط مستقیم پر قائم تھے اور میرے مرنے کے بعد میری امت بگڑی۔ نہ میری زندگی مین۔

سواگر یہ کہا جائے کہ حضرت عیسی علیہ السلام ابتک فوت نہین ہوئے تو ساتھ ہی یہ بھی اقرار کرنا پڑیگا۔ کہ ابھی امت بھی ابتک بگڑی نہین۔ کیونکہ آیت اپنے منطوق سے صاف بتلا رہی ہے کہ امت نہین بگڑے گی جبتک وہ فوت نہ ہوجائین۔ اور فوت کا لفظ یا یون کہو کہ مرنے کی حقیقت کھلی کھلی ہے جسکو سارا جہان جانتا ہے۔ اور وہ یہ کہ جب ایک انسان کو فوت شدہ کہینگے تو اُس سے یہی مراد ہوگی کہ ملک الموت نے اُسکی روح کو قبض کرکے بدن سے

میرے خط کے جواب مین یہ خط لکھا جسکو مین ذیل مین معہ ترجمہ لکھتا ہون۔

یاحضرة مولانا وامامنا السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ نسأل اللہ الشافی ان یشفیکم۔ اما ما سألتم عن قبر عیسی علیہ السلام وحالات اُخری مما یتعلق بہ فا بیّنہ مفصلا فی حضرتکم وھو ان عیسے علیہ السلام وُلد فی بیت لحم وبینہ وبین بلدة القدس ثلٰثة اقواس وقبرہ فی بلدة القدس والی الاٰن موجود وھنالک کنیسة وھی اکبر الکنائس من کنائس النصاری وداخلھا قبر عیسی علیہ السلام کما ھو مشھود وفی تلک الکنیسة ایضا قبر امہ مریم ولکن کل من القبرین علیحدة وکان اسم بلدة القدس فی عھد بنی اسرائیل یروشلم ویقال ایضا اورشلیم وسُمّیت من بعد المسیح ایلیا ومن بعد الفتوح الاسلامیة الی ھذا الوقت اسمھا القدس والاعاجم تسمیھا بیت المقدس واما عدة امیال الفصل بینھا وبین طرابلس فلا اعلمھا تحقیقا نعم یُعلم تقریبا نظرا علی الطرق والمنازل۔ وتختلف الطرق۔ الطریق الاول من طرابلس الی بیروت فمن طرابلس الی بیروت منزلین متوسطین (وقدر المنزل عندنا من الصباح الی قریب العصر) ومن بیروت الی صیدا منزل واحد ومن صیدا الی حیفا منزل واحد ومن حیفا الی عکا منزل واحد ومن عکا الی صور منزل واحد ویقال لبلاد الشام سوریة لنسبتہ الی

علیحدہ کر دیا ہے - اب مصنفین انصافاً بتلاوین کہ حضرت عیسے کی وفات پر اس سے زیادہ تر کیا ثبوت ہوگا اور کیا دنیا مین اس سے زیادہ تر منطقی فیصلہ ممکن ہے جو اس آیت نے کر دیا پھر اسکے مقابل پر یہودیون کی طرح خدا تعالیٰ کی پاک کلام کو تحریف کر کے اور گندے دل کے ساتھ اپنی طرف سے اسکے معنے گھڑنا اگر فسق اور الحاد کا طریق نہین ہے تو اور کیا ہے - انصاف یہ تھا کہ اگر اس قطعی اور یقینی ثبوت کو ماننا نہین تھا تو اسکو توڑ کر دکھلاتے - مگر ہمارے مخالفون نے ایسا نہین کیا اور تاویلات رکیکہ کر کے اور سچائی کے راہون کو بکلی چھوڑ کر ہم پر ثابت کر دیا کہ ان کو سچائی کی کچھ بھی پروا نہین ہے -

انہون نے انکار حیات عیسے کو کلمۂ کفر تو ٹھیرایا مگر آنکھ کھولکر نہ دیکھا کہ قرآن اور نبی آخر الزمان دونون متفق اللفظ واللسان حضرت عیسے کی وفات کے قائل ہین - امام مالک جیسے جلیل الشان امام قائل وفات ہوگئے اور امام بخاری جیسے مقبول الزمان امام حدیث نے محض وفات کے ثابت کرنے کے لئے دو متفرق مقامات کی آیتونکو ایک جگہ جمع کیا - ابن قیم جیسے محدث نے مدارج السالکین مین وفات کا اقرار کر دیا - ایسا ہی علامہ شیخ علی بن احمد نے اپنی کتاب سراج منیر مین اُنکی وفات کی تصریح کی - معتزلہ کے بڑے بڑے علما وفات کے قائل گذر گئے - پر ابھی تک

بقیہ حاشیہ

تلك البلدة في القديم - ثم من سود الى يافا منزل كبير وهي على ساحل البحر ومنها الى القدس منزل صغير والآن صنع الريل منها الى القدس ويصل القاصد من يافا الى القدس في اقل من ساعة فعدة المسافة من طرابلس الى القدس تسعة ايام مع الراحة واليها طرق من طرابلس واقربها طريق البحر بحيث لو ركب الانسان من طرابلس بالمركب الناري يصل الى يافا بيوم وليلة ومنها الى القدس ساعة في الريل والسلام عليكم ورحمة الله وبركاته ادام الله وجودكم وحفظكم وايدكم و نصركم على اعدائكم - امين - كتبه خادمكم محمد السعيدي الطرابلسي عفا الله عنه -

ترجمہ اے حضرت مولانا و امامنا السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ مین خدا تعالیٰ سے چاہتا ہون کہ آپکو شفا بخشے - (میری بیماری کی حالت مین یہ خط شامی صاحب کا آیا تھا) جو کچھ آپنے عیسے علیہ السلام کی قبر اور دوسرے حالات کے متعلق سوال کیا ہے سو مین آپ کی خدمت مین مفصل بیان کرتا ہون اور وہ یہ ہے کہ حضرت عیسے علیہ السلام بیت اللحم مین پیدا ہوئے اور بیت اللحم اور بلدہ قدس مین تین کوس کا فاصلہ ہے اور حضرت عیسے علیہ السلام کی قبر بلدہ قدس مین ہے - اور اب تک موجود ہے - اور اُسپر ایک گرجا بنا ہوا ہے اور وہ گرجا تمام گرجاؤن سے بڑا ہے اور اسکے اندر حضرت عیسے کی قبر ہے - اور اسی گرجا مین حضرت مریم صدیقہ کی قبر ہے - اور دونو قبرین علیحدہ علیحدہ ہین - اور بنی اسرائیل کے

ہمارے مخالفون کی نظر مین حضرت عیسےٰ کی حیات پر اجماع ہی رہا۔ یہ خوب اجماع ہے۔ خدا تعالےٰ اِن لوگون کے حال پر رحم کرے یہ تو حد سے گذر گئے۔ جو باتین اللہ اور رسول کے قول سے ثابت ہوتی ہین اُنہین کو کلمات کفر قرار دیا انا للہ وانا الیہ راجعون۔

اب ہم اس تقریر کو زیادہ طول دینا نہین چاہتے اور نہ ہم جتلانا چاہتے ہین کہ مولوی رسل بابا صاحب کا رسالہ حیات المسیح کسقدر بے بنیاد اور واہیات باتون سے پُر ہے۔ لیکن نہایت ضروری امر جسکے لئے ہمنے یہ رسالہ لکھا ہے یہ ہے کہ مولوی صاحب موصوف نے اپنے رسالہ مذکورہ مین محض عوام کا دل خوش کرنیکے لئے یہ چند لفظ بھی مُنہ سے نکالدیے ہین کہ اگر ہمارے دلائل حیات مسیح توڑ کر دکھلاوین تو ہم ہزار روپیہ دینگے۔ اگرچہ دلائل کا حال تو معلوم ہے کہ مولوی صاحب موصوف نے ناحق چند ورق سیاہ کرکے ایک قدیم پردہ اپنا فاش کیا اور ایسی بیہودہ باتین لکھین کہ بجز دو نام کے ہم تیسرا نام اُنکا رکھ ہی نہین سکتے۔ یعنے یا تو وہ صرف دعاوی ہین جنکو دلیل کہنا بیجا اور حمق ہے۔ اور یا یہودیون کیطرح قرآن شریف کی تحریف ہے۔ اس سے زیادہ کچھ نہین۔ اور معلوم ہوتا ہی کہ اُنکے دل مین بھی یہ یقین جما ہوا ہے کہ میری کتاب مین کچھ نہین اسلئے انہون نے اس پردہ پوشی کے لئے آخر کتاب کے کہہ بھی دیا ہے کہ میری کتاب سمجھ میں نہین آئیگی۔ جبتک کوئی سبقًا سبقًا مجھ سے نہ پڑھے۔ یہ کیون کہا صرف اسلئے کہ انکو معلوم تھا کہ میری کتاب دلائل شافیہ سے محض خالی اور طبل تہی ہے۔ اور ضرور جاننے والے

بقیہ حاشیہ

عہد مین بلدہ قدس کا نام یروشلم تھا اور اسکو اورشلم بھی کہتے ہین۔ اور حضرت عیسےٰ کے فوت ہونے کے بعد اس شہر کا نام ایلیا رکھا گیا اور پھر فتوح اسلامیہ کے بعد اسوقت تک اس شہر کا نام قدس کے نام سے مشہور ہے۔ اور عجمی لوگ اسکو بیت المقدس کے نام سے بولتے ہین۔ مگر طرابلس اور قدس مین جو فاصلہ ہے مین تحقیقی طور پر اُسکو بتلا نہین سکتا کہ کسقدر ہے۔ ہان راہون اور منزلون کے لحاظ سے تقریبًا معلوم ہے۔ اور طرابلس سے قدس کیطرف جانیکے کئی راہین ہین۔ ایک راہ یہ ہے کہ طرابلس سے بیروت کو جائین۔ اور طرابلس سے بیروت تک دو متوسط منزلین ہین۔ اور ہم لوگ منزل اسکو کہتے ہین جو صبح سے عصر تک سفر کیا جائے اور پھر بیروت سے صیدا تک ایک منزل ہے اور صیدا سے حیفا تک ایک منزل اور حیفا سے عکا تک ایک منزل اور عکا سے سور تک ایک منزل اور بلاد شام کو سوریہ اسی نسبت کی وجہ سے کہتے ہین۔ یعنی اس بلدہ قدیمہ کیطرف منسوب کرکے سوریہ نام رکھتے ہین۔ پھر سور سے یافا تک ایک منزل کبیر ہے اور یافا بحر کے کنارے پر ہے اور یافا سے قدس تک ایک چھوٹی سی منزل ہے۔ اور اب یافا سے قدس تک ریل طیار ہوگئی ہے۔ اور اگر ایک شخص یافا سے قدس کیطرف سفر کرے تو ایک گھنٹہ سے پہلے پہنچ جاتا ہے۔ سو اس حساب

جان جائینگے کہ اس مین کچھ نہین۔ لہذا التعلیق بالمحال کی طرح انہون نے یہ کہدیا کہ وہ دلائل جو ہینے لکھے ہین ایسے پوشیدہ ہین کہ وہ ہر ایک کو نظر نہین آئینگے صرف میری زبان اُنکی کنجی رہیگی اور جبتک کوئی میرے دروازہ پہ ایک مدت ٹھیر کر اور میری شاگردی اختیار کرکے اس مجموعہ بکواس کو سبقا سبقا مجھ سے نہ پڑھے تب تک ممکن ہی نہین کہ ان اوراق پراگندہ سے کچھ حاصل ہو سکے۔ ای فضول گو مولوی اگر تیرے دلائل ایسے ہی گور مین پڑے ہوئے اور تاریکی مین اُترے ہوئے ہین کہ وہ تیری کتاب مین ایک ذرہ ثبوت کیطرح اپنا وجود بتلا نہین سکتے تو ایسی بیہودہ اول فضول کتاب کے بنانے کی ضرورت ہی کیا تھی جب تجھے خود معلوم تھا کہ دلائل نہایت نکمے اور بے معنے ہین یہانتک کہ تیرے زبانی بکواس کے سوا بے نشان ہین تو ایسی کتاب کا لکھنا ہی بے سود تھا۔ بلکہ انکا دلائل نام رکھنا ہی بے محل اور جائے شرم اور یاوہ گوئی مین داخل ہے۔

اگرچہ اس پر فتن دنیا مین ہزارون طرح کے فریب ہو رہے ہین مگر ایسا فریب کسی نے کم سنا ہوگا کہ جو اس مولوی رسل بابا صاحب نے کیا کہ دلائل سمجھنے کے لئے شاگردی اور سبقا سبقا کتاب پڑھنے کی شرط لگا دی اور دل مین یقین کر لیا کہ یہ تو کسی دانا سے ہرگز نہین ہوگا کہ ایک نادان غبی کی شاگردی اختیار کرے اور اس کے شیطانی رسالہ کو سبقا سبقا اس سے پڑھے اس امید سے کہ حضرت مسیح کی زندگی کے دلائل ایسے پوشیدہ طور پہ اسکی کتاب مین چھپے ہوئے ہین کہ تمام دنیا اپنی آنکھون سے انکو دیکھ نہین سکتی اور نہ انکے رسالہ مین اُنکا کچھ پتا لگا سکتی ہے۔ اگرچہ ہزار بار کروڑ مرتبہ پڑھے اور نہ رسالہ مین انکا کچھ پتہ لگ سکتا ہے کہ کہان ہین صرف مصنف کی رہنمائی سے نظر آسکتے ہین۔ ورنہ قیامت تک پتہ لگنے سے نومیدی ہے۔

اے ناظرین کیا آپ لوگون نے کبھی اس سے پہلے بھی کوئی ایسی کتاب سُنی ہے جسکے دلائل کتاب مین درج ہو کر پھر بھی مصنف کی پیٹ مین ہی رہین۔ افسوس کہ آج کل کے ہمارے مولویون مین ایسی ہی بیہودہ مکاریان پائی جاتی ہین جن سے مخالفین کو ہنسی اور ٹھٹھے کا موقعہ ملتا ہے۔ اسکی وجہ یہی ہے کہ جو فاضل اور عالم اور واقعی اہل علم ہین وہ تو ان کوتہ اندیشون اور نادانون سے کنارہ کرکے ہماری طرف آتے جاتے ہین۔ بے نام کے مولوی جو اردو بھی

بقیہ حاشیہ

سے طرابلس سے قدس تک نودن کا سفر آرام کے ساتھ ہے مگر سمندر کا راہ نہایت قریب ہے۔ اور اگر انسان اگن بوٹ مین بیٹھ کر طرابلس سے قدس کو جانا چاہے تو یافا تک صرف ایک دن اور رات مین پہنچ جائیگا۔ اور یافا سے قدس تک صرف ایک گھنٹہ کے اندر۔ والسلام۔ خدا آپ کو سلامت رکھے اور نگہبان اور مددگار ہو اور دشمنون پر فتح بخشے۔ آمین۔ منہ۔

اچھی طرح لکھ نہیں سکتے اور قرآن کریم اور احادیث سے بیخبر ہیں وہ صرف آبائی تقلید کی وجہ سے ہمارے ایسے مخالف ہو گئے ہیں کہ خدا جانے ہم نے ان کے کس باپ یا دادے کو قتل کر دیا ہے۔ ان لوگوں کا رات دن کا وظیفہ گالیاں اور ٹھٹھا اور تکفیر ہے۔ گویا کبھی مرنا نہیں۔ کبھی پوچھے جانا نہیں کہ تم نے کیوں مسلمانوں کو کافر کہا۔ خدا تعالے سے لڑائی کر رہے ہین ضد سے باز نہین آتے۔ مگر ضرور تھا کہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کی یہ پیشگوئی بھی پوری ہوتی کہ مہدی معہود یعنے وہی مسیح موعود جب ظہور کریگا۔ تو اُسوقت کے مولوی اُس پر فتوئے کفر لکھینگے۔ اور پھر آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم فرماتے ہین کہ وہ لوگ فتوئے لکھنے والے تمام دنیا کے شریرون سے بدتر ہونگے اور روئے زمین پر ایسا کوئی بھی فاسق نہین ہوگا جیسا کہ وہ۔ اور ہرگز قبول نہین کرینگے مگر نفاق سے۔ افسوس کہ ان سادہ لوحون کو اتنی بھی سمجھ نہین کہ جو شخص اللہ اور رسول کے قول کے مطابق کہتا ہے وہ کیونکر کافر ہوجائے گا۔ کیا کوئی شخص اس بات کو قبول کرے گا کہ وہ ہزارہا اکابر اور اہل اللہ جو تیرہ سو برس تک یعنے ان دنون تک حضرت عیسٰے کا فوت ہوجانا مانتے چلے آئے وہ سب کافر ہی ہین۔ اور نعوذ باللہ امام مالک رضی اللہ عنہ بھی کافر ہین جنہون نے کروڑہا اپنے پیرؤن کو یہی تعلیم دی۔ اور نعوذ باللہ امام بخاری بھی کافر جنہون نے حضرت عیسٰے کی موت کی بارے مین اپنے صحیح مین ایک خاص باب باندھا۔ ابن قیم بھی کافر جنہون نے انکو حضرت موسیٰ کی طرح موتیٰ مین داخل کیا۔ اور ان بزرگون کے مسلمان جاننے والے بھی سب کافر۔ اور معتزلہ تمام کافر جنکا مذہب ہی یہی ہے کہ حضرت عیسٰے درحقیقت فوت ہو گئے۔

اے بھلے مانس مولویو کیا تمہین ایکدن موت نہین آئے گی جو شوخی اور چالاکی کی راہ سے سارے جہان کو کافر بنا دیا خدا تعالے تو فرماتا ہے کہ جو تمہین السلام علیکم کہے اسکو یہ مت کہو کہ لست مؤمنا یعنے اسکو کافر مت سمجھو وہ تو مسلمان ہی۔ لیکن تمنے اُن کو کافر ٹھہرایا جو تمام ایمانی عقاید مین تمہارے شریک ہین۔ اہل قبلہ ہین اور شرک سے بیزار اور مدار نجات رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کی پیروی جانتے ہین۔ اور پیروی سے مُنہ پھیرنے والے کو لعنتی اور جہنمی اور ناری سمجھتے ہین۔ اے شریر مولویو ذرہ مرنے کے بعد دیکھنا کہ اس جلد بازی کی شرارت کا تمہین کیا پھل ملتا ہے۔ کیا تمنے ہمارا سینہ چاک کیا اور دیکھ لیا کہ اندر کفر ہے ایمان نہین اور سینہ سیاہ ہے روشن نہین۔ ذرہ صبر کرو اس دنیا کی عمر کچھ بہت لمبی نہین۔

تمہارے نزدیک صرف چند فتنہ انگیز مولوی جو اسلام کے لئے جائے عار ہین مسلمان ہین اور باقی سارا جہان کافر۔ افسوس کہ یہ لوگ کسقدر سخت دل ہو گئے کیسے پردے انکے دلون پر پڑ گئے۔ یا الٰہی اس امت پر رحم کر اور ان مولویون شر

سے ان کو بچالے اور اگر یہ ہدایت کے لائق ہیں تو انکی ہدایت کرو ورنہ انکو زمین سے اٹھالے تا زیادہ شر نہ پھیلے اور یہ لوگ درحقیقت مولوی بھی تو نہیں ہیں تبھی تو ہمنے ان لوگون کے سرگروہ اور امام الفتن اور استاد شیخ محمد حسین بطالوی کو اپنے رسالہ نور الحق مین مخاطب کر کے کہا ہے کہ اگر اسکو عربیت مین کوئی حصہ نصیب ہے تو اس رسالہ کی نظیر بنا کر پیش کرے اور پانچ ہزار روپیہ انعام پاوے مگر شیخ نے اسطرف مُنہ بھی نہیں کیا حالانکہ شیخ مذکور ان تمام لوگون کے لئے بطور استاد کے ہے اور اُسی کی تحریکون سے یہ مردے جنبش کر رہے ہین۔ ہم بار بار کہتے ہین اور زور سے کہتے ہین کہ شیخ اور تمام اُسکے ذریات محض جاہل اور نادان اور علوم عربیہ سے بے خبر ہین۔ ہم نے تفسیر سورۃ الفاتحہ انہین لوگون کے امتحان کی غرض سے لکھی اور رسالہ نور الحق اگرچہ عیسائیون کی مولویت آزمانے کے لئے لکھا گیا مگر یہ چند مخالف یعنے شیخ محمد حسین بطالوی اور اسکے نقش قدم پر چلنے والے میان رسل بابا وغیرہ جو مکفّر اور بدگو اور بدزبان ہین اس خطاب سے باہر نہین ہین۔ الہام سے یہی ثابت ہوا ہے کہ کوئی کافرون اور مکفرون سے رسالہ نور الحق کا جواب نہین لکھ سکے گا۔ کیونکہ وہ جھوٹے اور کاذب اور مفتری اور جاہل اور نادان ہین۔

اگر یہ ہمارے الہام کو الہام نہین سمجھتے اور اپنے خبیث باطن کی وجہ سے اسکو ہماری بناوٹ یا شیطانی وسوسہ خیال کرتے ہیں تو رسالہ نور الحق کا جواب میعاد مقررہ مین لکھین اور اگر نہین لکھ سکتے تو ہمارا الہام ثابت۔ پھر جن لوگون نے اپنی نالیاقتی اور بے علمی دکھلا کر ہمارا الہام آپ ہی ثابت کر دیا تو وہ ایک طور سے ہمارے دعوے کو تسلیم کر گئے۔ پھر مخالفانہ بکواس قابل سماعت نہین اور ہماری طرف سے تمام پادریان اور شیخ محمد حسین بطالوی اور مولوی رسل بابا امرتسری اور دوسرے اُنکے سب رفقاء اس مقابلہ کے لئے مدعو ہین اور درخواست مقابلہ کے لئے ہمنے ان سبکو اخیر جون ۱۸۹۴ء تک مُہلت دی ہے۔ اور رسالہ بالمقابل شائع کرنے کے لئے روز درخواست سے تین مہینہ کی مُہلت ہے۔

پھر اگر اخیر جون ۱۸۹۴ء تک درخواست نکرین تو بعد اُسکے کوئی درخواست سُنی نہین جائے گی۔ اور نادانی انکی ہمیشہ کے لئے ثابت ہو جائیگی۔ اور مولویت کا لفظ ان سے چھین لیا جائیگا۔ لیکن اگر وہ ماہ جون ۱۸۹۴ء کے اندر بالمقابل

رسالہ بنانے کے لئے درخواست کریں تو تمام درخواست کنندوں کی ایک ہی درخواست سمجھی جائے گی اور صرف پانچ ہزار روپیہ جمع کرادیا جائیگا نہ زیادہ۔ اور ان میں سے جو لوگ رسالہ بالمقابل بنانے میں فتحیاب سمجھے جائیں گے۔ خواہ وہ عیسائی ہونگے اور یا یہ حق کے مخالف نام کے مولوی اور یا دونوں۔ وہ اس پانچ ہزار روپیہ کو آپسمیں تقسیم کرلینگے اور انکا اختیار ہوگا کہ سب اکٹھے ہوکر رسالہ بناویں غالبا اسطرح انکو آسانی ہوگی مگر آخری نتیجہ انکے لئے یہی ہوگا کہ خسر الدنیا والآخرۃ وسواد الوجہ فے الدارین۔ اور اگر ہم انکی اس درخواست کے آنیکے بعد جسپر کم سے کم دس مشہور رئیسوں کی گواہیاں ثبت ہونی چاہئیں اور جو کسی اخبار میں چھاپ کر ہمیں رجسٹری کرا کر پہنچانی چاہیئے۔ تین ہفتہ تک کسی بنک میں پانچ ہزار روپیہ جمع نکراویں تو ہم کاذب اور ہمارا سب دعوی کذب متصور ہوگا۔ کیونکہ زبانی انعام دینے کا دعوے کرنا کچھ چیز نہیں ایک کاذب بدنیت بھی ایسا کرسکتا ہے۔ سچا وہی ہے کہ جو اسکی زبان سے نکلا اُسکو کر دکھاوے۔ ورنہ لعنۃ اللہ علی الکذبین۔ لیکن اگر ہمنے روپیہ جمع کرادیا اور پھر نفاق پیشہ لوگ مقابل پر آنے سے بھاگ گئے تو اس بدعہدی کی باعث سے جو کچھ خرچہ ہمارے عائد حال ہوگا وہ سب براہ راست یا بذریعہ عدالت اُن سے لیا جائیگا اور نیز اس حالت میں بھی کہ وہ جواب لکھنے میں عہدہ برا نہو سکیں اسکا اقرار بھی انکی درخواست میں ہونا چاہیئے۔

اب ہم مولوی رسل بابا کی ہزار روپیہ کے انعام کا ذکر کرتے ہیں۔ ہم بیان کرچکے ہیں کہ مولوی رسل بابا صاحب نے اپنے رسالہ حیات المسیح و ہزار روپیہ انعام کی شرط سے شائع کیا ہے کہ جو شخص اُنکے دلائل کو توڑ دے اسکو ہزار روپیہ انعام دیا جائے۔ مگر مولوی صاحب موصوف نے اسی رسالہ میں یہ بھی بیان کر دیا ہے کہ وہ دلائل رسالہ مذکورہ میں ایک معما یا چیستان کیطرح مخفی رکھے گئے ہیں وہ کسیکو معلوم ہی نہیں ہوسکتے جبتک کوئی انہیں سے اس رسالہ کو سبقاً سبقاً نہ پڑھے۔ عقلمند معلوم کرگئے ہونگے کہ یہ باتیں کس غرض سے انکے منہ سے نکلی ہیں اور کونسا دل میں دھڑکا تھا جس سے ان روباہ بازیوں کی ضرورت ہوئی ہم تو ان باتوں کے سنتے ہی ڈائن کے اڑھائی حرف معلوم کرگئے اور سمجھ گئے کہ کس درد سے یہ سیاپا کیا گیا ہے اور کس خوف سے دلائل کا حوالہ اپنے پیٹ کی طرف دیا گیا ہے۔

بہرحال ہم انکو اس رسالہ کے ذریعہ سے فہمائش کرتے ہیں کہ وہ ماہ جون ۱۸۹۴ء کے اخیر تک ہزار روپیہ خواجہ یوسف شاہ صاحب اور شیخ غلام حسن صاحب اور میر محمود شاہ صاحب کے پاس یعنی بالاتفاق تینوں کے پاس جمع کراکر اُن کی دستی تحریر کے ساتھ ہمکو اطلاع دیں جس تحریر میں اُنکا یہ اقرار ہو کہ ہزار روپیہ ہمنے وصول کرلیا اور ہم اقرار کرتے ہیں کہ مرزا غلام احمد یعنی راقم ہذا کے غلبہ ثابت ہونے کے وقت یہ ہزار روپیہ ہم بلا توقف

مرزا مذکور کو دیدین گے اور رسل بابا کا اس سے کچھ تعلق نہوگا - اس تحریر کی اسلئے ضرورت ہے کہ تاہمین بکلی اطمینان ہوجائے اور سمجھ لین کہ روپیہ ثالثون کے قبضہ مین آگیا ہے اور تاہم اسکے بعد مولوی رسل بابا کے رسالہ کی بیخ کنی کرنے کے لئے مشغول ہوجائین - اور ہم قصہ کوتاہ کرنے کے لئے اس بات پر راضی ہین کہ **شیخ محمد حسین بطالوی** یا ایسا ہی کوئی نہر ناک مادہ والا فیصلہ کرنے کے لئے مقرر ہوجائے فیصلہ کے لئے یہی کافی ہوگا کہ **شیخ بطالوی** مولوی رسل بابا صاحب کے رسالہ کو پڑھ کر اور ایسا ہی ہمارے رسالہ کو اول سے آخر تک دیکھ کر ایک عام جلسہ مین قسم کھاجائین ور قسم کا یہ مضمون ہو کہ اے حاضرین بخدا مینے اول سے آخر تک دونو رسالون کو دیکھا اور مین خدا تعالے کی قسم کھاکر کہتا ہون کہ درحقیقت مولوی رسل بابا صاحب کا رسالہ یقینی اور قطعی طور پر حضرت عیسے کی زندگی ثابت کرتا ہے - اور جو مخالف کا رسالہ نکلا ہے اُسکے جوابات سے اسکے دلائل کی بیخ کنی نہین ہوئی - اور اگر مینے جھوٹ کہا ہے یا میرے دل مین اسکی برخلاف کوئی بات ہے تو میں دعا کرتا ہون کہ ایک سال کے اندر مجھے جذام ہوجائے یا اندھا ہوجاؤن یا کسی اور بُرے عذاب سے مرجاؤن فقط - تب تمام حاضرین تین مرتبہ بلند آواز سے کہین کہ آمین آمین آمین - اور جلسہ برخاست ہو -

پھر اگر ایک سال تک وہ قسم کھانے والا ان بلاؤن سے محفوظ رہا تو کمیٹی مقرر شدہ مولوی رسل بابا کا ہزار روپیہ عزت کے ساتھ اسکو واپس دیدے گی - تب ہم بھی اقرار شائع کرین گے کہ حقیقت مین مولوی رسل بابا نے حضرت مسیح علیہ السلام کی زندگی ثابت کردی ہے - مگر ایک برس تک بہرحال وہ روپیہ کمیٹی مقرر شدہ کے پاس جمع رہیگا - اور اگر مولوی رسل بابا صاحب نے اس رسالہ کے شائع ہونے سے دو ہفتہ تک ہزار روپیہ جمع نکرا دیا تو اُنکا کذب اور دروغ ثابت ہوجائے گا - تب ہر یک کو چاہئے کہ ایسے دروغ گو لوگون کی شر سے خدا تعالے کی پناہ مانگین - اور اُن سے پرہیز کرین

واضح رہے کہ اس مخالف گروہ سے ہمین عام طور پر تکلیف پہنچی ہے اور کوئی تحقیر اور توہین اور سب اور شتم نہین جو ان سے ظہور مین نہین آیا - جب تکفیر اور گالیون سے کوئی نقصان نہ پہنچا سکے تو پھر بددعاؤن کی طرف رخ کیا اور دن رات بددعائین کرنے لگے مگر ایسے بخیلون سیہ دلون کی ظالمانہ بددعائین کیونکر اس جناب مین قبول ہون جو دلون کے مخفی حالات جانتا ہے - آخر جب بددعاؤن سے بھی کام نہ نکل سکا تو خدا تعالے سے نومید ہوکر گورنمنٹ انگریزی کی طرف جھکے اور جھوٹی مخبریان کین اور مفتریانہ رسالے لکھے کہ اس شخص کے وجود سے فساد کا اندیشہ اور جہاد کا خوف ہے لیکن یہ دانا اور دقیقہ رس اور حقیقت شناس گورنمنٹ ایسی کم فہم تھوڑی تھی کہ ان چالاک حاسدون کے دھوکہ مین آجاتی - گورنمنٹ خوب جانتی ہے کہ ایسے عقیدے تو انہین لوگون سے

ہیں اور یہی لوگ ہیں جو صدہا برسوں سے کہتے چلے آئے ہیں کہ اسلام کو جہاد سے پھیلانا چاہئے اور نہ صرف اسیقدر بلکہ یہ بھی ان کا قول ہے کہ جب انکا فرضی مہدی ظہور کریگا یا کسی غار مین سے نکلیگا اور اسی زمانہ مین انکا فرضی عیسے بھی آسمان پر سے اترکر کوئی تیز حربہ کفار کے قتل کے لئے اپنے ساتھ ہی آسمان سے لائیگا تو دونون ملکر دنیا کے تمام کافرون کو قتل کرڈالین گے اور جس نے اسلام سے انکار کیا خواہ وہ یہود مین سے ہو یا نصاریٰ مین سے وہ تہ تیغ کیا جائیگا یہ ان لوگون کے بڑے پکے عقیدے ہین اگر شک ہو تو کسی مولوی کا عدالت مین حلفاً اظہار لیا جاوے تا عدالت پر کھل جاوے کہ کیا واقعی ان لوگون کے یہی عقیدے ہین یا ہمنے بیان مین غلطی کی ہے -

لیکن ہم گورنمنٹ کو بلند آواز سے اطلاع دیتے ہین کہ اس زمانہ مین جنگ اور جہاد سے دین اسلام کو پھیلانا ہمارا عقیدہ نہین ہے اور نہ یہ عقیدہ کہ جس گورنمنٹ کے زیر سایہ رہین اور اسکے ظل حمایت مین امن اور عافیت کا فائدہ اٹھاوین اور اُسکی پناہ مین رہکر اپنے دین کی بخوشی خاطر اشاعت کر سکین اُسی سے باغیون کی طرح لڑنا شروع کردین - کیا اس گورنمنٹ انگریزی مین ہم امن اور عافیت سے زندگی بسر نہین کرتے کیا ہم حسب مرضی دین کی اشاعت نہین کرسکتے کیا ہم دینی احکام بجالانے سے روکے گئے ہین - ہرگز نہین بلکہ سچ اور بالکل سچ یہ بات ہے کہ ہم جس کوشش اور سعی اور امن اور آزادی سے اسلامی وعظ اور نصائح بازارون مین کوچون گلیون مین اس مُلک مین کرسکتے ہین اور ہریک قوم کو حق پہنچا سکتے ہین یہ تمام خدمات خاص مکہ معظمہ مین بھی بجا نہین لاسکتے چہ جائیکہ کسی اور جگہ تو پھر کیا اس نعمت کا شکر کرنا ہم پر واجب ہے یا یہ کہ مفسدہ بغاوت شروع کردین -

سو اگرچہ ہم مذہب کے لحاظ سے اس گورنمنٹ کو بڑی غلطی پر سمجھتے اور ایک شرمناک عقیدہ مین گرفتار دیکھ رہے ہین تاہم ہمارے نزدیک یہ بات سخت گناہ اور بدکاری مین داخل ہے کہ ایسے محسن کے مقابل پر بغاوت کا خیال بھی دل مین لاوین - ہان بیشک ہم مذہبی لحاظ سے اس قوم کو صریح خطا پر اور ایک انسانی بناوٹ مین مبتلا دیکھتے ہین تو اس صورت مین ہم دعا اور توجہ سے اسکی اصلاح چاہتے ہین اور خدا تعالے سے مانگتے ہین کہ اس قوم کی آنکھین کھولے

اور انکی دلون کو منور کرے اور انہین معلوم ہو کہ انسان کی پرستش کرنا سخت ظلم ہے۔ حضرت مسیح علیہ السلام کیا ہین صرف ایک عاجز انسان اور اگر خدا تعالےٰ چاہے تو ایکدم مین کروڑہا ایسے بلکہ ہزارہا درجہ اُنسے بہتر پیدا کر دے وہ ہر چیز پر قادر ہے جو چاہتا ہے کرتا ہے اور کر رہا ہے۔ مشت خاک کو منور کرنا اسکے نزدیک کچھ حقیقت نہین جو شخص صاف دل سے اور کامل محبت سے اسکی طرف آئیگا۔ بیشک وہ اُسکو اپنے خاص بندون مین داخل کر لے گا۔ انسان قرب کے مدارج مین کہانتک پہنچ سکتا ہے اسکا کچھ انتہا ابھی ہی ہرگز نہین۔ اے مردون کے پرستارو زندہ خدا موجود ہے اگر اسکو ڈھونڈوگے پاؤگے۔ اگر صدق کے پیرون کے ساتھ چلوگے تو ضرور پہنچوگے۔ یہ نامردون اور مخنثون کا کام ہے کہ انسان ہو کر اپنے جیسے انسان کی پرستش کرنا۔ اگر ایک کو باکمال سمجھتے ہو تو کوشش کرو کہ ویسے ہی ہو جاؤ۔ نہ یہ کہ اُسکی پرستش کرو۔ مگر وہ انسان جس نے اپنی ذات سے اپنی صفات سے اپنے افعال سے اپنے اعمال سے اور اپنے روحانی اور پاک قویٰ کے پرزور دریا سے کمال تام کا نمونہ علماً و عملاً و صدقاً و ثباتاً دکھلایا۔ اور انسان کامل کہلایا بخدا وہ مسیح بن مریم نہین ہے۔ مسیح تو صرف ایک معمولی سا نبی تھا۔ ہان وہ بھی کروڑہا مقربون مین سے ایک تھا۔ مگر اُس عام گروہ مین سے ایک تھا اور معمولی تھا اس سے زیادہ نہ تھا۔ بس اس سے دیکھ لو کہ انجیل مین لکھا ہے کہ وہ یحییٰ نبی کا مرید تھا اور شاگردون کی طرح اصطباغ پایا۔
وہ صرف ایک خاص قوم کے لئے آیا۔ اور افسوس کہ اسکی ذات سے دنیا کو کوئی بھی روحانی فائدہ پہنچ نہ سکا۔ ایک ایسی نبوت کا نمونہ دنیا مین چھوڑ گیا جسکا ضرر اسکے فائدہ سے زیادہ ثابت ہوا اور اُسکے آنے سے ابتلا اور فتنہ بڑھ گیا۔ اور دنیا کے ایک حصہ کثیرہ نے ہلاکت کا حصہ لے لیا مگر اسمین شک نہین کہ وہ سچا نبی اور خدا تعالے کے مقربون مین سے تھا۔ مگر وہ انسان جو سب سے زیادہ کامل اور انسان کامل تھا اور کامل نبی تھا اور کامل برکتون کے ساتھ آیا جس سے روحانی بعث اور حشر کی وجہ سے دنیا کی پہلی قیامت ظاہر ہوئی اور ایک عالم کا عالم مرا ہوا اُسکے آنے سے زندہ ہو گیا وہ مبارک نبی **حضرت خاتم الانبیاء امام الاصفیاء ختم المرسلین فخر النبیین جناب محمد مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم** ہین۔ اے پیارے خدا اس پیارے نبی پر وہ رحمت اور درود بھیج جو ابتداء دنیا سے تو نے کسی پر نہ بھیجا ہو۔ اگر یہ عظیم الشان نبی دنیا مین نہ آتا تو پھر جسقدر چھوٹے چھوٹے نبی دنیا مین آئے جیسا کہ یونس اور ایوب اور مسیح بن مریم اور ملاکی اور یحییٰ اور زکریا وغیرہ وغیرہ ان کی سچائی پر ہمارے پاس کوئی بھی دلیل نہین تھی اگرچہ سب مقرب اور وجیہ اور خدا تعالےٰ کے پیارے تھے۔ یہ اُسی نبی کا احسان ہے کہ یہ لوگ بھی دنیا مین سچے سمجھے گئے۔ اللھم صل وسلم وبارک علیہ وآلہ واصحابہ اجمعین واخر دعوانا ان الحمد للہ رب العلمین ٥

الوصية لله لقوم لا يعلمون

ايها العلماء والمشائخ والفقهاء انی رأيت تعاميكم فی مصنفاتكم فتاجج قلبی
بجهلاتكم انكم تسيرون فی المعامی ولا تخافون جوب الحوامی وانی عفت
ان افصل حالاتكم وابيّن مقالاتكم انتعاميتم مع سلامة البصر وتجاهلتم
مع العلم والخبر كان عندكم العقل والفهم الصافی ـ ولكن النفس صارت ثالثة
الاثافی ـ ان حب العين سلب عينيكم والطمع فی كرم الناس محق كريمتيكم ـ
اقرءتم العلوم للقری وتعلّمتم لرغفان القریٰ ـ وباعدتم عن الاخلاص الذی
هو شعار الانبياء وحلية الاولياء ـ تركتم الشريعة واتبعتم النفس الدنية ـ
وصرتم قوما خاسرين ـ اكلتم الدنيا بانواع الدقاقين وما نجا من فخكم احد من
القبيل والدبير ـ طوراً تلدغون فی حلل الغطات واخری بالكلم المحفظات ـ واجد
فيكم ما يسم بالاخلاق وما اجد شيئاً من محاسن الاخلاق ـ فانا لله علی مصيبة
الاسلام والمحال ـ رياض خير الانام ـ وانا نكتب قصتكم متجرعا بالغصص ومتورعا
من مبالغات القصص انكم جعلتم الاسلام مصطبة المقيفين وخان المدرزين
والمشقشقين ـ اتقوا الله ويوم الاهوال وحلول الآفات وتغير الاحوال واذكروا
الحمام ومساورة الاعلال وفضوح الآخرة وسوء المآل واتركوا الكبر والعجب والخيلاء
فانها لا يزيدكم الا الغطاء ـ ولا تصح صفة العبودية الا بعد ذو يا نجذ بان الحية ما عنی
النفس الذی هو علی بحر السلوك كزبد فلا تطيعوا الزبد كعبد واطلبوا بحر ماء معين ـ
واعلم يا طالب الحق ان علماء السوء الاهم ما يخرجون من الفم هو اضر علی الناس من السم ومن

كل بلاء يوجد على وجه الارضين۔ فان السموم اذا ضربت فلا تضر الا الاجسام
واما كلامهم فيضر الارواح ويهلك العوام بل ضررهم اشد واكثر من ابليس اللعين
يلبسون الحق بالباطل ويسلون سيوف المكر كالقاتل ويصرون على كلمات
خرجت من افواههم وانكانوا على خطاء مبين۔ فاستعذ بالله منهم ومن كلماتهم
واجتنبهم وجهلاتهم وكن مع العلماء الصادقين۔ ولا تضحك على مواجيد الاولياء
والاسرار التى كشفت على تلك الاصفياء فانهم مظاهر نور الله وينابيع رب العلمين
واعلم انهم قوم صادقون فى الاحوال والمحفوظون فى الافعال والاعمال ويعلمون
من اشياء لا يعلمها عقل العلماء ويعطون من علم لا يعطى مثله احد من العقلاء فلا ينكرهم
الا الذى فيه بقية من مس الشيطان واثر من اثار الجان ولا يكفرهم الا الاعمى الذى
ليس همه الا تكفير الصالحين الا ان لله عبادا يحبهم ويحبونه اثرهم وملأ قلوبهم من
حبه وحب رضاته فنسوا انفسهم استغراقا فى محبة ذاته وصفاته فلا تعلو همتك
بايذاء قوم لا تعرفهم ومنازلهم انك لا تنظر اليهم الا كعين انهم خرجوا من خلق كان مشابه
خلق وجودك وسعوا الى مقام على وتباعد واعز حدودك ووصلوا امكانا لا تصل اليها
انظارك ولا تدركها افكارك ونزلوا بمنزلة لا يعلمها الا رب العلمين فلا تدخل فى اقوالهم
كمجترئين ولا تتحرك بسوء الظنون وقلة الادب بهم كالمعتدين فيعاديك ربك وتلحق بالخاسرين
فاياك يا اخى ان تقع فى ورطة الانكار وتلحق بالاشرار وتهلك مع الهالكين واعلم
ازكتا والله الرحمن كسبعة ابحر من انواع نكات العرفان يشرب منها كل طير بوسعه منقاره فيختار حقيرا
ولا يشرب الا قدرا يسيرا والذين وسع مداركهم عنايات ربهم فيشربون ماء كثيرا وهم
اولياء الرحمن واحباء احسن الخالقين يهب على قلوبهم نفحات الهية فيتعالى كلامهم
فيجهله عقول الذين ليسوا من العارفين والذين يعطون افعالا خارقة للعادة واعمالا

متعالية عن طور العقل والفكر والارادة فلا تعجب من ان يعطوا كلمات و رزقوا من نكات تعجز العلماء عن فهمها فلا تنهض كالمستعجلين وان كنت من الذين اراد الله بهم خيرا فبادر وسر اليهم سيرا اودع زورا وضيرا وكن من الحازمين وكم من كلمات نادرات يحفظانت تخرج من افواه اهل الله الهاما من الله مؤيد الملهمين فينهضون لله ويبلغونها ويشيعونها فتكون سبب مرضات الله كهف لماموين ثم تلك الكلمات بعينها بغير تغيير وتبديل تخرج من فم اخر فيصير قائلها من الذين تركوا الادب واجترءوا وصاروا من الفاسقين۔ فتادب مع اهل الله ولا تعجل عليهم ببعض كلماتهم وان لهم نيات لا تعرفها وانهم لا ينطقون الا باشارة ربهم فلا تهلك نفسك كالمجترئين لهم شان لا يفهم انسان فكيف مثالك فتان الا من سلك مسلكهم وذاق مذاقهم ودخل في سككهم فلا تنظر الى وجوه مشائخ الاسلام وكبراء الزمان فانهم وجوه خالية من نور الرحمن ومن نحى لعاشقين ولا تحسب كلمات المحدثين الملهمين ككلماتك او كلمات امثالك من المتعسفين فانها خرجت من انفاس طيبة ونفوس مطهرة ملهمة وهي قريب العهد من الله تعالى كثمر غض طري اخذ الان من شجرة مباركة للاكلين والقوم لما لم يفهموا كلمات لطيفة دقيقة حكمية الهية فعزوا اهلها الى الفساق والزنادقة والكفار واهل الاهواء فياحسرة عليهم وعلى تلك الاراء انهم قد هلكوا ان لم يتوبوا ولم يرجعوا منتهين والاحرار ينتقلون من القالب الى القلب وهم انتقلوا من القلب الى القالب ونبذوا كلما علموا وراء ظهورهم للبخل الغالب فاصبحوا كقشر لا لب فيه واكلوا الجيفة كالثعالب وكفروني ولعنوني من غير علم ليستروا الامر على الطالب وقالوا كافر كذاب واتبعوا داب الذين خلوا من قبلهم من اهل التباب وكانوا يقولون من قبل ان رجلا لا يخرج من الايمان باختلافات ليس فيها انكار تعليم القران وانما الحكم بالتكفير لمن صرح بالكفر واختار دينا وانكر دين الله القدير وجحد بالشهادتين كالاعداء اللئام

وخرج عن دين الاسلام وصار من المرتدين۔ وقالوا لو رأينا في هذا الرجل خيرا او اثرا من الدين ما
كفّرنا وما كذّبنا وما تصدّينا للتوهين۔ كلّا بل قست قلوبهم من الاصرار على الانكار ودعاوي
الرياء وفتاوى الاستكبار فطبع عليها الطابع وما وُفّقوا ان يرجعوا مع الراجعين۔ ولو شاء الله لأصلح
بالهم وطهّر مقالهم وجذبهم واراهم ضلالهم ولكنهم زاغوا واتّبعوا اهواءهم فغضب الله عليهم و
ازاغ قلوبهم وتركهم في ظلمات وجعلهم كصمّ وعمين۔ ايها المجهول اتّق الله وخف اولياء الله ولو دُ
ولا تخوّفك من الاسود واذا رأيت رجلا تبتّل الى الله وما بقي له شيء يشغله عن ربه فلا تتكلم فيه
ولا تجترء على سبّه أتحارب الله يا مسكين او تقتل نفسك كالمجانين واعلم ان اولياء الرحمٰن
يُطردون ويُلعنون ويُكفّرون في اوائل الزمان ويقال فيهم كل كلمة شر ويسمعون من قومهم
كل الهذيان ويسمعون اذى كثيرا من قومهم ومن اهل العدوان ويسمّونهم اجهل الناس واضلّ الناس
مع كونهم من اهل العارفة والعرفان ويسمّونهم دجّالين وعبدة الشيطان ثم يجعل الله الكرّة لهم ويؤيّدون
وينصرون ويبرّؤون مما يقولون ويأتيهم الدولة والنصرة من عند الله في اخر ايامهم من الله
المنان وكذلك جرت عادة الله الديّان ثم يجعل العاقبة للمتقين واذا جاء نصره فترى
قلوب الناس كأنها اُعطيت خلقا جديدا وبُدّلت تبديلا [illegible] الارض مخضرّة
بعد موتها والعقول [illegible] بعد سخافتها والاذهان صافية والصدور مطهّرة باذن [illegible] و
معين۔ فيسعون اليهم بالمحبة والوداد نادمين من ايام العناد ويقولون [illegible]
تائبين انا تبنا فاغفر لنا ربنا انا كنا خاطئين ومن يرحم الا هو وهو ارحم الراحمين هذا
مآل الذين سعدوا وفتحت عينهم وجذبوا۔ واما الذين شقوا فلا يرون [illegible]
[illegible] عذاب مهين۔ ربّ ربنا انا آمنّا وصدّقنا كلامك وقد ترى [illegible] واغفر زلّاتنا
وثبّت عهدنا ونعال على ميقاتنا وانصرنا على القوم الكافرين۔ وصلّ وسلّم وبارك
على رسولك خاتم النبيين آمين ربنا آمين ؏

هذه رسالة مباركة المسماة

كرامات الصادقين

ولمن يأت برسالة مثلها فله إنعام

الف من الورق غير مقلد

كان أو من المقلدين

وانتها

قد طبعت بفضل الله ورحمته في بنجاب في پريس سيالكوت

باهتمام المنشي غلام قادر الفصيح مالك المطبع والحمد لله رب العالمين



أيها المكفرون الذين أصروا على تكذيبي وهموا بتمزيق جلابيبي اعلموا هداكم الله أن هذه الرسالة معيار لتنقيد
أمري وأمركم فإن كنتم لا تتناهون عن سب بكم ولا تخافون قهر ربكم وتظنون أنكم أعلام الشريعة وأشياخ
الطريقة وعلماء الملة وفضلاء الأمة فأتوا برسالة من مثلها إن كنتم صادقين وإن لم تفعلوا ولن تفعلوا
فاتقوا الله الذي ترجعون إليه واتقوا نارا تأكل أحشاء المجرمين ـ ووالله إني ما ألفت هذه الرسالة
لكسر نخوتكم وإطفاء شعلة رعونتكم وكنت أطيق على رؤية ذلتي ومساغ غصتي ولكني أردت أن أظهر كيفية
علمكم على المنصفين ـ فقبلت مكافاتي وتصديت من درر البيان لبانتي فإن نأوتم وأتيتم بكلام من مثله
فلكم الألف بل أزيد عليه عشرين درهما للغالبين ـ ووالله إني ما أرى فيكم إلا أجبال القرائح وأكداء
المدائح والمائح وما أرى عندكم من ماء معين ـ وأعجبني أنكم مع كونكم خاوي الوفاض من المعارف الأدبية تستكبرون
ولا تستحيون ولا تتبعون محجة المتقين ـ فوالذي بعثني لألزمكم وأفحمكم لقد سألت الله أن يحكم بيني وبينكم
ويوهن كيد الكاذبين ـ وما عرضت عليكم درهما ودينارا إلا اختبارا فإن ناضلتموني في تفسير أو نظم فهو لكم
حتما واعلموا أن الله يخزيكم ويري الخلق جهلكم ويريكم ما كنتم تكذبون وتستعلون مستكبرين ـ وقد نظمت
هذه القصائد بارتجال من غير إمهال في بلدة عنبرسر وكان ثم مشاهد حزب من المسلمين ولكني
أمهلكم إلى شهرين من وقت إشاعة هذه الرسالة وأرقب ما تجيبون أتولون الدبر أو تكونون من المناضلين
إن شيخ البطالة دعاني غضبان فنهضت إليه عجلان وقلت قم فإني أتيت الآن ودانيته بالمصالح المنقد
ولكني أعلم أنه من قوم عمين ـ وهذه رسالة قد أودعت دقائق القرآن وضمخت بطيب العرفان وسقي إليه
شرب من تسنيم الجنان وسفرت عن مرآى وسيم وأرج نسيم وترائت بوجه حسين ـ لعلها
أزرت بالجمان وصليت القلوب بالنيران وهيجت البلابل في صدور المعاندين وكتبتها لئلا
يبقى للجدال مطرح ولا للمراء مسرح وليتبين الحق وليستبين سبيل المجرمين ـ وآخر دعوانا
أن الحمد لله رب العالمين ٥



بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الحمد للہ الذی لا تدرکہ الابصار وھو یدرک الابصار۔ وتتباعد الافکار عن فہم کنہہ تباعد اللیل من النہار۔ الذی دعی الناس بالقرآن ورسولہ المصطفیٰ الی مادبۃ الجفلیٰ۔ من اھل الحضارۃ والفلا۔ والصلوٰۃ والسلام علیٰ حبیبہ محمد خاتم النبیین وفخر المرسلین۔ الذی جاء بالحجج والبراھین۔ واسعف الناس بحاجاتہم ویمم اصلاح العالمین۔ فکم من مخلوق الی الھوی دخل فی الروحانیین۔ وکم من ذی لسان سلیط۔ وغیظ مستشیط صار من المھذبین المطھرین۔ اللھم فصل علیٰ ھذا الرسول النبی الامی الذی فاق الرسل کلھم فی کمالاتہ۔ وحاز کل فضیلۃ فی سیرہ وصفاتہ۔ والف بین قلوب کانوا یداجون ولا یخلصون۔ واصلح قوما کانوا یشرکون ولا یوحدون۔ وطھر اناسا کانوا یفجرون ولا یتقون۔ ویثیرون مطایا نفوسھم ولا یسیرون

فی سبل اللہ ولایتیقظون ۔ وکان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم امیاً لم یقرء شیئاً
من علوم الدنیا والدین وبلغ اشدہ فی قوم امیین وعمین ۔ ولم یر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم
وجہ العالمین العارفین ۔ بل لم یرم عن وجارہ ۔ ولا ظعن عن الفہ وجارہ ۔
ومع ذالک سبق العالمین والعالمین فی عقلہ وعلومہ وبرکاتہ وفیوضہ وانوارہ
حتی غمرت مواہب ھدایتہ المشارق والمغارب ۔ والاجانب والاقارب ۔
واطال کل ذی ذیل ذیلہ الی برکاتہ ۔ وامتدت ایدی الناس الی افاداتہ وخیراتہ
فاری الناس سبل السلام ۔ ونجاھم من المسالک الشاغرۃ وطرق الظلام ۔
وطہرھم من شعب النفاق والشقاق والنزاع والمشاجرۃ وسیرا للسیامۃ و
بصر العیون ۔ واحسن الظنون ۔ ونجی المسجون ۔ حتی القی فی روع الناس
الاستسلام ۔ وثبط جذبات کفرھم وثبت الاقدام ۔ ونشطھم الی الثبات
والاستقامۃ واقام ۔ فابصروا وسرّوا اسبلہم ومنازلہم وتخیروا المناخ ۔ و
وردوا الورد النقاخ ۔ وزکوا ومحصوا وطہروا حتی سموا اخیار الناس ۔ وخلصوا
من کل نوع النعاس ۔ وکملوا فی العلم الباطنی والخبر الروحانی الی ان اترعوا بالمعارف
الاکیاس ۔ وحصحص فیہم نور منیر الناس ۔ وبدلت شیمھم وقرائحہم ۔ ونورت
نفوسہم ونشرت مدائحہم ۔ واعتلقوا بالنبی الکریم اعتلاق الاثمار بالاعواد
ولووا اعنتہم من طرق الفساد الی مناھج السداد ۔ حتی وصلوا منازل القرب
والمحبۃ والوداد ۔ وبلغوا وانتہوا الی کمالات قدرھا اللہ للعباد ۔
فالحمد للہ الذی ھدی عبادہ بہذا الرسول النبی الامی المبارک واحیی بہ
العالمین ۔

اما بعد واضح ہو کہ موافق اس سنت غیر متبدلہ کے کہ ہر ایک غلبہ تاریکی کے وقت خدا تعالی
اس اُمّت مرحومہ کی تائید کیلئے توجہ فرماتا ہے اور مصلحت عامہ کے لئے کسی اپنے بندہ کو خاص
کر کے تجدید دین متین کے لئے مامور فرما دیتا ہے یہ عاجز بہی اِس صدی کے سر پر خدا تعالی
کیطرف سے مجدّد کا خطاب پا کر مبعوث ہوا اور جس نوع اور قسم کے فتنے دنیا مین پہیل رہے تھے
اُنکے رفع اور دفع اور قلع قمع کے لئے وہ علوم اور وسایل اس عاجز کو عطا کئے گئے کہ جبتک
خاص عنایت آلہی انکو عطا نہ کرے کسیکو حاصل نہین ہو سکتے مگر افسوس کہ جیسا قدیم سے ناتمام اور
ناقص الفہم علماء کی عادت ہے کہ بعض اسرار اپنے فہم سے بالاتر پا کر منبع اسرار کو کافر ٹھہراتے رہے ہین ایسا ہی
راہ پر اس زمانہ کے بعض مولوی صاحبون نے بہی قدم مارا اور ہر چند نصوص قرآنیہ وحدیثیہ سے سمجھایا گیا -
مگر ایک ذرہ بہی صدق کی روشنی انکے دلون پر نہ پڑی بلکہ برعکس اسکے تکفیر اور تکذیب کے بارہ مین
جوش دکہلایا کہ نہ صرف کافر کہنے پر کفایت کی بلکہ اکفر نام رکہا اور ایک مومن اہل قبلہ کے خلود جہنم
پر فتوے لکہے اِس عاجز نے بار بار خداوند کریم کی قسمین کہا کر بلکہ مسجد مین جو خانہ خدا ہے بیٹھکر
اُنپر ظاہر کیا کہ مین مسلمان ہون اور اللہ جلشانہ اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے فرمودہ پر ایمان لاتا ہون
مگر ان بزرگون نے قبول نکیا اور کہا کہ یہ منافقانہ اقرار ہے خاصکر انہیں سے جو میان محمد حسین بٹالوی
ہین انہون نے تو اپنی ضد کو کمال تک پہنچا دیا اور کہا کہ اگر مین بچشم خود نشان بہی دیکہون تو مین ہرگز
مسلمان نہ سمجھونگا اور ہمیشہ کافر کہتا رہونگا چنانچہ بعض نشان بہی ظاہر ہوئے مگر حضرت بٹالوی
صاحب نے انکا نام استدراج یا نجوم رکہا اور ہر ایک طور سے لوگون کو دہوکے دئیے چنانچہ منجملہ اُن
دہوکون کے ایک یہ بہی ہے کہ یہ شخص بالکل جاہل اور علوم عربیہ سے بالکل بے بہرہ ہے اور مع ذالک
دجال اور مفتری جو خدا تعالی سے بہی کچہ مدد نہین پا سکتا اور اپنی عربی دانی کو بہت کروفر سے بیان
کیا تا اس وجہ سے سبکی عظمت دلون مین جم جاوے اور اس عاجز کو ایک جاہل اور امّی اور علوم عربیہ سے

بیگانہ اور ملعون اور مفتری قرار دیکر یہ چاہا کہ عوام پر تمام راہیں نیک ظنی کی بند ہو جائیں لیکن عجیب
قدرت خداوند تعالی ہے کہ اس امر میں بھی اُسنے نہ چاہا کہ بطالوی صاحب اور انکے ہم مشرب علماء کی
کچھہ عزت اور راستی ظاہر ہو سو اگرچہ میں درحقیقت امیوں کی طرح ہوں لیکن محض اسنے اپنے فضل سے علم ادب
و دقایق و حقایق قرآن کریم میں میری **وہ مدد** کی کہ میرے پاس ایسے الفاظ نہیں ہیں کہ میں اُس خداوند
کا شکر ادا کر سکوں اور مجھہ کو بشارت دی کہ اگر میاں بطالوی یا کوئی دوسرا اُسکا ہم مشرب مقابلہ پر
آئے تو شکست فاش اُٹھا کر سخت ذلیل ہوگا اسی بنا پر مینے **اشتہار دیا** کہ میاں بطالوی پر واجب
ہے کہ میرے مقابل پر قرآن کریم کی ایک سورت کی **تفسیر** عربی فصیح بلیغ میں لکھے جو دس
جزو سے کم نہ ہو اور نیز ایک **قصیدہ** نعت نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم میں پیش کرے جو سو
شعر ہو اور ایسا ہی میرے پر واجب ہوگا کہ میں بھی اسی سورۃ کی تفسیر عربی فصیح بلیغ میں لکھوں
اور نیز سو شعر کا قصیدہ بھی نعت آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم میں تیار کروں اور پھر اگر عند المقابلہ
والموازنہ میاں بٹالوی صاحب کی تفسیر اور اُن کا قصیدہ میری تفسیر اور قصیدہ سے افصح اور ابلغ
اور اتم اور اکمل ثابت ہوا تو میں اپنے دعوے سے توبہ کروں گا اور سمجھہ لوں گا کہ خدا تعالی نے
بٹالوی صاحب کی تائید کی اور اپنی کتابیں جلا دونگا اور اگر میں غالب ہوا تو بٹالوی صاحب کو اقرار
کرنا پڑیگا کہ وہ اپنے اِن بیانات میں سراسر کاذب اور دروغگو تھے کہ یہ شخص مفتری اور دجال
اور کافر اور ملعون ہے اور نیز علوم عربیہ سے ایسا جاہل کہ ایک صیغہ بھی درست طور پر نہیں آتا اور
ساتھ اسکے مینے یہ بھی لکھا تھا کہ اگر کوئی شخص ہم میں سے اِس مقابلہ سے مُنہہ پھیرے یا بیجا
حجتوں اور حیلوں سے اس طریق آزمایش کو ٹال دیوے تو اسپر خدا تعالی کی **دس لعنتیں**
ہوں مگر افسوس کہ بٹالوی صاحب نے اِن لعنتوں کی کچھہ بھی پروا نہیں کی۔ اور کئی عہد اور وعدے
توڑ کر آخر حیلہ جوئی کے طور پر یہ جواب دیا کہ اول ہم آپ کی عربی تالیفوں کو آزمائش کی نظر سے

دیکہین گے کہ وہ سہو اور نسیان سے مبرا ہین یا نہین اور کوئی غلطی صرف اور نحو کی رو سے انہین پائی جاتی ہے یا نہین اگر نہین پائی جائیگی تو پہر بالمقابل تفسیر لکہنے اور ستر شعر کا قصیدہ بنانے مین کچہہ عذر نہ ہوگا۔ مگر دانشمندون نے سمجہہ لیا کہ بٹالوی صاحب نے اپنی جان بچانے کیلئے یہ حیلہ نکالا ہے کیونکہ ان کو خوب معلوم ہے کہ عربی یا فارسی کی کوئی مبسوط تالیف سہو اور غلطی سے خالی نہین ہو سکتی اور حیلہ جو کیلئے کوئی نہ کوئی لفظ گو سہو کاتب ہی سہی حجت پیش کرنیکے لئے ایک سہارا ہو سکتا ہے اور معلوم ہوتا ہے کہ انہون نے بہت ہاتہہ پیر مار کر اور مثل مشہور مرتا کیا نہ کرتا پر عمل کر کے یہ شرمناک عذر پیش کر دیا اور اپنے دل کو اس بازاری چال بازی سے خوش کر لیا کہ کسی ایک سہو کاتب یا فرض کرو اتفاقاً کسی غلطی کے نکلنے سے یہ حجت ہاتہہ آجائیگی کہ اب غلطی تمہاری کسی کتاب میں نکل آئی اسلئے اب بحث کی ضرورت نہین ہی۔ لیکن افسوس کہ بٹالوی صاحب نے یہ نہ سمجہا کہ نہ مجہے اور کسی انسان کو بعد انبیاء علیہم السلام کے معصوم ہونیکا دعوے ہے۔ جو شخص عربی یا فارسی مین مبسوط کتابین تالیف کریگا ممکن ہے کہ حسب مقولہ مشہورہ قلما سلم مکثار کے کوئی صرفی یا نحوی غلطی اس سے ہو جائے اور بباعث خطاء نظر کے اس غلطی کی اصلاح نہ ہو سکے اور یہ بہی ممکن ہے کہ سہو کاتب سے کوئی غلطی چہپ جائے اور بباعث ذہول بشریت مولف کی اس پر نظر نہ پڑے پہر اس بیکار نکتہ چینی مین دونون فریق کی علمی طاقتون کا موازنہ کیونکر ہو۔ غرض بٹالوی صاحب کے ایسے بیہودہ جوابات سے یقینی طور پر معلوم ہو گیا کہ علم تفسیر اور علم ادب مین قسام حقیقی نے انکو کچہہ بہی حصہ نہین دیا اور بجز لعن وطعن اور چال بازی کی مشق کے اور کچہہ بہی ان کے دل اور دماغ اور زبان کو لوازم انسانیت نہین ملی اسیوجہ سے اول مجہہ ان کے اس قسم کے تعصبات کو دیکہہ کر دل مین یہ خیال آیا تہا کہ اب ہمیشہ کے لئے ان سے اعراض کیا جائے لیکن عوام کا یہ غلط خیال دور کرنے کیلئے کہ گویا میان محمد حسین بٹالوی یا دوسرے مخالف مولوی جو اس بزرگ کے ہمشرب ہین علم ادب اور حقائق تفسیر کلام

الٰہی مین ید طولی رکھتے ہین قرین مصلحت سمجھا گیا کہ اب آخری دفعہ **اتمام حجت** کے طور پر بٹالوی صاحب اور اُن کے ہمشرب سری علماء کی عربی دانی اور حقایق شناسی کی حقیقت ظاہر کرنیکے لئے یہ رسالہ شایع کیا جاوے اور واضح ہو کہ اس رسالہ مین **چار قصائد** اور ایک تفسیر **سورۃ فاتحہ** کی ہے اور اگرچہ یہ قصاید صرف ایک ہفتہ کے اندر بنائے گئے ہیں بلکہ حق یہ ہے کہ **چند ساعت** مین لیکن بٹالوی صاحب اور انکے ہمشرب مخالفون کیلئے محض اتمام حجت کی غرض سے پوری ایک ماہ کی مہلت دیکر یہ اقرار شرعی قانونی شایع کیا جاتا ہے کہ اگر وہ اس رسالہ کی اشاعت سے **ایکماہ کے عرصہ** اسکے مقابل پر اپنا فصیح بلیغ رسالہ شایع کر دین جسمین اسی تعداد کے موافق اشعار عربیہ ہون جو ہمارے اس رسالہ مین ہین اور ایسے ہی حقایق اور معارف اور بلاغت کے التزام سے سورہ فاتحہ کی تفسیر ہو جو اس رسالہ مین لکھی گئی ہے تو اُن کو **ہزار روپیہ انعام دیا جائیگا** ورنہ آیندہ ان کو یہ دم مارنے کی گنجایش نہیں ہوگی کہ وہ ادیب اور عربی دان ہین یا قرآن کریم کی حقایق شناسی مین کچھ بھی انکو مس ہے اور میں نے سنا ہے کہ یہ گروہ علماء کا اپنے اپنے مکانوں میں بیٹھ کر اس عاجز کو ایک طرف تو کاذب اور دجال اور کافر ٹھہراتے ہین اور ایکطرف یہ بھی کہتے ہیں کہ یہ شخص سراسر جاہل ہے اور علم عربی سے بکلی بیخبر۔ سو اس مقابلہ سے بتمام تر صفائی ظاہر اور ثابت ہو جائیگا کہ اس بیان میں یہ لوگ کاذب ہیں یا صادق اور چونکہ ان لوگوں کے دلوں میں دیانت اور خدا ترسی نہین اسلئے اب میں نہیں چاہتا کہ بار بار انکی طرف توجہ کروں۔ اور اگرچہ میں ایک صریح کشف کی رو سے ایسے متعصب اور کجدل لوگوں کے ساتھ مباحثات کرنیسے روکا گیا ہون جسکا ذکر میری کتاب **آئینہ کمالات اسلام** میں چھپ چکا ہے لیکن یہ مقابلہ نشان ثانی کے طور پر ہے اور بلحاظ تورع و تقویٰ آیندہ یہ عہد بھی کرتا ہون کہ اگر اب میاں محمد حسین بٹالوی یا کسی دوسرے مولوی نے

بغیر کسی حیلہ و حجت کے میرے اِن قصائد اور تفسیر کے مقابل پر عرصہ ایکماہ تک اپنے قصائد اور تفسیر
شائع نہ کی تو پھر ہمیشہ کے لئے اس قوم سے اعراض کرونگا - اور اگر اِس رسالہ کے مقابل پر میاں
بٹالوی یا کسی اور اُنکے ہم مشرب نے سیدہی نیت سے اپنی طرف سے قصائد اور تفسیر سورہ فاتحہ تالیف
کرکے بصورت رسالہ شایع کردی تو مین سچے دل سے وعدہ کرتا ہون کہ اگر ثالثوں کی شہادت سے
یہ ثابت ہو جاوے کہ اِن کے قصائد اور انکی تفسیر جو سورہ فاتحہ کے دقایق اور حقایق کے متعلق
ہوگی میرے قصائد اور میری تفسیر سے جو اُسی سورہ مبارکہ کے اسرار لطیفہ کے بارہ میں ہے
ہر پہلو سے بڑہکر ہے تو مین **ہزار روپیہ** نقد اُنہین سے ایسے شخص کو دونگا جو روز اشاعت سے
ایکماہ کے اندر ایسے قصائد اور ایسی تفسیر بصورت رسالہ شایع کرے اور نیز یہ بھی اقرار کرتا ہوں کہ بعد
بالمقابل قصائد اور تفسیر شایع کرنیکے اگر اِن کے قصائد اور انکی تفسیر نحوی و صرفی اور علم بلاغت
کی غلطیوں سے مبرا نکلے اور میرے قصائد اور تفسیر سے بڑہکر نکلے تو پھر باوصف اپنے اس کمال کے
اگر میرے قصائد اور تفسیر بالمقابل کے کوئی غلطی نکالین گے تو فی غلطی **پانچ روپیہ** انعام
بھی دونگا - مگر یاد رہے کہ نکتہ چینی آسان ہے ایک جاہل بھی کرسکتا ہے مگر نکتہ نمائی مشکل -
تفسیر لکھنے کے وقت یہ یاد رہے کہ کسی دوسرے شخص کی تفسیر کی نقل منظور نہیں ہوگی بلکہ وہی
تفسیر لائق منظوری ہوگی جسمین حقایق و معارف جدیدہ ہون بشرطیکہ کتاب اللہ اور فرمودہ رسول اللہ
صلی اللہ علیہ وسلم سے مخالف نہ ہوں - اللہ جلشانہ قرآن کریم کی تعریف مین صاف فرماتا ہے کہ اسمین
ہر یک چیز کی تفصیل ہے پھر معارف اور حقایق کا کوئی حصہ کیونکر اُس سے باہر رہ سکتا ہے - ماسوا اسکے
خدا تعالی کا قانون قدرت بھی یہی شہادت دے رہا ہے کہ جو کچھ اُس سے صادر ہوا ہے خواہ ایک
مکھی ہو وہ بے انتہا عجائبات اپنے اندر رکھتا ہے پھر کیا ایک ایماندار یہ رائے ظاہر کرسکتا ہو کہ ایک
مکھی یا پتھر کی بناوٹ تو ایسی اعلیٰ درجہ کی ہے کہ اگر قیامت تک تمام فلاسفر اُسکے خواص عجیبہ کے دریافت

کرنیکے بارہ مین سوچتے چلے جائین تب بھی اُن کو یہ دعوے نہیں پہونچتا کہ جس قدر
اُنہیں خواص تھے اُنہون نے معلوم کر لیئے ہین لیکن قرآن کریم کی عبارتین صرف سطحی خیالات تک
محدود ہین جو ایک جاہل مُلا اپنی سرسری نظر ڈالکر دعوی کرسکتا ہے کہ جو کچھہ قرآن مین تھا مینے معلوم
کر لیا۔ خداتعالی کا قانون قدرت ہرگز بدل نہین سکتا اور آسکی مخلوقات مین سے ایک پتہ بھی ایسا نہین
جسکو چند معلومہ خواص مین محدود کہہ سکین بلکہ اسکی ہریک مخلوق خواص غیر محدودہ اپنے اندر رکھتی ہے
اور اسیوجہ سے ہریک مخلوق مین صفت بینظیری پائی جاتی ہے اور اگر تمام دنیا اسکی نظیر بنانا چاہے
تو ہرگز اسکے لئے میسّر ہو جیساکہ قرآن کریم مین اللہ تعالی نے آپ فرمادیا ہے کہ مکھی بنانے پر بھی کوئی
قادر نہین ہوسکتا۔ کیون قادر نہین ہوسکتا اسکی یہی تو وجہ ہے کہ مکھی مین بھی اس قدر عجائبات صنعت
صانع ہین کہ انسانی طاقتون بلکہ تمام مخلوق کی قوتون سے بڑھکر ہین پھر خداتعالی کا کلام کیون ایسا گرا
ہوا اور ادنی درجہ کا سمجھا جاوے کہ جو اپنے خواص اور حقایق کے رو سے مکھی کے درجہ پر بھی نہین۔ کیا
یہی کلام نہین جسکی حق مین خداتعالی فرماتا ہے **قل لئن اجتمعت الجن**
والانس علی ان یاتوا بمثل ھذا القرآن لا یاتون
بمثلہ ولو کان بعضھم لبعض ظھیرا یعنے اگر جن و انس
اس بات پر اتفاق کرین کہ اس قرآن کی نظیر بناوین تو ہرگز بنا نہین سکینگے اگرچہ وہ ایک دوسرے کی
مدد بھی کرین۔ بعض نادان مُلا اخذ لہم اللہ کہا کرتے ہین کہ یہ بینظیری صرف بلاغت کی متعلق ہے
لیکن ایسے لوگ سخت جاہل اور دلون کے اندھے ہین اسمین کیا کلام ہے کہ قرآن کریم اپنی بلاغت
اور فصاحت کے رو سے بھی بینظیر ہے لیکن قرآن کریم کا یہ منشا نہین ہے کہ اسکی بینظیری صرف
اسیوجہ سے ہی بلکہ اس پاک کلام کا یہ منشا ہے کہ جن جن صفات سے وہ متصف کیا گیا ہی ان تمام

صفات کے رو سے وہ بےنظیر ہے مگر یہ حاجت نہیں کہ وہ تمام صفات جمع ہو کر بےنظیری پیدا ہو بلکہ ہر ایک صفت جداگانہ بےنظیری کی حد تک پہنچی ہوئی ہے اب ضروری سمجھ کر قرآن کریم کی وہ صفات کاملہ جو اس پاک کلام میں مندرج ہیں جنکی رو سے قرآن کریم بےنظیر کہلاتا ہے بطور نمونہ کسی قدر ذیل میں لکھی جاتی ہیں اور وہ یہ ہیں۔

الر تلك ايات الكتاب الحكيم۔ يهدي الى الحق والى طريق مستقيم۔ ان هو الا ذكر للعالمين۔ لمن يشاء منكم ان يستقيم۔ ما فرطنا في الكتاب من شيء۔ هذا بصائر للناس وهدى ورحمة لقوم يوقنون۔ فلا اقسم بمواقع النجوم وانه لقسم لو تعلمون عظيم۔ انه لقران كريم في كتاب مكنون لا يمسه الا المطهرون۔ اصلها ثابت وفرعها في السماء تؤتي اكلها كل حين۔ ان هذا القران يهدي للتي هي اقوم۔ انه لقول فصل۔ لا ريب فيه۔ حكمة بالغة۔ ومهيمنا۔ هدى للناس وبينات من الهدى والفرقان۔ وانه لتذكرة للمتقين۔ وانه لحق اليقين۔ وما هو على الغيب بضنين۔ قد جاءكم من الله نور وكتاب مبين۔ يهدي به الله من اتبع رضوانه سبل السلام ويخرجهم من الظلمات الى النور باذنه ويهديهم الى صراط مستقيم۔ هو الذي ارسل رسوله بالهدى ودين الحق ليظهره على الدين كله۔ يا ايها الناس قد جاءكم برهان من ربكم وانزلنا اليكم نورا مبينا۔ اليوم اكملت لكم دينكم واتممت عليكم نعمتي ورضيت لكم الاسلام دينا۔ الله نزل احسن الحديث كتابا متشابها مثاني تقشعر منه جلود الذين يخشون ربهم ثم تلين جلودهم وقلوبهم الى ذكر الله ذلك هدى الله يهدي به من يشاء۔ قل الله يهدي الى الحق۔ انزل الكتاب بالحق والميزان۔

انزل من السماء ماءً فسالت اودية بقدرها۔ وما انزلنا عليك الكتاب الا لتبين لهم الذي اختلفوا فيه۔ هو الذي ينزل على عبده ايات بينات ليخرجكم من الظلمت الى النور۔ يايها الناس قد جاءتكم موعظة من ربكم وشفاء لما في الصدور۔ كتاب انزلناه اليك مبارك ليدبروا اياته وليتذكر اولوا الالباب وتنذر به قوما لدا۔ وكل شيء فصلناه تفصيلا۔ وبالحق انزلناه وبالحق نزل۔ وانه لكتاب عزيز لا ياتيه الباطل من بين يديه ولا من خلفه۔ جعلناه نورا نهدي به من نشاء من عبادنا۔ تبيانا لكل شيء۔ روحا من امرنا۔ بلسان عربي مبين۔ فيها كتب قيمة۔ قل لئن اجتمعت الجن والانس على ان ياتوا بمثل هذا القران لا ياتون بمثله ولو كان بعضهم لبعض ظهيرا۔

خلاصہ ترجمہ ان تمام آیات کا یہ ہے کہ قرآن حکیم ہے یعنی حکمت سے بھرا ہوا ہی۔ راہ رست کی تمام منازل طے کرا دیتا ہے اور ذکر للعالمین ہے یعنی ہر ایک قسم کی فطرت کو اُسکے کمالات مطلوبہ یاد دلاتا ہے اور ہر ایک رتبہ کا آدمی اُس سے فائدہ اُٹھاتا ہے جیسے ایک عامی ویسا ہی ایک فلسفی یہ اُس شخص کیلئے اُترا ہے جو انسانی استقامت کو اپنے اندر حاصل کرنا چاہتا ہے یعنی انسانی درخت کی جس قدر شاخیں ہیں یہ کلام اُن سب شاخوں کا پرورش کرنیوالا اور حد اعتدال پر لانیوالا ہی۔ اور انسانی قوی کے ہر ایک پہلو پر اپنی تربیت کا اثر ڈالتا ہے۔ کوئی صداقت اس سی باہر نہیں۔ اسکی تعلیمیں بصیرت بخشتی ہیں اور ایمان لانیوالوں کو وہ راہ دکہاتی ہین جس سی ایمان قوی ہوتا ہی اور رحمانیت اور رحیمیت الہی اُنکے شامل حال ہو جاتی ہی۔ جس سی وہ ایمان سے عرفان کے درجہ تک پہنچتے ہیں اور پہر اللہ تعالے فرماتا ہے کہ میں مواقع النجوم کی قسم کہاتا ہون اور یہ بڑی قسم ہی اگر تمہیں علم ہو اور قسم اسبات پر ہی کہ یہ قرآن عظیم الشان کتاب ہے اور اسکی تعلیمات سنت اللہ کے مخالف نہیں

بلکہ اسکی تمام تعلیمات کتاب مکنون یعنی صحیفہ فطرت مین لکھی ہوئی ہین اور اسکے دقایق کو وہی لوگ معلوم کرتے ہین جو پاک کیئے گئے ہین (اس جگہ اللہ جلشانہ نے مواقع النجوم کی قسم کہا کر اس طرف اشارہ کیا کہ جیسے ستارے نہایت بلندی کی وجہ سے نقطون کیطرح نظر آتے ہین مگر وہ اصل مین نقطون کیطرح نہین بلکہ بہت بڑے ہین ایسا ہی قرآن کریم اپنی نہایت بلندی اور علو شان کی وجہ سے کم نظرون کے آنکہون سے مخفی ہے اور جن کی غبار دور ہو جاوے وہ انکو دیکہتے ہین اور اس آیت میں اللہ جلشانہ نے قرآن کریم کے دقایق عالیہ کیطرف بہی اشارہ فرمایا ہے جو خدا تعالی کے خاص بندون سے مخصوص ہیں جنکو خدا تعالی اپنے ہاتہہ سے پاک کرتا ہے اور یہ اعتراض نہیں ہو سکتا کہ اگر علم قرآن مخصوص بندون سے خاص کیا گیا ہے تو دوسرون سے نا فرمانی کیحالت میں کیونکر مواخذہ ہوگا کیونکہ قرآن کریم کی وہ تعلیم جو مدار ایمان ہے وہ عام فہم ہے جسکو ایک کافر بہی سمجہہ سکتا ہے اور ایسی نہیں ہے کہ کسی پڑہنے والے سے مخفی رہ سکے اور اگر وہ عام فہم نہ ہوتی تو کارخانہ تبلیغ ناقص رہجاتا۔ مگر حقایق معارف چونکہ مدار ایمان نہین صرف زیادت عرفان کے موجب ہین اسلئے صرف خواص کو اس کوچہ میں راہ دیا کیونکہ وہ در اصل مواہب اور روحانی نعمتین ہیں جو ایمان کے بعد کامل الایمان لوگوں کو ملا کرتی ہین۔) پہر بعد اسکے فرمایا کہ کلمات قرآن کے اس درخت کی مانند ہین جسکی جڑہ ثابت ہو اور شاخیں اسکی آسمان میں ہوں۔ اور وہ ہمیشہ اپنے وقت پر اپنا پہل دیتا ہے یعنی انسان کی سلیم فطرت اسکو قبول کرتی ہے اور آسمان میں شاخون کے ہونیسے یہ مراد ہے کہ بڑے بڑے معارف پر مشتمل ہے جو قانون قدرت کے موافق ہین اور ہمیشہ پہل دینے سے یہ مراد ہے کہ دائمی طور پر روحانی تاثیرات اپنے اندر رکہتا ہے۔ اور پہر فرمایا کہ یہ قرآن اس سیدہی راہ کی ہدایت دیتا ہے جسمین ذرا کجی نہین اور انسانی سرشت سے بالکل مطابقت رکہتی ہے۔ اور در حقیقت قرآن کی خوبیون مین سے یہ ایک بڑی خوبی ہے کہ وہ ایک کامل دائرہ کیطرح بنی آدم کی تمام فوائے

پر محیط ہو رہا ہے اور آیت موصوفہ مین سیدہی راہ سے وہی راہ مراد ہے کہ جو راہ انسان کی فطرت سے
نہایت نزدیک ہے یعنے جن کمالات کے لئے انسان پیدا کیا گیا ہی اُن تمام کمالات کی راہ اسکو دکہلا دینا
اور وہ راہین اُسکے لئے میسر اور آسان کردینا جنکے حصول کیلئے اُسکی فطرت مین استعداد رکہی گئی ہے
اور لفظ اَقْوَم سے آیت یھدی للتی ھی اقوم مین یہی راہین مراد ہے۔ پہر بعد اسکے
فرمایا کہ قرآن کریم تمام جہگڑون کا فیصلہ کرتا ہے اور یہ قول ہی اس بات کیطرف اشارہ ہی کہ اسمیں تمام
اقسام حکمت الٰہی کے موجود ہیں کیونکہ جو کتاب خود ناقص اور بعض معارف سے خالی ہو وہ عام طور پر
الہیات کے مخطیون اور مصیبوں کیلئے قاضی اور حَکَم نہین ٹہر سکتی بلکہ اُسی وقت حکم ٹہر سکی کہ جب
جامع جمیع علوم حکمیہ ہوگی۔ اور پہر فرمایا کہ یہ قرآن تمام شکوک سے پاک ہی اور اسکی تعلیمات مین شک اور شبہ
کو راہ نہیں یعنے علوم یقینیہ سے پُر ہے۔ اور پہر فرمایا کہ یہ قرآن وہ حکمت ہی جو اپنے کمال کو پہنچی ہوئی
ہے اور تمام آلہی کتابوں پر حاوی ہے اور تمام معارف دینیہ کا اسمیں بیان موجود ہے وہ ہدایت
کرتا ہے اور ہدایت پر دلایل لاتا ہے اور پہر حق کو باطل سے جدا کرکے دکہلا دیتا ہے اور وہ
پرہیزگاروں کو اُنکی نیک استعدادین جو اُنمین موجود ہین یاد دلا دیتا ہے اور اسکی تعلیم یقین کے
مرتبہ پر ہے اور وہ غیب گوئی مین بخیل نہیں ہے یعنے اُسمین امور غیبیہ بہت بہرے ہوئے ہین اور پہر
صرف اتنا نہیں کہ اپنے اندر ہی امور غیبیہ رکہتا ہے بلکہ اسکا سچا پیرو بہی منجانب اللہ الہام پاکر
امور غیبیہ کو پا سکتا ہے اور یہ فیض اسی پاک کتاب کا ہی جو بخیل نہین ہی اور دوسری کتابین اگرچہ
منجانب اللہ ہی ہوں مگر اب وہ بخیل کا ہی حکم رکہتی ہیں جیسے انجیل اور توریت کہ اب اُنکی پیروی کرنیوالا
کوئی نور حاصل نہیں کرسکتا بلکہ انجیل تو عیسائیوں سے ایک ٹہٹہا کررہی ہے کیونکہ جو عیسائی ایمانداروں کی
علامتیں انجیل نے ٹہرائی ہیں کہ وہ ناقابل علاج بیماروں یعنی مادرزاد اندہوں اور مجذوموں اور
لنگڑون اور بہروں کو اچہا کرینگے اور پہاڑوں کو حرکت دینگے اور زہر کہانے سے نہیں مرینگے یہ علامتین

عیسائیوں مین نہیں پائی جاتین بلکہ حضرت عیسیٰ نے یہ بات کہہ کر کہ اگر رائی کے دانہ کے برابر بھی
تم مین ایمان ہو تو یہ تمام کام جو مین کرتا ہون تم کروگے بلکہ مجھہ سے زیادہ کروگے اِس بات پر مہر لگا دی کہ تمام
عیسائی بے ایمان ہین اور جب بے ایمان ہوئے تو اُن کو یہ حق نہین پہنچتا کہ کسی سے سچائی دین
کے بارے مین بحث کرین جبتک پہلے اپنی ایمانداری ثابت نہ کرلین کیونکہ انکی حالت یہ گواہی
دے رہی ہے کہ بوجہ نہ پائے جانے قرار دادہ علامتون کے یا تو وہ بے ایمان ہین اور یا وہ شخص
کاذب ہے جسنے ایسی علامتین اُنکے لئے قرار دین جو انمیں پائی نہیں جاتین اور دونوں طور کے
احتمال کی رو سے ثابت ہوتا ہے کہ عیسائی لوگ سچائی سے بکلی دور و مہجور و بے نصیب ہین
مگر قرآن کریم نے اپنی پیرون کے لئے جو علامتین قرار دی ہین وہ صدہا مسلمانوں میں پائی
جاتی ہین جس سے ثابت ہوگیا کہ قرآن کریم خدا تعالیٰ کا برحق کلام ہے لیکن اگر عیسائیون کو
ایماندار مان لیا جاوے تو ساتھہ ہی ماننا پڑیگا کہ انجیل موجودہ کسی ایسے شخص کا کلام ہے کہ جو جھوٹی
پیشگویون کے سہارے سے اپنے گروہ کو قایم رکھنا چاہتا ہے مگر یاد رہے کہ اس تقریر سے حضرت
مسیح علیہ السلام پر ہمارا کوئی حملہ نہین کیونکہ ہم جانتے ہیں کہ اگر یہ باتین حضرت مسیح کیطرف سے
ہیں تو اُنہون نے ایمانداروں کی یہ نشانیان لکھدین پھر اگر کوئی ایمانداری کو چھوڑ دے تو
حضرت مسیح کا کیا قصور۔ بلکہ حضرت مسیح نے اِن علامات کے لباس مین عیسائیون کی بے ایمان
ہو جانیکے زمانہ کی ایک پیشگوئی کر دی ہے یعنی یہ کہدیا ہے کہ جب اے عیسائیو تمہارے پر ایسا زمانہ
آوے کہ تم میں یہ علامتین نہ پائی جاوین تو سمجھو کہ تم بے ایمان ہوگئے اور ایک رائی کے دانہ کے
برابر بھی تم میں ایمان نہ رہا۔ اسمین شک نہین کہ ہمارے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے ظہور سے پہلے
عیسائیون کے بعض خواص افراد مین یہ علامتین پائی جاتی تھین اور خوارق اُن سے ظہور مین آتے تھے
لیکن آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ بعثت مین جب وہ لوگ بہ باعث قبول کرنے اُس آفتاب

صداقت کی بے ایمان ہوگئے اور ایک رائی کے دانہ کے برابر بہی ایمان نرہا تب عموماً بے ایمانی کی علامتین اُنہین ظاہر ہوگئین۔ مسلمانون کو لازم ہے کہ جبتک عیسائی اقاموا التوراة والانجیل کا اپنے تئین مصداق ثابت نکرین یعنی ایمانداری کی علامتین نہ دکہلائین تب تک بار بار اُن سے یہی مؤاخذہ کرین کہ وہ اُن علامات قرار دادہ انجیل کے روسے اپنا ایماندار ہونا ہمین کہلا دین انسے یہ پوچہنا چاہئے کہ تم کس دین کیطرف بلاتے ہو آیا اِس انجیلی دین کیطرف جسکی قبول کرنیوالون کی یہ علامتین لکہی ہین کہ روح القدس اُنکو ملتی ہے اور ایسے ایسے خوارق وہ دکہلاتے ہین اگر وہی دین ہے تو بہت خوب وہ علامتین دکہلاؤ۔ اور اول اپنے تئین ایک ایماندار عیسائی ثابت کرو اور پہر اُس روشن اور مدلل ایمان کیطرف دوسرون کو بلاؤ اور جبکہ اُس ایمان کی علامتین ہی موجود نہین تو نجات جسکا ملنا اسی ایمان پر مبنی ہے اسی طرح باطل ہوگی جیسا کہ تمہارا ایمان باطل ہے۔ اور جہوٹے ایمان کا ثمرہ سچی نجات نہین ہوسکتی بلکہ جہوٹی نجات ثمرہ ہوگی جو جہنم سے بچا نہین سکتی۔ غرض کوئی عیسائی بحیثیت عیسائی ہونیکے بحث کرنیکا حق نہین رکہتا جبتک انجیلی نشانیون کے ساتہہ اپنے تئین سچا عیسائی ثابت نہ کرے وانی لہم ذالک ۔

پہر ہم بقیہ آیات کریمہ کا ترجمہ کرکے لکہتے ہین کہ خدا تعالی فرماتا ہے کہ یہ قرآن اور رسول ایک نور ہے جو تمہاری طرف آیا یہ کتاب ہر یک حقیقت کو بیان کرنیوالی ہے خدا اسکی ساتہہ اُن لوگون کو سلامتی کی راہ دکہلاتا ہے جو خدا تعالی کی مرضی کی پیروی کرتے ہین اور وہ انکو ظلمات سے نور کیطرف نکالتا ہے اور سیدہی راہ جو اُس تک پہنچتی ہے انکو دکہلاتا ہے سو وہی خدا ہے جس نے اپنے رسول کو اس ہدایت اور دین حق کے ساتہہ بہیجا ہے تا اِس دین کو تمام دینون پر غالب کرے ۔ اے لوگو! قرآن ایک برہان ہے جو خدا تعالی کی طرفسے تمکو ملی ہے اور ایک کہلا کہلا نور ہے جو تمہاری طرف اُتارا گیا ہے۔ آج تمہارے لئے دین کامل کیا گیا اور تمپر سب نعمتین پوری کیگئی ہین

اور میری رضامندی اسمین محدود ہو گئی کہ تم دین اسلام پر قایم ہو جاؤ۔ خدا نے نہایت کامل
اور پسندیدہ کلام تمہاری طرف آتارا اِس کتاب مین یہ خاصیت ہے کہ یہ کتاب متشابہ ہے یعنی اسکی تعلیمات
نہ باہم اختلاف رکھتی ہین اور نہ خدا تعالی کے قانون قدرت سے منافی ہیں بلکہ جو کمال انسان کیطبع
اسکی فطرت اور اُسکے قوی کے لحاظ سے ضروری ہے اسی کمال کے مناسب حال اِس کتاب کی تعلیم
ہے اور یہ صفت توریت اور انجیل کی تعلیم مین نہین پائی جاتی۔ توریت مین حد سے زیادہ سختی اور
انتقام پر زور ڈالا گیا ہے اور وہ سختی مطیع اور نافرمان اور دوست اور دشمن دونوں کے حق مین
ایسے طور سے تجویز کیگئی ہے جس سے معلوم ہوتا ہے کہ توریت کی تعلیم کو خاص قوم اور خاص زمانہ
کے لحاظ سے یہ مجبوری پیش آگئی تہی کہ سید ہے اور عام قانون قدرت کے موافق توریت کی احکام
اُن قوموں کو کچھہ بہی فایدہ نہین پہنچا سکتے تہے۔ اِسی لحاظ سے توریت نے اندرونی طور پر یعنی اپنی
قوم کے ساتھ یہ سختی کی کہ انتقامی احکام پر زور ڈال دیا اور عفو اور در گذر گویا یہودیوں کے لئے
حرام کیطرح ہو گئے۔ اور دانت کے عوض اپنے بہائی کا دانت نکال ڈالنا داخل ثواب سمجھا گیا اور حقوق
اللہ مین بہی بہت سخت اور گویا فوق الطاقت تکلیفین جنسی معیشت اور تمدن مین حرج ہو رکہی گئین
ایسا ہی بیرونی احکام توریت کے بہی زیادہ سخت تہی جنکی رو سے مخالفون اور نافرمانوں کے دیہات
اور شہر پھونکے گئے اور کئی لاکہہ بچے قتل کئے گئے اور بڈہوں اور اندہون اور لنگڑوں اور ضعیف
عورتوں کو بھی نہ تیغ کیا گیا۔ اور انجیل کی تعلیم مین حد سے زیادہ نرمی اور رحم اور در گذر فرض کیطرح
ٹہرائے گئے۔ چنانچہ بیرونی طور پر اگر دشمن دین حملہ کرین تو انجیل کی رو سے مقابلہ کرنا حرام ہے
گو وہ اُن کے روبرو انکے قوم کے نرمون اور ضعیفوں کو ٹکڑے ٹکڑے کردین اور اُنکے بچون کو
قتل کر ڈالین اور اُنکی عورتوں کو پکڑ کر لیجائیں اور ہر طرح سے بیحرمتی کرین اور اُن کے معابد کو
پہونک دین اور اُنکی کتابوں کو جلا دین غرض کیسے ہی اُنکی قوم کو تہ و بالا کر دین مگر دشمن مذہب کے

ساتھ لڑائی کا حکم نہیں۔ایساہی اندرونی طور پر بھی انجیل میں قوم کی باہمی حفظ حقوق کے لئے یا مجرم کو پاداشس جرم کیلئے کوئی سزا اور قانون نہیں۔اور صرف رحم اور عفو اور درگذر کے پہلو پر اگرچہ جیمن مت سی بہت کم مگر تاہم اس قدر زور ڈال دیا گیا ہے کہ دوسرے پہلوؤں کا گویا خیال بھی نہیں اگرچہ ایک گال پر طمانچہ کہا کر دوسری بھی پھیر دینا ایک نادان کی نظر میں بڑی عمدہ تعلیم معلوم ہوگی مگر افسوس کہ ایسے لوگ نہیں سمجھتے کہ کیا کسی زمانہ کے لوگوں نے اسپر عمل بھی کیا اور اگر بفرض محال عمل کیا تو کیا بھی آبادی رہی اور لوگوں کی جان ومال اور امن میں کچھ خلل نہ ہوا ـــ کیا یہ تعلیم دنیا کے پیدا کرنیوالے کے اس قانون قدرت کے مطابق ہے جسکی طرف انسانوں کی طبائع مختلفہ محتاج ہیں۔کیا نہیں دیکھتے کہ تمام طبائع جرائم کی سزا دینے کی طرف بالطبع جھک گئیں اور ہر یک سلطنت نے انسداد جرائم کے لئے بھی قانون مرتب کئے جو مجرموں کو قرار واقعی سزا دیجائے اور کسی ملک کا انتظام بجز قوانین سزا کے مجرد رحم سے چل نہ سکا۔آخر عیسائی مذہب نے بھی اس رحم اور درگذر کی تعلیم سے بیزار ہوکر وہ خونریزیاں دکھلائیں کہ شاید انکی دنیا میں نظیر نہیں ہوگی اور جیسے ایک پل ٹوٹ کر اردگرد کو تہ آب کر دیتا ہے ایساہی عیسائی قوم نے درگذر کی تعلیم کو چھوڑ کر کام دکھلائے۔سوان دونوں کتابوں کا ناتمام اور ناقص ہونا ظاہر ہے لیکن قرآن کریم اخلاقی تعلیم میں قانون قدرت کے قدم بہ قدم چلا ہے۔رحم کی جگہ جہاں تک قانون قدرت اجازت دیتا ہے رحم ہے اور قہر اور سزا کی جگہ اسی اصول کے لحاظ سے قہر اور سزا اور اپنی اندرونی اور بیرونی تعلیم میں ہر یک پہلو سے کامل ہے اور اسکی تعلیمات نہایت درجہ کے اعتدال پر واقعہ ہیں جو انسانیت کے سارے درخت کی آبپاشی کرتی ہیں نہ کسی ایک شاخ کی۔اور تمام قوی کی مربی ہیں نہ کسی ایک قوت کی۔اور درحقیقت اسی اعتدال اور موزونیت کی طرف اشارہ ہے جو فرمایا ہے **کتابًا متشابهًا**۔پھر بعد اس کے **مثانی** کے لفظ میں اسبات کیطرف اشارہ ہے کہ قرآن کریم کی آیات معقولی اور

روحانی دونو طور کی روشنی اپنے اندر رکھتی ہین۔ پھر بعد اسکے فرمایا کہ قرآن میں اس قدر عظمت حق کی بھری ہوئی ہے کہ خدا تعالیٰ کی آیتوں کی سننے سے اُن کے دلوں پر قشعریرہ پڑ جاتا ہے اور پھر انکی جلدیں اور اُن کے دل یاد الہی کیلئیے نکلتے ہیں۔ اور پھر فرمایا کہ یہ کتاب حق ہے اور نیز میزان حق یعنے یہ حق بھی ہے اور اسکے ذریعہ سے حق شناخت بھی ہوسکتا ہے۔ اور پھر فرمایا کہ خدا تعالیٰ نے آسمان پر سے پانی اُتارا پس اپنے اپنے قدر پر ہر یک وادی بہ نکلی یعنی جسقدر دنیا مین طبایع انسانی ہیں قرآن کریم اُنکے ہر یک مرتبہ فہم اور عقل اور ادراک کی تربیت کرنیوالا ہے اور یہ امر مستلزم کمال تام ہے کیونکہ اِس آیت میں اِس بات کیطرف اشارہ ہے کہ قرآن کریم اِس قدر وسیع دریائے معارف ہے کہ محبت الہی کے تمام پیاسے اور معارف حقہ کی تمام تشنہ لب اُسی سے پانی پیتے ہیں۔ اور پھر فرمایا کہ ہمنے قرآن کریم کو اسلئے اُتارا ہے کہ تا جو پہلی قوموں میں اختلاف ہو گئی ہیں انکا اظہار کیا جاوے۔ اور پھر فرمایا کہ یہ قرآن ظلمت سے نور کی طرف نکالتا ہے۔ اور اُسمیں تمام بیماریوں کی شفا ہے اور طرح طرح کی برکتیں یعنے معارف اور انسانوں کو فائدہ پہنچانیوالے امور اسمیں بھرے ہوئے ہیں اور اس لایق ہے کہ اسکو تدبر سے دیکھا جائے اور عقلمند اسمیں غور کریں اور سخت جھگڑا لو اِس سے ملزم ہوتے ہیں اور ہر یک شے کی تفصیل اسمین موجود ہے۔ اور یہ ضرورت حقہ کے وقت نازل کیا گیا ہے۔ اور ضرورت حقہ کی ساتھ اُترا ہے اور یہ کتاب عزیز ہے باطل کو اسکے آگے پیچھے راہ نہیں اور یہ نور ہے جس کے ذریعہ سے ہدایت دی جاتی ہے اِسمیں ہر یک شے کا بیان موجود ہے اور یہ رُوح ہے اور یہ کتاب عربی فصیح بلیغ میں ہے اور تمام صداقتیں غیر متبدل اِسمیں موجود ہیں انکو کہدے کہ اگر جن و انس اسکی نظیر بنانا چاہیں یعنے وہ صفات کاملہ جو اس کے بیان کیگئی ہیں اگر کوئی انکی مثل بنی آدم اور جنات مین سے بنانا چاہین تو یہ اُن کے لئیے ممکن نہ ہوگا اگرچہ ایک دوسری کی مدد بھی کرین +

اب اسقدر تو ثابت ہوا کہ قرآن کریم صرف اپنی بلاغت و فصاحت ہی کے رو سے بینظیر نہیں بلکہ اپنی اُن تمام خوبیوں کی رو سے بینظیر ہے جن خوبیوں کا جامع وہ خود اپنی تئیں قرار دیتا ہے اور یہی صحیح بات بھی ہے کیونکہ خدا تعالیٰ کیطرف سے جو کچھ صادر ہے اُسکی صرف ایک خوبی ہی بےمثل نہیں ہونی چاہیئے بلکہ ہر یک خوبی بےمثل ہوگی۔ بلاشبہ جو لوگ قرآن کریم کو غیر محدود حقایق اور معارف کا جامع نہیں سمجھتے وہ ماقدروا القرآن حق قدرہٖ میں داخل ہیں۔ خدا تعالیٰ کی پاک اور سچی کلام کو شناخت کرنیکے یہ ایک ضروری نشانی ہے کہ وہ اپنی جمیع صفات میں بےمثل ہو کیونکہ ہم دیکھتے ہیں کہ جو چیز خدا تعالیٰ سے صادر ہوئی ہے اگر مثلاً ایک جو کا دانہ ہے وہ بھی بےنظیر ہی اور انسانی طاقتیں اُسکا مقابلہ نہیں کرسکتیں اور بےمثل ہونا غیر محدود ہونے کو مستلزم ہے یعنی ہر یک چیز اُسی حالت میں بےنظیر ٹھہر سکتی ہے جبکہ اُسکی عجائبات اور خواص کی کوئی حد اور کنارہ نظر نہ آوے اور جیسا کہ ہم بیان کرچکے ہیں یہی خاصیت خدا تعالیٰ کی ہر یک مخلوق میں پائی جاتی ہے مثلاً اگر ایک درخت کے پتے کی عجائبات کی ہزار برس تک بھی تحقیقات کیجائے تو وہ ہزار برس ختم ہو جائیگا مگر اُس پتے کے عجائبات ختم نہیں ہونگے اور اسمیں سر یہ ہے کہ جو چیز غیر محدود قدرت سے وجود پذیر ہوئی ہے اُسمیں غیر محدود عجائبات اور خواص کا پیدا ہونا ایک لازمی اور ضروری امر ہے اور یہ آیت کہ قل لو کان البحر مداداً لکلمات ربی لنفد البحر قبل ان تنفد کلمات ربی ولو جئنا بمثلہ مدداً اپنے ایک معنے کی رو سے اسی امر کی مؤید ہے کیونکہ مخلوقات اپنے مجازی معنوں کی رو سے تمام کلمات اللہ ہی ہیں اور اسی کی بنا پر یہ آیت ہے کہ کلمتہ القاھا الی مریم کیونکہ ابن مریم میں دوسری مخلوقات میں سے کوئی امر زیادہ نہیں اگر وہ کلمۃ اللہ ہے تو آدم بھی کلمۃ اللہ ہے اور اسکی اولاد بھی کیونکہ ہر یک چیز کن فیکون کے کلمہ سے پیدا ہوئی ہے اسیطرح مخلوقات کی صفات اور خواص بھی کلمات ربی ہیں یعنے مجازی معنوں کی رو سے کیونکہ وہ تمام کلمہ کن فیکون سے نکلے ہیں

سوا ان معنون کے رو سے اِس آیت کا یہی مطلب ہوا کہ خواص مخلوقات بیحد اور بے نہایت ہین اور جبکہ ہر یک چیز اور ہر یک مخلوق کے خواص بیحد اور بے نہائت ہین اور ہر یک چیز غیر محدود عجائبات پر مشتمل ہے تو پھر کیونکر قرآن کریم جو خدا تعالیٰ کا پاک کلام ہے صرف اِن چند معانی میں محدود ہو گا کہ جو چالیس یا پچاس یا مثلاً ہزار جز و کی کسی تفسیر مین لکھے ہون یا جس قدر ہمارے سید و مولا نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے ایک زمانہ محدود مین بیان کئے ہون نہیں بلکہ ایسا کلمہ منہہ پر لانا میرے نزدیک قریب قریب کفر کے ہے۔ اگر عمداً اسپر اصرار کیا جائے تو اندیشہ کفر ہے۔ یہ سچ ہے کہ جو کچھہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے قرآن کریم کے معنے بیان فرمائے ہین وہی صحیح اور حق ہین مگر یہ ہرگز سچ نہین کہ جو کچھہ قرآن کریم کے معارف آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے بیان فرمائے اُن سے زیادہ قرآن کریم مین کچھہ بھی نہین۔ یہ اقوال ہمارے مخالفوں کے صاف دلالت کر رہے ہیں کہ وہ قرآن کریم کے غیر محدودہ عظمتون اور خوبیون پر ایمان نہیں لاتے اور ان کا یہ کہنا کہ قرآن کریم ایسون کے لئے اُترا ہی جو اُمی تھے اور بھی اس امر کو ثابت کرتا ہے کہ وہ قرآن شناسی کی بصیرت سے بکلی بے بہرہ ہین سو وہ نہین سمجھتے کہ ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم محض امیون کے لئے نہین بھیجے گئے بلکہ ہر یک رتبہ اور طبقہ کے انسان آنکی امت مین داخل ہین اللہ جلشانہٗ فرماتا ہے قُلْ يَا أَيُّهَا النَّاسُ إِنِّي رَسُولُ اللَّهِ إِلَيْكُمْ جَمِيعًا پس اِس آیت سے ثابت ہے کہ قرآن کریم ہر یک استعداد کی تکمیل کے لیے نازل ہوا ہے اور درحقیقت آیت وَلَٰكِنْ رَسُولَ اللَّهِ وَخَاتَمَ النَّبِيِّينَ مین بھی اسی کیطرف اشارہ ہے پس یہ خیال کہ گویا جو کچھہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے قرآن کریم کے بارہ میں بیان فرمایا اُس سے بڑھکر ممکن نہین بدیہی البطلان ہے۔ ہم نہائت قطعی اور یقینی دلایل سے ثابت کر چکے ہیں کہ خدا تعالیٰ کی کلام کے لئے ضروری ہے کہ اسکی عجائبات غیر محدود اور بے مثل ہون۔ اور اگر یہ اعتراض ہو کہ اگر

قرآن کریم میں ایسے عجائبات اور خواص مخفیہ تھے تو پہلوں کا کیا گناہ تھا کہ انکو اِن اسرار سے محروم رکھا گیا تو اسکا جواب یہ ہے کہ وہ بکلی اسرار قرآنی سے محروم تو نہیں رہے بلکہ جس قدر معلومات عرفانیہ خدا تعالیٰ کے ارادہ میں اُنکے لئے بہتر تھے وہ انکو عطا کئے گئے اور جس قدر اس زمانہ کی ضرورتوں کے موافق اِس زمانہ میں اسرار ظاہر ہونے ضروری تھے وہ اس زمانہ میں ظاہر کئے گئے۔ مگر وہ باتین جو مدار ایمان ہین اور جنکے قبول کرنے اور جاننے سے ایک شخص مسلمان کہلا سکتا ہے وہ ہر زمانہ میں برابر طور پر شائع ہوتی رہیں۔ میں متعجب ہون کہ اِن ناقص الفہم مولویون نے کہاں سے اور کس سے سن لیا کہ خدا تعالیٰ پر یہ حق واجب ہے کہ جو کچھہ آئندہ زمانہ مین بعض آلاء و نعماء حضرت باری عزاسمہٗ ظاہر ہوں پہلے زمانہ مین بہی انکا ظہور ثابت ہو بلکہ اس بات کے ماننے کے بغیر کسی صحیح الحواس کو کچھہ بن نہیں پڑتا کہ بعض نعماء الٰہی پچھلے زمانہ میں ایسے ظاہر ہوتے ہیں کہ پہلے زمانہ مین اون کا اثر اور وجود پایا نہین جاتا۔ دیکھو جس قدر صدہا نباتات جدیدہ کے خواص اب دریافت ہوئے ہیں یا جس قدر انسانوں کے آرام کے لئے طرح طرح کے صناعات اور سواریاں اور سہولت معیشت کی باتین اب نکلی ہیں پہلے اُن کا کہاں وجود تہا۔ اور اگر یہ کہا جائے کہ ایسے حقایق و دقایق قرانی کا نمونہ کہاں ہے جو پہلے دریافت نہین کئے گئے تو اِسکا جواب یہ ہے کہ اِس رسالہ کے آخر مین جو سورہ فاتحہ کی تفسیر ہے اسکے پڑہنے سے تمہین معلوم ہوگا کہ اس قسم کے حقایق اور معارف مخفیہ قرآن کریم مین موجود ہیں جو ہر یک زمانہ مین اُس زمانہ کی ضرورتوں کے موافق ہیں +

بالآخر یہ بہی یاد رہے کہ یہ قصائد اور یہ تفسیر کسی غرض خودنمائی اور خودستائی سے نہیں لکھی گئی بلکہ محض اس غرض سے کہ تا میاں بطالوی اور اُنکے ہم خیال لوگونکی نسبت منصف لوگون پر یہ ظاہر ہو کہ وہ اپنے اِس اصرار مین کہ یہ عاجز مفتری اور دجال اور ساتھہ اسکے بالکل علم ادب سے بے بہرہ اور قرآن کریم کے حقایق و معارف سے بے نصیب ہے اور وہ لوگ بڑے اعلےٰ درجہ کے عالم فاضل مین

کس قدر کاذب اور دروغگو اور دین اور دیانت سے دور ہین اگر میان بطالوی اپنے ان بیانات اور ہذیانات مین جو اُس نے اس عاجز کے نادان اور جاہل اور مفتری ہونیکے بارہ مین اپنے اشاعۃ السنۃ مین شایع کئے ہین دیانت دار اور راست گو ہے تو کچھہ شک نہین کہ اب بلا حجت و حیلہ ان قصائد اور تفسیر کے مقابلہ پر اپنی طرف سے اسیقدر اور تعداد اشعار کے لحاظ سے چار قصیدے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی تعریف مین اور نیز سورۃ فاتحہ کی تفسیر بہی شایع کر کے دکہلاوے تا سیہ روے شود ہر کہ دروغش باشد- اور ایسا ہی وہ تمام مولوی جن کے سر مین تکبر کا کیڑا ہے اور جو اس عاجز کو باوجود بار بار اظہار ایمان کے کافر اور مرتد خیال کرتے ہین اور اپنے تئیں کچھہ چیز سمجھتے ہین اس مقابلہ کے لئے مدعو ہیں چاہے وہ دہلی میں رہتے ہوں جیسا کہ میاں شیخ الکل اور یا لکھنؤ کے ہیں جیسا کہ میاں محی الدین بن مولوی محمد صاحب اور یا لاہور میں یا کسی شہر مین رہتے ہون اور اب اُن کی شرم اور حیا کا تقاضا یہی ہے کہ مقابلہ کرین اور ہزار روپیہ لیوین انکو اختیار ہے کہ بالمقابل جوہر علمی دکہلانیکے وقت ہماری غلطیاں نکالین ہماری صرف و نحو کی آزمائش کرین اور ایسا ہی اپنی بہی آزمائش کرادین لیکن یہ بات بیحیائی مین داخل ہے کہ بغیر اسکے جو ہمارے مقابل پر اپنا بہی جوہر دکہلاوین یکطرفہ طور پر استاد بن بیٹہین-

اِس جگہ یہ بہی یاد رہے کہ شیخ بطالوی نے جس قدر اس عاجز کی بعض عربی عبارات سے غلطیان نکالی ہین اگر اِن سے کچھہ ثابت ہوتا ہے تو بس یہی کہ اب اس شیخ کی خیرگی اور بیحیائی اِس درجہ تک پہنچ گئی ہے کہ صحیح اسکی نظر مین غلط اور فصیح اسکی نظر مین غیر فصیح دکہائی دیتا ہے- اور معلوم نہیں کہ نادان شیخ کہاں تک اپنی پردہ دری کرانا چاہتا ہے اور کیا کیا ذلتین اِسکے نصیب مین بعض اہل علم و ادب اِسکی یہ باتین سُنکر اور اسکی اِس قسم کی نکتہ چینیون پر اطلاع پا کر اسپر روتے ہین کہ یہ شخص کیوں اِس قدر جہل مرکب کے دلدل مین پہنسا ہوا ہے- مینے پہلے بہی لکھدیا ہے اور اب

پہر ناظرین کے اطلاع کے لئے لکھتا ہوں کہ اگر میاں بطالوی نے میرے ان قصائد اربعہ اور تفسیر سورہ فاتحہ کا مقابلہ کر دکہلایا اور منصفون کی راے میں وہ قصائد اور وہ تفسیر انکی صرفی نحوی اور بلاغت کی غلطیون سے مبرّا نکلی تو میں ہر ایک غلطی کی نسبت جوان قصائد اور تفسیر مین پائی جائے یا میری کسی پہلی عربی تالیف مین پائی گئی ہو پانچروپیہ فی غلطی شیخ بطالوی کی نذر کردونگا اور مین ناظرین کو یقین دلاتا ہوں کہ شیخ بطالوی علم عربیت سے بکلی بے نصیب ہے غلطیوں نکالنا ان لوگون کا کام ہوتا ہے جو کلام جدید اور قدیم عرب پر نظر محیط رکہتے ہون اور محاورہ اور عدم محاورہ پر انکو اطلاع ہو — اور ہزارہا اشعار عرب کے اُن کی نگاہ کے سامنے ہون اور تتبع اور استقراء کا ملکہ انکو حاصل ہو — مگر یہ بیچارہ شیخ جنسے اُردو نویسی مین ریش سفید کی ہے علم ادب اور بلاغت فصاحت کو کیا جانے کبھی کسینے دیکھا یا سنا کہ کوئی دو چار شعر عربی مین اس بزرگ نے نظم کر کے شایع کئے ہون اور مجھے تو ہرگز ہرگز اسقدر بھی امید نہیں کہ ایک شعر بلیغ و فصیح بھی بنا سکتا ہو یا ایک سطر لوازم بلاغت و فصاحت کے ساتھ عربی میں لکھہ سکتا ہو ہان اردو خوان ضرور ہے۔ ناظرین غور سے دیکھین کہ اِس بزرگ کی عربیت کی حقیقت کہلنے کیلئے اِس عاجز نے پہلے اِس سے اپنے اشتہار مین لکھا تہا کہ شیخ مذکور میرے مقابل پر ایک تفسیر کسی سورۃ قرآن کریم کی بلیغ و فصیح عبارت مین لکھے اور نیز سو شعر کا ایک قصیدہ بھی میرے مقابل پر بیٹھ کر تحریر کرے اگر شیخ مذکور کو عربیت مین کچھہ بھی دخل ہوتا تو وہ بڑی خوشی سے میرے مقابلہ مین آتا اور پہلو بہ پہلو بیٹھ کر اپنی عربی دانی کی لیاقت دکہلاتا۔ لیکن اسکے اشاعۃ السنۃ نمبر ۸ جلد ۱۵ کو صفحہ ۱۹۰ سے ۱۹۴ تک بغور پڑہنا چاہیئے کہ کیونکر اُس نے رکیک شرطوں سے اپنا پیچھا چھوڑایا ہے چنانچہ ان صفحات میں لکھتا ہے کہ اِس مقابلہ سے پہلے کتاب دافع الوساوس کی عربی عبارت کی غلطیاں


ثابت کرینگے اور نیز کتاب فتح اسلام اور توضیح مرام کے کلمات کفر و الحاد پیش کرینگے اور نیز آن پچاسی سوالات کا جواب طلب کرینگے جو مرزا احمد بیگ ہوشیارپوری کی موت کی نسبت مراسلت نمبر ۲ مورخہ ۹ جنوری ۱۸۹۳ء مین ہم لکھ چکے ہیں اور یہ بھی سوال کرینگے کہ کیا تم نجوم نہیں جانتے اور کیا تم رمل اور جفر اور مسمریزم سے واقف نہیں ہو اور پھر جوابات کے جواب الجواب کا جواب پوچھا جائیگا اور اسیطرح سلسلہ وار جواب الجواب ہوتے جائینگے اور پھر یہ پوچھا جائیگا کہ کہ بالمقابل عربی مین تفسیر لکھنے کو اپنے ملہم اور موید ہونے پر دلیل بتلاوین یعنی عربی دانی سے ملہم ہونا کیونکر ثابت ہوگا اور پھر کوئی دلیل اپنے الہامی اور موید من اللہ ہونیکی پیش کرین ۔ پھر جب ان سوالات سے عہدہ برا ہو گئے تو پھر تفسیر عربی اور نیز قصیدہ نعتیہ میں مقابلہ کیا جائیگا ورنہ نہین ۔

اب اے ناظرین للہ خود ان تینون صفحون ۱۹۰ ۔ اور ۱۹۱ ۔ اور ۱۹۲ اشاعۃ السنہ مذکور کو غور سے پڑھو اور دیکھو کہ کیا یہ جواب اور ایسے طرز کی حیلہ سازیاں ایسے شخص کیطرف سے ہو سکتی ہیں جو حقیقت مین اپنے تئین عربی دان اور ایک فاضل آدمی خیال کرتا ہو اور اپنے فریق مقابل کو ایسا جاہل یقین رکھتا ہو کہ بقول اسکے ایک صیغہ عربی کا بھی اسکو نہیں آتا ۔ اور پھر خدا تعالی سے بھی مدد نہیں پا سکتا ۔ ہماری اس درخواست کی بنا تو صرف یہ بات تھی کہ اس شیخ چالباز نے جا بجا جلسون اور وعظوں اور تحریروں اور تقریروں میں یہ کہنا شروع کیا تھا کہ یہ شخص یعنے یہ عاجز ایک طرف تو اپنے دعوے الہام میں مفتری اور دجال اور کاذب ہے اور دوسری طرف اس قدر علوم عربیت اور علم ادب اور علم تفسیر سے جاہل اور بیخبر ہے کہ ایک صیغہ بھی صحیح طور سے اسکے منہ سے نکل نہیں سکتا اور جن آسمانی نشانوں کو دیکھا تھا انکا تو پہلے انکار کر چکا تھا اور ان کو رمل اور جفر قرار دے چکا تھا ۔ اسلئے خدا تعالی نے اس طور سے بھی اس شخص کو ذلیل اور رسوا کرنا چاہا ۔ صاف ظاہر ہے کہ اگر یہ شخص اہل علم اور اہل ادب میں سے ہوتا تو ان نشو و نما

شرائط اور حیلہ بازی اس جگہ ضرورت ہی کیا تہی تنقیح طلب تو صرف اس قدر امر تہا کہ شیخ مذکور نے اپنے بیانات میں جو جابجا شائع کرچکا ہے صادق ہے یا کاذب اور یہ عاجز بالمقابل عربی بلیغ اور تفسیر لکہنے میں شیخ سے کم رہتا ہے یا زیادہ۔ کم رہنے کی حالت میں مینے اقرار کر دیا تہا کہ مین اپنی کتابین جلادونگا اور توبہ کرونگا اور شیخ مذکور کی رعایت کیلئے اس مقابلہ کے بارہ مین دن بہی چالیس مقرر کردئے تہے جسکے معنی شیخ نے خباثت کی راہ سے یہ کئے کہ گویا میرا چالیس دن کے مقرر کرنیسے یہ منشاء ہے کہ شیخ مذکور چالیس دن تک مرجائیگا حالانکہ صاف لکہا تہا کہ چالیس دن تک یہ مقابلہ ہو نہ کہ یہ چالیس دن کے بعد شیخ اس جہان سے انتقال کرجائیگا۔ اب چونکہ شیخ جی نے اس طور پر مقابلہ کرنا نہ چاہا اور بیہودہ طور پر بات کو ٹال دیا اسلئے ہمیں اب اس مقابلہ کے لئے دوسرا پہلو بدلنا پڑا۔ اور ہم فراست ایمانیہ کے طور پر یہ پیشگوئی کرسکتے ہیں کہ شیخصاحب اس طریق مقابلہ کو بہی ہرگز قبول نہین کرینگے اور اپنی پرانی عادت کے موافق ٹالنے کے لئے کوشش کرینگے بات یہ ہے کہ شیخصاحب علم ادب اور تفسیر سے سراسر عاری اور کسی نامعلوم وجہ سے مولوی کے نام سے مشہور ہوگئے ہین مگر اب شیخصاحب کے لئے طریق آسان نکل آیا ہے کیونکہ اس رسالہ مین صرف شیخصاحب ہی مخاطب نہین بلکہ وہ تمام مکفر مولوی بہی مخاطب ہین جو اس عاجز متبع اللہ اور رسول کو دائرہ اسلام سے خارج خیال کرتے ہیں۔ سو لازم ہے کہ شیخصاحب نیازمندی کے ساتھ انکی خدمتیں جائین اور انکے آگے ہاتہ جوڑین اور روویں اور انکے قدموںپر گرین تا وہ لوگ اس نازک وقت مین انکی عربی دانی کی پردہ دری سے انکو بچالین کچہہ تعجب نہین کہ کسی کو انپر رحم آجاوے۔ ہان اس قدر ضرور ہے کہ اگر حنفی مولوی کے پاس جائین تو انکو کہدین کہ اب مین حنفی ہون اور اگر شیعہ کی خدمت مین جائین تو کہدین کہ اب مین شیعیان اہلبیت مین سے ہون چنانچہ یہی وتیرہ آجکل شیخ جی کا سنا ہی جاتا ہے لیکن مشکل یہ ہے کہ اس عاجز کو شیخ جی اور ہر ایک مکفر بداندیش کی نسبت الہام ہوچکا ہے

کہ انی مھین من اراد اھانتک اسلئے یہ کوششین شیخ جی کی ساری عبث ہونگی اور اگر کوئی مولوی شوخی اور چالاکی کی راہ سے شیخصاحب کی حمایت کے لئے اُٹھے گا تو منہہ کے بل گرایا جائیگا - خدا تعالی اِن متکبر مولویوں کا تکبر توڑے گا اور اُنہیں دکھلائیگا کہ وہ کیونکر غریبوں کی حمایت کرتا ہے اور شریروں کو جلتی ہوی آگ مین ڈالتا ہے - شریر انسان کہتا ہی کہ مَیں اپنے مکروں اور چالاکیوں سے غالب آجاؤں گا اور مَیں راستی کو اپنے منصوبوں سے مِٹا دوں گا اور خدا تعالی کی قدرت اور طاقت اُسے کہتی ہے کہ اے شریر میری سامنے اور میرے مقابل پر منصوبہ باندھنا تجھکو کس نے سکھایا کیا تو وہی نہیں جو ایک ذلیل قطرہ رحم میں تھا - کیا تجھے اختیار ہے جو میری باتوں کو ٹال دے +

بالآخر ہم میں عامہ ناس پر ظاہر کرتا ہوں کہ مجھے اللہ جلشانہ کی قسم ہے کہ میں کافر نہیں لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُولُ اللّٰہِ میرا عقیدہ ہے - اور لٰکِنْ رَّسُوْلَ اللّٰہِ وَخَاتَمَ النَّبِیّٖنَ پر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی نسبت میرا ایمان ہے مین اپنی اس بیان کی صحت پر اسقدر قسمیں کہاتا ہوں جس قدر خدا تعالی کے پاک نام ہیں اور جس قدر قرآن کریم کے حرف ہیں اور جس قدر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے خدا تعالی کے نزدیک کمالات ہیں کوئی عقیدہ میرا اللہ اور رسول کے فرمودہ کے برخلاف نہیں - اور جو کوئی ایسا خیال کرتا ہے خود اُسکی غلط فہمی ہے اور جو شخص مجھے اب بہی کافر سمجھتا ہے اور تکفیر سے باز نہیں آتا وہ یقیناً یاد رکھے کہ مرنیکے بعد اُسکو پوچھا جائیگا میں اللہ جلشانہ کی قسم کہاکر کہتا ہوں کہ میرا خدا اور رسول پر یہ یقین ہے کہ اگر اس زمانہ کے تمام ایمانوں کو ترازو کے ایک پلہ میں رکھا جائے اور میرا ایمان دوسرے پلہ مین تو بفضلہ تعالی یہی پلہ بھاری ہوگا -



واعلموا يا معشر المسلمين ان هذا الشيخ قد كذبني واكفرني بغير علم وهدى واعتدى في الاكفار وطفق يسبّني ويحسبني من الذين يدخلون جهنم خالدين فيها وليسوا منها بخارجين - فقلت ويحك ايها الشيخ الضّال اتقفوت ما ليس لك به علم والله يعلم اني من المؤمنين - وقد ربّاني ربي وحبيبي وادّبني فاحسن تاديبي ورحمني واحسن مثواي وانّي من المُنعمين ولم يزل نبتا بني فيضانه ويتواتر عليّ احسانه حتى خرجت من البيضة البشرية - وادخلت في الرُّوحانيين - ومن بعد انزلني ربّي لاصلاح الضّالين - لانصر الدين وارجم الشياطين والكنت في شك من امري فسوف يريك ربّي اٰياته فكن من الصابرين الذين يتقون الله ولا تكن من المستعجلين - فابٰى واستكبر واراد ان يكون اول المكفرين وما اقتصر على التكفير بل سبّني ولعنني وحسبني من الملعونين - والله يعلم قلبي وقلبه وهو خير المحاسبين - ثم دعوته للمباهلة ليحكم الله بيننا وهو خير الحاكمين - فلم يباهل وفرّ وعلى الفرار اصرّ - ولم يكن فراره بنية الصلاح بل لتوقي الافتضاح ملاقيه وان كان من الهاربين - وكان قد ادعى انه عالم اديب وانا من الجاهلين فدعوته للنضال في كلام عربي مبين وقلت تعال انا ضلك في النظم العربي ونثره

واقول ما تقول وفي كلّ وادٍ معك اجول واني ان شاء الله من الغالبين۔ فاشاع في شياطينه انه قرن مجالي وقرين جدالي فلزقت به كالداء العضال ليبارزني للنضال ان كان من الصادقين۔ فخاف وابى۔ وبحث الحيل ثم تولّى ولا يُفلح الكاذب حيث اتى۔ فالهمني ربّي طريقا اخر ليهلك من كان من الهالكين۔ وهو اني نظمت في هذه الايام قصائد وثقفتها في ثلثة ايام او اقل منها والله عليه شاهد وهو خير الشاهدين۔ وزيّنتها بالنكات المهذّبة والاستعارات المستعذبة ملتزما جد القول وجزله وايّدني ربّي وعلمني سبلها وان كنت من الأمّيين۔ فالان وجب على الشيخ المذكور ان يناضلني في ذلك وينظم قصيدة في تلك الامور بعدّة ابيات هذه القصائد واساليب بلاغتها فان اتمّ شرطي فله الف من الدراهم للروحية انعاما مني عليه ولكل من فاضلني من العلماء المكفرين ومع ذالك اتيهم موثقا من الله لاكتب لهم بعد علمهم كتابا فيه اقرّ بانهم العالمون الادباء واني من الجاهلين الكاذبين المفترين ولكن لا يجب عليّ ايفاء هذا الشرط واداء هذا الانعام الا بعد شهادة فرسان الصناعة وارباب البراعة وتصديق من كان جهبذ ينتقد الكلام من الادباء الماهرين وان لم يفعلوا ولن يفعلوا فاعلموا انّهم من الكاذبين الجاهلين المفسدين وهذا اخر الحيل لسبر قليب ذالك الشيخ المضل فانه اهلك خلقا كثيرا باغوائه فظلوا عميا وعورا وكانوا على علمه متكئين۔ وارجو بعد ذلك ان ينجيهم الله من شره وهو خير المنجين۔ والان اكتب قصيدتي وما توفيقي الا بالله الذي هو ربي وناصري ومعلمي في كلّ حين۔



يا قلبي اذكر احمدا	عين الهدى مفني العدا	برًّا كريمًا محسنًا	بحر العطايا والجدا
بدر منير زاهر	في كل وصف حمدا	احسانه يصبي القلوب	وحسنه يروي الصدا
الظالمون بظلمهم	قد كذبوه تمردًا	والحق لا يسع الورى	انكاره لما بدا
اطلب نظير كماله	فستندمن ملهدا	ما ازوانا مثله للناظرين	مشهدا
نور من الله الذي	احيى العلوم تجددا	المصطفى والمجتبى	والمقتدا والمجتدا
جمعت مرابيع الهدى	في وبله حين الندى	نسي الزمان رهامه	من جود هذا المقتدا
اليوم ليس الكسران	يطفى هداه ومجدا	والله يبدي نوره	يومًا وان طال المدى
يا قطر سادية وغا	زند عصمت من الردا	ربيت اشجار الاسر	بالفيوض وقد ردا
انا وجدنا الى الملاذ	فبعد كهف قد بدا	لا نتقي قوس الخطو	ب ولا نبالي مرحبا
لا نتقي نوب الزمان	ولا نخاف تهددا	ونمد في اوقات آفات	الى المولى يدا
كم من مناز عسرت	بيني واقوام العدا	حتى انثنيت مظفرا	وموقرا ومؤيدا
يا ايها الناس اتقوا	يومًا يشيب في هدا	آلامه ما تنقضي	واسيره ما يفتدى
والله اني ما ضللت	وما عدلت عن الهدى	لكنني مذ لم ازل	ممن اذا هدي اهتدى

لله حمد ثم حمد — قد عزنا المقتدى
يا صاح ان الله قد — اعطى لنا هذا حبلا
اتجول في حومات نفسك — تاركا سنن الهدى
يا من غدا للمؤمني — ن اشد بغضا كالعدا
يا خاطب الدنيا الدنية — قد هلكت تجلدا
اليوم تكفرني وتحسبني — شقيا ملحدا
يا من تطنى الماء من — حمق سرابا واعتدى
والله لو كشف الغطا — ء وجدتني عين الهدى

كادت تعففني ضلا — لات فادركني الهدى
هو ليلة القدر التي — لغطى نعيما مخلدا
هلا تعجب مهجة الا — حياء يا صيد الردا
اخترت لذة هذه — ونسيت ما يعطى غدا
عاديت اهل ولاية — وقفوت آثار العدا
وترى بوقت بعده — في زيّ احمد احمدا
السبر سهل هين — ان كان فهما وصدا
ونظمت في سلك الرفا — ق وجئتني مسترشدا

القصيدة الثانية

ايا محسني اثني عليك واشكر — فدى لك روحي انت ترسي ومازر
بفضلك انا قد غلبنا على العدى — بنصرك قد كسر الصليب المبطر
فتحت لنا فتحا مبينا تفضلا — بفوج اذا جاؤا فزهق المتنصر
قتلت خنازير النصارى بصارم — واردى عدانا فضلك المتكثر
بوجهك ما انسى عطاياك بعده — وفي كل نادنبأ فضلك اذكر
تلبيك روحي دايما كل ساعة — وانك مهما تحشر القلب تحضر
وتعصمني في كل حرب ترحما — فدى لك روحي انت ذخري ومغفر

ينوّر ضوء الشمس وجه خلائق ... ولكن جناني من سناك ينوّر

تحيط بكنهه الكائنات وسرّها ... ونعلم ما هو مستبان ومضمر

ونحن عبادك يا الهي وملجائى ... نخرّ اماما منك خشية ونكبّر

نصرت لاقحام النصارى قريحتى ... وهدّمت ما يعلى الخسيس ويعمر

واخذتهم وكسرت دايا منضدا ... وانممت وعدك فى صليب يكسر

فسبحان من بارا لنصرة دينه ... واخزى النصارى فضله المتكاثر

سقانى من الاسرار كاسا روية ... وان كنت من قبل الهدى لا اعثر

غيور يبيد المجرمين بسخطه ... غفور يحبّ التائبين ويغفر

وحيد فريد لا شريك لذاته ... قويّ علي مستعان مقدّر

له الملك والملكوت والمجد كله ... وكل له ما بان فينا ويظهر

ودود يحب الطائعين ترحما ... مليك فيزعج ذى شقاق ويحصر

يحيط بكيد الكائدين بعلمه ... فيهلك من هو فاسق ومزوّر

ولم يتخذ ولدا ولا كفوا له ... وحيد فريد ما دناه التكاثر

ومن قال ان له الها قادرا ... سواه فقد نادى الردى ويدمّر

وبشرنى قبل الجدال بلطفه ... فقال لك البشرى وانت المظفر

ففاضت دموع العين منى تذللا ... وقصدت عنبر سر وقطرى يمطر

فجئت النصارى فى مقام جلوسهم ... فتخيّروا منهم خصيما وانظر

وظل النصارى ينصرون وكيلهم ... وكل تسلح صائلا لو يقدر +

رئيت مبارزهم كذئب بظلمه ... يصول على سبل الهدى ويزوّر

فخاصم ظلما في ابن مريم واجترى ... على الله فيما كان يهذى ويهجر

وقال له ولد مسيح ابن مريم ... فسبحان رب العرش عما تصوروا

وقال بان الله اسم ثلثة ... اب وابنه حقا وروح مطهر

فقلت له اخسأ اليس عيسى بخالق ... وخالقنا الرب الوحيد الاكبر

أتثبت في ملك له من بريئة ... من الارض او هو في السماء مدبر

وان على معبودك الموت قد اتى ... والهنا حي ويبقى ويعمر

وليس بمستغنى الى الابن حاجة ... وحاشاه ما الاولاد شيئا يوقر

اعيسى الذى لا يعلم الغيب ذرة ... اله ولعلم انه لا يقدر

فاثنى على ابليس بالعلم والهدى ... وقال هو الشيخ الذى لا ينكر

ويؤمن بالابن الوحيد تيقنا ... ومذهبه مثل النصارى تنصر

فقلت له يا ايها الضال من هوى ... اتثنى على غول يضل ويدحر

وما كان حامده بصير قبلكم ... ولكنكم عمي فكيف التبصر

فما تاب من هذيانه وضلاله ... وكان كدجال يداجى ويمكر

وكم من خرافات وكم من مفاسد ... تقول خبثا ذالك المتنصر

وقال لي ان الله خلق وخالق ... مسيحنا عبد ورب اكبر

فقلت له يا تارك العقل والنهى ... الله وعبد ذالك شيئ منكر

اذا قل دين المرء قل قياسه ... ومن يؤمن يرشد لاعقل مطهر

واني ارى في خده عشو شقوة ... تقولون ما لا يفهم المتفكر

واني [illegible] فيه ظلام دائم ... وما في يديكم من دليل ينور

وان هو الا بدعة غير ثابت … واثباته مستنكر متعسر

انعرف في الصحف القديمة مثله … وقد جاء هدي بعد هدي ومنذر

اناجيل عيسى قد عفت آثارها … وحرّفها قوم خبيث مغيّر

نبذتم هداية وراء ظهوركم … وهذا من الشيطان هدي آخر

اتمنو جلال الله في روح عاجز … وهيهات كلا والله بل هو احقر

فقير ضعيف كالعباد وميّت … نعم من عباد الله عبد معزّز

وان شاء ربي يبعث الف نظيره … وارسلني ربي مثيلاً فتنظر

وقد اصطفاني مثل عيسى ابن مريم … فطوبى لمن يأتين صدقاً ويبصر

انبيا ميّت وعيسى لم يمت … اجزتم حدوداً يا بني الغول فاحذروا

توفى عيسى هكذا قال ربنا … فلا تهلكوا متجلدين وفكّروا

اتتخذ العبد الضعيف مهيمنا … اتعبد ميتاً ايها المتنصر

الا انّه عبد ضعيف كمثلنا … فلا تتبع يا صاح قوماً تخسّروا

ووالله ياتي وقت تصديق كلمتي … ويبدي لك الرحمٰن ما كنت تضمر

فلا تسمعن من بعد ذيباً وعقرباً … يصول بوثب او تدبّ وتأبر

مقامي رفيع فوق فكر مفكر … وقولي عميق لا يليه المصغّر

اذا قلّ علم المرء قلّ اعتقاده … وما يمدحن حسناً ضرير معذّر

الا ربّ مجد قد يرى مثل ذلّة … اذا ما تعالى شأنه المتستّر

الم تعلمن انّي جريّ مبارز … وان كنت في شك فبارز فتحضر

وبارزت احزاب النصارى كضيغم … بايدي وفي اليمنى حسام مشهّر

وما زلت ارميهم برمح مذرب   الا ان ابان الحق والحق اظهر
وانا اذا قمنا الصيد او ابد   فلا الظبي متروك ولا العير ينظر
وقتل خنازير البراري وخرشهم   اشاش لقلبي بل مرام اكبر
وفي معيتي جيش وازعم انه   يكافي جيش القدر او هو اكثر
اذا ما تكلمنا وبارى مخاصمي   ولاحت براهيني كنار تزهر
فاوجس مبهوتا وايقنت انني   نصرت وايد في قدير مظفر
وادركته في حسنة فدعوته   الى مشرب صاف وماء يطهر
فرد علي بباطلات من الهوى   ووالله كان كذي ضلال يزور
وقال لعيسى حصة في التاله   وفي هذه سر على العقل يعسر
وان ابن مريم مظهر لاب له   فنحسبه ربا كما هو يظهر
فقلت له هذا اختلاق وفرية   وما جاء في الانجيل ما انت تذكر
وان الهك مات والله سرمد   قديم فلا يفنى ولا يتغير
وما لا يحد فكيف حد كالورى   ووجه المهيمن من مجالي مظهر
وليس تقاس صفاته بصفاتنا   ولا يدركه بصر ولا من يبصر
تعالت شئون الله عن مبلغ النهى   فكيف يصور كنهه متفكر
وان عقيدتكم خيال باطل   وما في يديكم من دليل يوفر
وللخلق خلاق فتدعون ذكره   وتدعون مخلوقا ولم تتفكروا
ومن ذاق من طعم المنايا بقولكم   فكيف كحي سرمد يتصور
وقد نور الفرقان خلقا بنوره   ولكنكم عمي فكيف ابصر

الا انه قد جاء عند مفاسد | اذا ما انتهى الليلاء فالصبح يحشر
ترى صورة الرحمن في خد رسوله | فهل من بصير بالتدبر ينظر
تراء النا الحق المبين بقوله | واياته در ومسك اذفر
قل الان هل في كتبكم مثل نوره | وفكر ولا تعجل ونحن نذكر
وان كنت تزعم ان فيها دلائلا | فجهلك جهل بين ليس يستر
وان قلت امنا بما لا نعقل | فهذ الهدى عند النهى مستنكر
وسل اليهود وسل اكابر قومهم | اسلّم فيهم ابنك المتخير
ومهما يكن في كتبكم ذكر معجزه | وان خلته يخفى على الناس يظهر
جعارك خيط فاتق البيرء والردا | آللموت يا صيد الردا تتجبر
اقلبك قلب او صلابة حجرة | اجهلك جهل او دخان مغبر
اكلت خشارة كل قوم مبطل | فتاكل ما اكلوا ولا تتخفر
ابارايت يا مسكين ذا الرمح بالعصا | واني اجار دنا واني محمر
اترغب عن دين قويم منور | وتتبع دينا قد دفاه التكدر
وان لم تدار جشرة البخل والهوى | فتهو خفيفا في الهلاك وتخطر
واني كماء عند سلم وخلة | وفي الحرب نار جعظري مثعر +
اذا ما نصبنا في مواطن خيمة | فلا نرجعن عند الوغا ونجمر
ولو ابهترت وقلت اني ضيغم | ففي اعيني ما انت الا جوذر
الا ايها الصيد الركيك الاعور | الام تحامي عنك سهمي وتافر
اعيسى الذي قد مات رب وخالق | اهذا هدى الانجيل او تستاثر

أعيسى إلهٌ أيها العمي من هوى   وأين ثبوت بل حديث يؤثر
ظننتم فأنتم تعبدون ظنونكم   كشخص مثر عاشق لا يصبر
تركتم طريق الحق شحًّا وخسّة   وسيعلمن كل اذا ما بعثروا
عسى ان يزيل الله شح نفوسكم   ولكنه بغر شديد مكمّر
ومن كان ذا حجرٍ فيدري حقيقةً   ومن كان محجوبًا فيهذي ويهجر
ستلغب يا جمهور قومٍ محقّرٍ   ومخضبرنا يعدو ولا يتحسّر
قد استخر الشيطان نفسك كلها   فانت لغول النفس عبد مسخّر
الا انّ ربّي قد راى ما صنعته   فنفسك سوف تجرت وتخوّر
اتطفئ نورًا قد اريد ظهورها   لك البهر في الدارين والنور يبهر
وانّي ارى قد باد كيدك كلّه   ويهتك ربي كلما هو تستر
اتترك اعنابا وتنقف حنظلا   وهذا وبال انت فيه متبر
تباهير قفر في عيونك مربع   وا سرّكم سقط اللوى وحبوكر
عقيدتكم قد صار للناس ضحكة   ويضحك جمهور عليه وينكر
رأى الناس بالتحقيق ما في بيوتكم   وانجار بيتٍ من بعيد يظهر
ولا يظهرن انجيلكم نهج الهدى   وهذا بجنجنة وقول مكور
ومن تبعه ما وجد ريح تيقّنٍ   ولكن الى الالحاد والشك يدحر
ومافيه الا ما يضل قلوبكم   ويهد ببيت نجاستكم ويدمّر
ومن اين طفل للذي هو اطهر   الله زوج ايها المستمذر
ولكننا لا نعرف الله هكذا   وحيد فريد قادر متكبّر

وذلك للدين القويم كرامة ... اذا ما تبعت هداها فالله يؤثر

ويشغفك الله العزيز محبة ... ويأخذ قلبك حب حب ويأطر

فطوبى لمن صافا صراط محمد ... وكمثل هذا النور ما بان نير

وصلنا الى المولى بهدي نبينا ... فدع ما يقول الكافر المتنصر

وفي كل اقوام ظلام مدمر ... وان رسول الله بدر منور

وان رسول الله مهجة مهجتي ... ومن ذكره الاحلى كأني متمر

فدع كل ملفوظ بقول محمد ... وقلد رسول الله تنجح وتغفر

وليس طريق الهدي الا اتباعه ... ومن قال قولا غيره فيتبر

ومن رد من قل الحياء كلامه ... فقد رد ملعونا وسوف يمذر

ومن يرتقي غير هدي رسولنا ... فذلكم الشيطان يعتو ويشغر

وما نحن الا حزب رب غالب ... الا ان حزب الله يعلو وينصر

ووالله ان كتابنا بحر الهدى ... وتالله ان نبينا متبقر

ويبقى الى يوم القيامة دينا ... له ملة بيضاء لا تتغير

ونوثر في الدارين سنن رسولنا ... وسنت خير الرسل خير وازهر

فلما عرفت الحق دع ذكر باطل ... ولو للصداقة مثل بكر تنهر

الا ايها الاثرثار خف قهر قاهر ... ويعلم ربي ما تسر وتجهر

فلا تقف ما لا تعرفن وجهه ... وتابر على الحق الذي هو اظهر

ووالله ما كان ابن مريم خالقا ... فلا تهلكوا بغيا وتوبوا واحذروا

ولا تعجبن من انه ليس من اب ... وكمثل هذا الخلق في الدود تنظر

بل الدود اعجب خلقة من مسيحكم ۔۔۔ ويخلق ربي ما يشاء ويقدر

الا رب دود قد ترى في مرتع ۔۔۔ تكون في ليل وتنمو وتكثر

وليست لها ام بارض ولا اب ۔۔۔ ففكر هذا لك الله هادٍ اكبر

وانكنت لا تدع الجدال وتنكر ۔۔۔ فبارز لنا انا الى الحرب نعكر

وان لنا المولى ولا مولى لكم ۔۔۔ فتنظر انا نغلبن وننصر

ووالله اني اكسرن صليبكم ۔۔۔ ولو مزّقت ذرات جسمي واكسر

ووالله ياتي وقت فتحي ونصرتي ۔۔۔ ووالله اني فائز ومعتّز

ووالله يمشي في البلاد امامنا ۔۔۔ امام الانام المصطفى المتخير

وما في يديك بغير قول مدلس ۔۔۔ تكدّ وتستقري المحال وتفجر

وكتبك نفر حشوها الكفر والردا ۔۔۔ محرفةٌ في كل عامٍ تغيّر

فتلك براهين على سخف دينكم ۔۔۔ وقد قلت تحقيقا ولو انت تنبسر

لقد زين الشيطان اقواله لكم ۔۔۔ يوسوسكم في كل حين ويمكر

وقد ذكّر الاخيار من قبل قومكم ۔۔۔ ولا خمريات الناس نحن نذكر

وكيف يساوي دين عيسى لديننا ۔۔۔ ولا يستوي دخن ونجم ازهر

وقد جاء يوم الله فاليوم ربنا ۔۔۔ يدق اجزاء الصليب ويكسر

وقلت له لا تحسب العبد خالقا ۔۔۔ وكل امرء عن قوله يستفسر

وقلت له لا تستر الحق عامدا ۔۔۔ سيبدي المهيمن كل ما كنت تستر

وقلت له لما اسبي ان شاننا ۔۔۔ بلاغ فبلّغنا وانك منذر

وان كنت لم تسمع فرد في تجاسر ۔۔۔ لتسعر نار الله ثم تدمّر

فزد فی جراءات وزد فی تقاعس ... وزد فی عمایات فتفنی و تبتر

ولیس عذاب الله عذبًا لما تری ... سیحرق فی نار اللظی من یفجر

غیور فیاخذ مشركًا بذنوبه ... ولیس له احد شفیعًا و ما زر

رفیع علی کیف یدرك كنهه ... اذا ما ترقت عقلنا تتحیر

اتعصون بغیًا من به الخلق آمنوا ... اتنسون یومًا ما به الناس انذروا

وكیف یكون العبد كابن لربه ... فسبحان رب العرش عما تصوروا

وقد مات عیسی لیس حیًا واننا ... نرد علی من قال حی و نخبر

وذا خبر لی ربی بموت مسیحكم ... وكان هو الاولی واكفی واجدر

وكم من دواب الارض حیي مدة ... علی ظهرها فاعجب لهذا وفكروا

وان جنود الانبیاء وحزبهم ... الوف فهل ترین كابنك آخر

فان كان للرحمن ولد كقولكم ... فشجرة نسل الله تنمو وتكثر

ابدل سنة ربنا بعد مدة ... ایمكن فی سنن القدیم تغیر

وقانون سنن الله فی بعث رسله ... مبین فهل ابصرت اولا تبصر

وان لم تر الیوم الهدی فتری غدًا ... ظلامًا مهیئًا فیه تهوی وتندر

اتخلع جهلا ربقة العقل والنهی ... لاقوال قوم قد اضلوا و دمروا

اتترك ما جاءت به الرسل من هدی ... الا تتبعن قومًا هدوا و تبقروا

علیكم بسبل الله من قبل ساعة ... تریكم لظی النار التی هی تسعر

عذاب الیم لا انتهاء لحرقه ... وان ینضجن جلد فیخلق اخر

ینبئك العلام ما كنت تضمر ... ویبدی لك النور الذی الیوم تنكر

ألا أيها الناس اتقوا الله ربكم … وان عذاب الله ادهى واكبر

الم يأتكم نذر وآيات ربكم … ترى بغيكم ودموعنا تتحدر

ولكل نبأ مستقر ومظهر … ولكلّ ما يأتيك وقت مقدّر

ويحكم رب العرش بيني وبينكم … وها انا قبل عذاب ربي اخبر

وقوم مضوا من قبل ضالين من هوى … فانتم قبلتم كلما هم زوّروا

اخذتم طريق الشرك والفسق والردى … ونزّرت خطاياكم فلم تستغفروا

فارسلني ربّي اليكم لتهتدوا … ولتقبلوا ما قال ربّي وتغفروا

فان شئت ماء الله فاقصد مناهلي … فيعطك من عين وعين تنور

واغلظ حجب ما تراك على الهدى … تعال على قدم الضلال فتزهر

وفيك فساد لو علمت اجتنبته … وذا لكم الشيطان يغوى ويحصر

ذهبت عن الدين الحنيفي شكوكم … وازعجت اصل اصولكم ثم تنكر

وقلتم لنا دين بعيد من النهى … وهذا فساد ظاهر ليس يستر

وكل امرء بالعقل يفهم امره … كما بالعيون بيننا هذا ويبصر

وعقل الفتى نصف ونصف سواه … وكصفق ايد منهما العلم يظهر

تصديت في نصر الضلال تعمدا … فبارز لحرب الله إن كنت تقدر

وما انت الا عابد الحرص والهوى … تشمر ذيلك للحطام وتهجر

رأيت لك الرؤيا وانك ميت … وان كلام الله لا تتغير

وعدته وعد الله عشر وخمسة … اذا ما انقضت فاعلم بانك محضر

وتعلى وتحضر عند ذي العرش مجرما … وتسأل عما كنت تهذي وتكفر

کے بارے مین ہمسے لڑتی ہے یا ہمین ہمارے وطنون سے نکالتی ہے یا لوگون کو جبر اور ظلم سے عیسائی بناتی ہے ہرگز نہین

انها بریئة من كل هذه الالزامات بل هي لنا من المعينين ثم انظر الى احكام معلمنا القرآن

بلکہ وہ ہمارے لئے مددگارون مین سے ہے پھر قرآن کی ان حکمون پر نظر ڈالو جنہین خدا تعالیٰ ہمین سکھاتا ہے کہ ہمین انکو ساتھ کیا

للذين احسنوا الينا وراعوا شئوننا وكفلوا شجوننا وما نوننا وآوونا بعد ما كنا تائهين —

معاملہ کرنا چاہیئے جو ہمپر احسان کرین اور ہماری کامون کی رعایت کرین اور ہماری حاجات کی متکفل ہوجائین اور ہماری بوجھون کو اٹھائین

أيمنعنا ربنا من ان نحسن الى المحسنين ونشكر المنعمين كلا بل القرآن يأمر بالقسط

اور ہمین پریشان گردی کے بعد اپنی پناہ مین لے آوین کیا خدا تعالیٰ ہمکو اس سے منع کرتا ہے کہ ہم نیکی کرنیوالون کے ساتھ نیکی کرین اور ولی نعمتون

والعدل والاحسان والله يحب المقسطين — وقد قال فی القرآن ولتكن منكم امة يدعون

شکرادا کرین ہرگز نہین بلکہ وہ تو انصاف اور عدل اور احسان کرنیکے لئے فرماتا ہے اور وہ انصاف کرنیوالون کو دوست کہتا ہے اور قرآن مین اسنے

الى الخير ويأمرون بالمعروف وينهون عن المنكر وما قال ولتكن منكم امة يقتلون الكفار

یہ فرمایا ہے کہ تم مین سے ہمیشہ ایسے لوگ ہوتے رہین جو نیکی کیطرف بلاوین اور امر معروف اور نہی منکر کرین اور یہ نہین کہا کہ تم مین سے لوگ ہمیشہ ایسے

ويدخلونهم جبراً فی دينهم وقال جادلهم (اے جادل النصارى) بالحكمة والموعظة

ہوتے رہین کہ جو کافرونکو قتل کرین اور ان کو اپنے دین مین جبراً داخل کرتے رہین اور اس نے یہ تو کہا کہ عیسائیون سے حکمت اور نیک نصیحت

الحسنة وما قال اقتلوهم بالسيوف والصوارم الا بعد صدهم عن سبيل الله ومكرهم

کے طور پر بحث کرو اور یہ نہین کہا کہ انکو تلوارون سے قتل کر ڈالو — مگر اس حالت مین جبکہ وہ دین سے روکین اور اسلام کا نور بجھانیکے لئے

لاطفاء نور الاسلام وقيامهم فی مقام المعادين فانظر ما قال ربنا رب العالمين

منصوبے برپا کرین اور دشمنون کے مقام مین کھڑے ہوجائین — پس دیکھو تو سہی ہمارے پروردگار نے جو تمام عالمون کا رب ہے کیسا کچھ فرمایا ہے

وقد بينا لك ان الحرب ليس من اصل مقاصد القرآن وانما من جزئ تعليمه وانما

اور ہم بیان کرچکے ہین کہ لڑائی اور جہاد اصل مقاصد قرآن مین سے نہین اور وہ صرف ضرورت کیوقت تجویز

هو جوز عند اشتداد الحاجة وبلوغ ظلم الظالمين الى انتهاءه واشتعال جور الجائرين

کیا گیا ہے یعنی ایسے وقت مین جب کہ ظالمون کا ظلم انتہا تک پہنچ جائے اور پیروی کرنے کے لئے

ولكم أسوة حسنة في غزوات رسول الله صلى الله عليه وسلم كيف صبر على ظلم الكفار

طریق عمل آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم بہتر ہے دیکھو کس طرح آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کفار کے ایذا پر اُس زمانہ تک

الى مدة يبلغ فيه صبيّ الى سن بلوغه فصبر وكان الكفار يوذونه في الليل والنهار

صبر کیا جسمین ایک بچہ اپنے سن بلوغ کو پہنچ جاتا ہے اور کافر لوگ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو ہمیشہ دکھہ دیتے اور

ينهبون اموال المومنين كالاشرار ويقتلون رجالهم ونساءهم بتعذيبات تحدّر

رات دن ستاتے اور شریرون کیطرح اُنکے مالون کو لوٹتے اور مسلمانون کے مردون اور عورتون کو قتل کرتے اور ایسی بڑے

بتصورها دموع العيون وتقشعر قلوب الاخيار وكذلك بلغ الايذاء الى انتهاءه حتى هموا

بڑی عذابون سے مارتے ہے ... کہ اُنکے یاد کرنے سے آنکھونکے آنسو جاری ہوتے ہین اور نیک آدمیونکے دل کانپتے ہین اور اسیطرح

بقتل نبي الله فامره ربّه ان يترك وطنه ويهرب الى المدينة مهاجرًا من مكة فخرج رسول

دکھہ انتہا کو پہنچ گیا اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم اپنے وطن سے نکالے گئے یہان تک کہ اُن لوگون نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے قتل کرنیکا

الله صلے الله عليه وسلم من وطنه باخراج قومه ومع ذلك ما كان الكفار منتهين —

قصد کیا سو اُسکے رب نے اُس کو حکم دیا تا وہ مدینہ بھاگ جائے سو آنحضرت اپنے وطن سے کفار کے نکالنے سے ہجرت کر گئے اور ابھی کفار نے ایذا

بل لم يزل الفتن منهم تستعر ومحجة الدعوة تعترضه حتى جلبوا على رسول الله صلے الله عليه وسلم خيلهم ورجلهم

رسانی مین بس نہین کی تھی بلکہ وہ فتنے بھڑکاتے اور دعوت کے کاموں مین مشکلات ڈالتے یہانتک کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم پر

وضربوا خيامهم في ميادين بدر بفوج كثير قريبًا من المدينة وارادوا استيصال الدين

اپنے سوارون اور پیادون کے چڑھائی کی اور بدر کے میدان مین جو مدینہ سے قریب ہے اپنی فوج کے خیمے کھڑے کر دئے اور چاہا کہ

فاشتعل غضب الله عليهم ورأى قبح جفاءهم وشدت اعتداءهم فنزل الوحي على رسوله

دین کی بیخکنی کر دین تب خدا کا غضب اُنپر بھڑکا اور اُس نے اُنکے بڑے ظلم اور سختی کے ساتھ حد سے تجاوز کرنا مشاہدہ کیا سو اُسنے اپنی وحی

وقال أذن للّذين يقاتلون بانهم ظلموا وان الله على نصرهم لقدير فامر الله رسوله

اپنے رسول پر اتاری اور کہا کہ مسلمانون کو خدا نے دیکھا جو ناحق اُنکے قتل کے لئے ارادہ کیا گیا ہے اور وہ مظلوم ہین اسلئے اُنہین مقابلہ

المظلوم في هذه الاية ليحارب الذين هم بدءوا اول مرة بعدان رأى شدة اعتداءهم وكمال

کی اجازت ہے اور خدا قادر ہے جو اُنکی مدد کرے سو خدا تعالی نے اپنے رسول مظلوم کو اس آیت مین ان لوگون کے مقابل پر ہتیار اُٹھانیکی اجازت

حقدهم وضلالهم ورأى انهم قوم لا يرجى بالمواعظ صلاح احوالهم فانظر كيف كان حرب

دی جنکی طرف سے ابتدا تھی مگر اُسوقت اجازت دی جبکہ انتہا درجہ کی زیادتی اور گمراہی اُنکی طرف سے دیکھ لی اور دیکھ لیا کہ وہ ایک ایسی قوم ہے کہ مجرد نصیحتوں

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم وما حارب نبی اللہ اعداء الدین الا بعد ما راھم سابقین فی

سے اُنکی اصلاح غیر ممکن ہے پس اب سوچو کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی لڑائیون کی کیا حقیقت تھی اور نبی اللہ دشمنان دین سے ہرگز

الترامی بالسھام والتجالد بالحسام وما کان الکفار مقتولین فقط بل کان یسقط من الجانبین

نہین لڑا مگر جبتک کہ اُسنے یہ نہ دیکھ لیا کہ وہ تیر چلانے اور تلوار مارنے مین پیشدست اور سبقت کرنیوالے ہین اور نیز یہ تو نہین تہا کہ صرف

قتلیٰ وکان الکفار ظالمین، ضالین

کفار ہی ارے جاتے تہے بلکہ جانبین سے مرنیوالے کام آتے تہے اور کفار ظالم اور حملہ آور تھے

فلیتدبر فی ھذا المقام کل عاقل حفظہ اللہ تعالیٰ عن الحمق وصانہ عن السفاھۃ

پس اسمقام مین ہر ایک عاقل جسکو خدا نے حمق اور سفاہت اور بیہودگی خصلتون سے نگہ رکھا ہو فکر کرے

وسیر اللئام لیظھر علیہ حقیقۃ جہاد الاسلام ولینظر این اثر الظلم فی ھذا الجہاد واین

اور سوچے تاکہ اُسپر اسلامی جہاد کی حقیقت ظاہر ہو اور چاہیے کہ دیکھے کہ اس جہاد مین ظلم کا نشان کہان ہین

ایذاء المحسن ذی الانعام بل کان راس الاسلام فی تلک الایام معرضا لدوس الاقدام وقد

اور کہان کسی محسن کو دکھ دیا گیا ہے بلکہ اُن دنون مین تو اسلام کا سر کچلنے کی جگہ مین پڑا ہوا تہا اور مسلمانون پر ایسی مصیبتین پڑی ہوئین

وردت علی المسلمین مصائب الی حدٍ یجری الدموع قصتھا من المقلتین وتشوی

تہین کہ اُن مصیبتون کا قصہ آنکھون سے آنسو جاری کر دیتا ہے اور دلون کو درد کی آگ سے بریان کرتا ہے

القلوب بنار الآلام فھل من منصف ینظرھا ویخاف قھر رب العلام ام انعدم الانصاف

پس کوئی منصف ہو !!! جو خدا سے ڈرے اور سوچے یا یہ کہ انصاف مخالفون کے دلون سے اُٹھ ہی گیا

من قلوب المخالفین۔ ھذا ھو الحق ولا نخبأ الحق ولا نسترہ والنفاق عندنا اکبر الذنوب

ہے اور یہی بات حق ہے اور ہم حق کو پوشیدہ نہین کرتے اور چہپاتے ہین اور نفاق ہمارے نزدیک سب گناہون سے

والریاء اخطر الخطوب ومن سیر الظالمین المشرکین۔

بڑا ہے اور ریا سب کامون سے زیادہ خطرناک ہے اور ظالمون اور مشرکون کی صفات مین سے ہے

فخلاصۃ قولنا ان مسئلۃ الغزوۃ والجہاد لیست محور الاسلام واستقسہ

پس ہماری قول کا خلاصہ یہ ہے کہ مسئلہ دینی لڑائی اور جہاد کا کچھ ایسا مسئلہ نہین جسکو اسلام کا محور اور استقس کہا جائے

کما فھمہ الجاھلون المخالفون او المتجاھلون من المسلمین بل وردت فی کتاب اللہ تصریحات

جیسا کہ جاہل مخالف سمجھتے ہین یا جیسا کہ بناوٹ سے جاہل بننے والے بعض مسلمان خیال کرتے ہین بلکہ کتاب اللہ مین اسکے برخلاف تصریحات

بایات

علے خلافہا کما سمعت آیات رب العالمین سواما العقیدۃ المشہورۃ اعنی قول بعض
جیسا کہ تو نے آیتون کو سن لیا اور عقیدہ مشہورہ یعنے قول بعض

العلماء ان المسیح الموعود ینزل من السماء و یقاتل الکفار ولا یقبل الجزیۃ بل اما القتل
علماء کا جو مسیح موعود آسمان سے نازل ہوگا اور کفار سے لڑیگا اور جزیہ قبول نہین کریگا بلکہ دو

واما الاسلام فاعلموا انہا باطلۃ و مملوۃ من انواع الخطاء والزلۃ ومن امور تخالف
باتون مین سے ایک ہوگی یا قتل یا اسلام پس جاننا چاہئے کہ یہ عقیدہ سراسر باطل ہی اور طرح طرح کے خطاؤن اور لغزشون سے بہرا ہوا ہے

نصوص القرآن وما ھی الا تلبیسات المفترین۔ یا حسرۃ علیہم انہم اطرؤا عیسٰی من
اور قرآن کی نصوص صریحہ کے مخالف پڑا ہوا ہے سو وہ صرف مفترون کا افترا ہے اپر افسوس کہ انہون نے حضرت عیسی کو حد سے

غیر حق حتے قال بعضہم انہ ملک کریم ولیس من نوع الانسان وقال بعضہم ان ھو الا
زیادہ بڑھا دیا یہانتک کہ بعض نے کہا کہ وہ فرشتہ ہی انسان نہین اور بعض نے کہا وہ ایک کلمہ

کلمۃ اللہ و روح اللہ ولیس فی ھذہ المرتبۃ شریک لہ ورد بعضہم علیہ حواشی اخری وقال ھو
اور روح اللہ ہے اور اس صفت مین اسکا کوئی شریک نہین اور بعض نے اسپر اور حاشیے چڑھائے اور کہا کہ وہ

مخلوق اقرب الی اللہ وافضل من الملائکۃ فان الملائکۃ لا یرفعون الی العرش وھو مرفوع
ایک الگ مخلوق ہی جو فرشتون سے بڑھکر ہے کیونکہ ملایک تو عرش پر جا نہین سکتے مگر وہ عرش پر بیٹھا ہے کیونکہ

علے العرش لانہ مرفوع الی اللہ فہو افضل من الملائکۃ کلہم ومن کل ما خلق وذرء ھذا
خدا تعالی کیطرف اسکا رفع ہوا ہے اور خدا عرش پر ہی پس وہ ہر ایک فرشتہ اور ہر ایک مخلوقات سے افضل ہے یہ تو

بیان بعض العلماء واما صاحب الانسان الکامل عبد الکریم الذی ھو من المتصوفین
بعض علماء کا قول ہے مگر صاحب کتاب انسان کامل عبد الکریم نے جو متصوفین مین سے ہے

فبلغ الامر الی النہایۃ وقال ان التثلیث بمعنے حق ولا حرج فیہ وان عیسے کذا وکذا بل
اس بارے مین حد ہی کردی اور کہا کہ تثلیث ایک معنی کے روسے حق ہی اور اسمین کچھہ حرج نہین عیسی ایسا اور ایسا ہی بلکہ

اشار الی انہ لیس بمخلوق ومنہم من اعتدی فی کذبہ وقال بسم اللہ الاب والابن
اسطرف اشارہ کردیا کہ وہ خدا تعالی کی مخلوق مین سے نہین ہی اور بعض آدمی جہوٹھ بولنے مین بہت بڑھ گئے اور یہہ لکہا کہ بسم اللہ الاب والابن

وروح القدس کذلک ایدوا الفریۃ ونصروھا وکان الکذب فی اول الامر قلیلا
وروح القدس اسیطرح انہون نے جہوٹھ کی تائید کی اور جہوٹھ کو مدد دی اور جہوٹھ پہلے پہلے تو تھوڑا تھا

ثم من جاء بعد کاذب الحق یکذبه کذبا آخر حتی ارتفعت عمارة الکذب و جعل ابن عجوزة

پھر جو شخص ایک جھوٹے کے بعد آیا اسنے کچھ اپنی طرف سے بھی پہلے جھوٹھ پر زیادہ کیا یہانتک کہ جھوٹھ کی عمارت بہت اونچی ہوگئی اور

ابن الله و بعد ذلک جعل الله العالمین الا لعنة الله علی الکاذبین۔ ان عیسی الا نبی الله کانبیاء

ایک بڑھیا عورت کا بچہ خدا کا بیٹا بنایا گیا اور پھر خدا کر کے مانا گیا خبردار رہو جھوٹھوں پر خدا کی لعنت ہو عیسی صرف اور نبیوں کیطرح

آخرین و ان هو الا خادم شریعة النبی المعصوم الذی حرم الله علیه المراضع حتی اقبل علی ثدی امه

ایک نبی خدا کا ہے اور وہ اُس نبی معصوم کی شریعت کا ایک خادم ہے جسپر تمام دودھ پلانے والی حرام کی گئی تھین یہانتک کہ

وکلمه ربه علی طور سینین و جعله من المحبوبین هذا هو موسیٰ فتی الله الذی اشار الله فی

اپنی مان کی چھاتیون تک پہنچایا گیا اور اُسکا خدا کوہ سینا مین اُس سے ہمکلام ہوا اور اسکو پیارا بنایا آوہی موسیٰ مرد خدا ہے جسکی نسبت

کتابه الی حیاته و فرض علینا ان نؤمن بانه حیّ فی السماء و لم یمت و لیس من المیتین

قرآن مین اشارہ ہے کہ وہ زندہ ہے اور ہمپر فرض ہوگیا کہ ہم اسبات پر ایمان لادین کہ وہ زندہ آسمان مین موجود ہے اور مُردون مین سے نہین۔

و اما نزول عیسی من السماء فقد اثبتنا بطلانه فی کتابنا الحمامة

مگر یہہ بات کہ حضرت عیسیٰ آسمان سے نازل ہونگے سو ہمنے اس خیال کا باطل ہونا اپنی کتاب حمامة البشری مین بخوبی ثابت

و خلاصته انا لا نجد فی القرآن شیئا فی هذا الباب من غیر خبر وفاته الذی نجد هک فی

کر دیا ہے اور خلاصہ اسکا یہ ہے کہ ہم قرآن مین بغیر وفات حضرت عیسیٰ کے اور کچھہ ذکر نہین پاتے اور وفات کا ذکر نہ ایک جگہ

مقامات کثیرة من الفرقان الحمید نعم جاء لفظ النزول فی بعض الاحادیث و لکنه لفظ

بلکہ کئی مقامات مین پاتے ہین ہان بعض احادیث مین نزول کا لفظ آیا ہے لیکن وہ لفظ ایسا ہے کہ

قد کثر استعماله فی لسان العرب علی نزول المسافرین اذا نزلوا من بلدة ببلدة او من

زبان عرب مین اکثر استعمال اُسکے مسافرون کے حق مین ہے جب وہ ایک شہر سے دوسرے شہر مین

ملک بملک متغربین۔ و النزیل هو المسافر کما لا یخفی علی العالمین۔

وارد ہوون اور یا ایک ملک مین دوسرے ملک مین سفر کر کے آوین اور نزیل تو مسافر کو ہی کہتے ہین جیساکہ جاننے والون پر پوشیدہ نہین۔

و اما لفظ التوفی الذی یوجد فی القرآن فی حق المسیح و غیره من بنی

مگر توفی کا لفظ جو قرآن مین حضرت مسیح اور دوسرون کے حق مین پایا جاتا ہے سو اُسمین بغیر معنی مارنیکے اور کوئی

آدم فلا سبیل فیه الی تاویل اخری بغیر الاماتة و اخذنا معناه من النبی و من اجل الصحابة

تاویل نہین ہوسکتی اور یہ معنے مارنے کے ہمنے نبی صلے اللہ علیہ وسلم اور اُس کے بزرگ صحابہ سے لئے ہین

+ (الفائدة) کلم الله موسیٰ علی جبل و کلم الشیطان عیسیٰ علی جبل فانظر الفرق بینهما ان کنت من الناظرین — منه

لا من عند انفسنا وانت تعلم ان الاماتة امر ثابت دائم داخل فی سنن اللہ القدیمۃ

یہ نہیں کہ اپنی طرف سے گھڑے ہیں اور تو جانتا ہے کہ مارنا ایک امر ثابت و دائم الوقوع اور خدا تعالیٰ کی قدیم سنتوں میں داخل ہے

وما من رسول الا توفی وقد خلت من قبل عیسٰی الرسل فاذا تعارض لفظ التوفی ولفظ

اور کوئی نبی ایسا نہیں جو فوت نہ ہوا ہو اور حضرت عیسیٰ سے پہلے جو نبی آئے وہ فوت ہو چکے ہیں اور جبکہ لفظ نزول اور لفظ توفی

النزول فان سلمنا وفرضنا صحت الحدیث فلابد لنا ان نؤول لفظ النزول فانہ لیس

میں معارضہ واقع ہوا پس اگر ہم حدیث کی صحت کو قبول کر لیں تاہم ہمارے لئے ضروری ہے کہ نزول کے لفظ کی تاویل کریں کیونکہ وہ

بموضوع لنزول رجل من السماء بل وضع لنزول مسافر من ارض بارض فما کان لنا

دراصل آسمان سے اترنے کے معنوں کیلئے موضوع نہیں ہے بلکہ وہ تو مسافروں کے نزول کیلئے وضع کیا گیا ہے سو یہ تو ہم سے نہیں

ان نترک معنے وضع لہ ھذا اللفظ فی لسان العرب ونرد بیّنات القرآن وما نجد ذکر

ہو سکتا کہ اصل موضوع لہ کو چھوڑ دیں اور قرآن کی بیّنات کو رد کریں اور ہم کسی حدیث صحیح میں

السماء فی حدیث صحیح وما نجد نظیر النزول فی امم اولیٰ بل یثبت خلافہ فی قصۃ یوحنا

آسمان کا لفظ بھی نہیں پاتے اور ہم اس نزول کی نظیر پہلی امتوں میں بھی نہیں پاتے بلکہ قصہ یوحنا میں اسکے

فلا شک ان ھذہ العقیدۃ اعنے عقیدۃ نزول المسیح من السماء مبتلاۃ بامراض لا بمرض واحد

خلاف پاتے ہیں پس کچھ شک نہیں کہ اس عقیدہ کو نہ ایک بیماری بلکہ کئی بیماریاں لگی ہوئی ہیں۔

یخالف بیّنات القرآن ویکذب امر ختم النبوۃ ویبائن محاورات القوم ویخالف الآثار

قرآن کی بیّنات کا مخالف ہے ختم نبوت کے امر کی تکذیب کرتا ہے اور قوم عرب کے محاورات کے مغایر پڑا ہے اور ان

التی صرحت فیہا موت المسیح فتفکروا ایہا الناس ان کنتم من المتفکرین۔

احادیث کے برعکس ہے جنہیں حضرت عیسیٰ کی موت کی تصریح ہے۔ پس اے لوگو فکر کرو اگر فکر کر سکتے ہو۔

واما الشق الثانی اعنے محاربات المسیح الموعود بعد النزول کما ھو زعم

اور دوسرا شق یعنے یہ کہ مسیح موعود آترنے کے بعد لڑائیاں کرے گا جیسا کہ بعض

بعض الناس الذی ما کان الا کالغبی الجہول فہو لیس مذہبنا بل عندنا ھو خیال باطل

جہال کا خیال ہے پس یہ ہمارا مذہب نہیں ہے اور ہمارے نزدیک یہ خیال باطل اور فضول ہے جو لائق قبول نہیں اور

لا یصلح للقبول وبعید عن الحق والیقین داخل فی نمط الفضول وکفی لبطلانہ الحدیث الذی موجود فی البخاری

حق اور یقین سے بعید ہے اور اس کے باطل کرنے کے لئے وہ حدیث کافی ہے جو صحیح بخاری میں لکھی ہے

+ الفائدہ

قال اللہ تعالیٰ ان قرآن شریف میں اللہ تعالیٰ
ھذا لفی الصحف الاولیٰ
نے فرمایا ہے کہ پہلی کتابوں میں
صحف ابراھیم وموسیٰ
توریت اور صحف ابراہیم میں
ولکنا لا نجد ذکر صعود
شواہد تعلیم قرآن موجود ہیں
عیسیٰ وذکر نزولہ فی
مگر ہم توریت میں حضرت عیسیٰ
التوراۃ ولا اشارۃ الیہا
کے صعود اور نزول کا کچھ نشان
وان التوریٰۃ امام لذکر
نہیں پاتے اور نہ اسکی کوئی
الامثلۃ کلہا ولاجل ذالک
مثال پاتے ہیں حالانکہ توریت
سماہ اللہ اماما فی
تمام مثالوں کے لئے امام ہے
کتاب مبین
اسی لئے خدا تعالیٰ نے قرآن شریف
میں اسکا نام امام رکھا ہے
منہ

اعنی یضع الحرب یعنی لا یقاتل المسیح الموعود ولا یحارب بل یفعل کلما یفعل بالنظر والھمۃ
یعنے قول آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا یضع الحرب جس کے یہ معنی ہین کہ مسیح موعود کفار سے نہین لڑیگا اور نہ جنگ کریگا بلکہ جو کچھ کریگا
ویجعل اللہ فی نظرہ تاثیرات عجیبۃ وفی انفاسہ برکات غریبۃ ویجعل فی فھمہ وعقلہ
اپنی نظر اور ہمت سے کریگا اور خدا اُسکی نظر مین عجیب عجیب تاثیرات رکھدیگا اور اُسکے فہم اور عقل کو تلوار اور نیزہ کی قوت دیگا اور اُسکو دلائل
قوۃ السیف والسنان ویعطی لہ بیانا مملوا من البرھان وحججا قاطعۃ لعذرات
سے بھرا ہوا بیان عطا کرے گا اور ایسی حجتین اُس کو سکھلاے گا جو اہل طغیان کا قطع
اھل الطغیان فھذہ ھی الحربۃ السماویۃ التی ما صنعھا ایدی الانسان بل اعطیت من
عذرات کرین پس یہی آسمانی حربہ ہے جسکو انسان کے ہاتہون نے نہین بنایا بلکہ رحمان کے ہاتہون
ید اللہ الرحمان ونزلت من السماء لا من اعمال اھل الارضین فالحاصل ان اعتقادنا
سے ملا ہے اور آسمان سے نازل ہوا ہے نہ زمین کی کارستانیون سے پس خلاصہ کلام یہ ہے
ھو ھذا لا کما فھم الواشی الغبی والنمام الدنی فانہ خطاء فاحش عندنا ونخطی قائل تلک
جو ہمارا اعتقاد یہی ہے جو ہمنے ذکر کردیا نہ جیسا کہ اس نکتہ چین کند ذہن اور سفلہ مزاج نے سمجھا اور وہ ہمارے نزدیک صریح غلطی ہے
الاقوال وقد اخطاء من قال ووقع فی ضلال مبین۔ فالحق الذی ارانا الحق الحکیم
اور ہم ایسے قائل کا تخطیہ کرتے ہین بیشک خطا کی جسنے ایسا کہا اور صریح ضلالت مین پڑگیا پس وہ حق جو ہمکو حکیم مطلق نے دکھلایا
وانبانا اللطیف العلیم ھو ان حربۃ المسیح الموعود سماویۃ لا ارضیۃ ومحارباتہ کلھا
اور لطیف علیم نے بتلایا وہ یہی ہے کہ مسیح موعود کا حربہ آسمانی ہے نہ زمینی اور لڑائیان اُسکی روحانی نظرون کے
بانظار روحانیۃ لا باسلحۃ جسمانیۃ وھو یقتل الاعداء بعقد النظر والھمۃ اعنی
ساتہہ ہین نہ جسمانی ہتیارون کے ساتہہ اور وہ دشمنون کو نظر اور ہمت سے قتل کریگا یعنی تصرف باطن اور اتمام
بتصرف الباطن واتمام الحجۃ لا بالسھام والرماح والمشرفیۃ ولہ ملکوت السماء لا ملکوت
حجت کے ساتہہ نہ تیر اور نیزہ اور تلوار سے اور اُس کی آسمانی بادشاہت ہے نہ زمینی۔
الارضین واما الذین ینتظرون مسیحا یاتی بالجنود ویخرج کالاسود ویقتل کل من
اور وہ لوگ جو ایک مسیح کی انتظار کرتے ہین جو لشکرون کے ساتہہ آئیگا اور ہر ایک کافر کو جو ایمان
لم یؤمن من الکافرین۔ وینزل کصاعقۃ محرقۃ من السماء ولا یکون لہ شغل من غیر
نہ لاوے قتل کردے گا اور آسمان سے ایک جلانیوالی بجلی کیطرح نازل ہوگا اور بجز خون ریزی کے اُسکا کوئی اور شغل

سفك الدماء ويكون حريصاً على قتل نفس ولو كان خنزيرا ويأخذ السيف البتار
نہ ہوگا اور وہ قتل کرنے پر بڑا حریص ہوگا اگرچہ خنزیر ہی ہو اور قبل اس کے جو اپنی حجت منکرون
قبل ان يتم حجته على المنكرين۔ فنحن لسنا منهم ولا نعرف ذلك المسيح ولا نعلم ولا ندري
پر پوری کرے آتی ہی تلوار پکڑے گا سو ہم ان لوگوں میں سے نہیں ہیں اور ہم ایسے مسیح کو نہیں پہچانتے اور ہم خدا
اثرا من تلك الاباطيل في كتاب الله المبين۔ فلا نقبل هذه العقيدة ابدا ولسنا من الذين
تعالی کی کلام میں ان عقاید کا کچھ بھی نشان نہیں پاتے اور ہم ایسے نہیں کہ ان باتوں کو ایک اندھے مقلد کی
يقرون به مقلدين كالعمين۔ فالحاصل انه ليس من عقائدنا بل انما هو من عقائد شيخ بطالوي
طرح مان لیں پس حاصل کلام یہ ہے کہ یہ باتیں ہمارے عقائد میں سے نہیں ہیں
صاحب الاشاعة مضل الجماعة على محمد حسين وامثاله الذين هم فلاح تلك الزراعة فالمحصر
بلکہ یہ شیخ بٹالوی کے عقائد ہیں جو صاحب اشاعۃ اور مضل جماعت ہے اور ایسا ہی اسکے ہمخیالوں کا جو اس کھیتی کے
ان هذا المسلك من مساعيهم التي يسعون واراءهم التي ترون وانهم قد رسوا عليه وليسوا
بونے والے ہیں یہی عقیدہ ہے پس خلاصہ کلام یہ کہ یہ انہیں کا مسلک ہے جس پر وہ چل رہے ہیں اور یہ انہیں کی رائیں ہیں جو تم دیکھتے
بالمنتهين الراجعين بل يخبرون عنه على المنابر ويذكرونه متباشرين۔ ومن اعظم مُنيتهم
ہو اور وہ ان خیالات پر خوب جمے ہوئے ہیں اور باز آنیوالے اور رجوع کرنیوالے نہیں ہیں بلکہ منبروں پر چڑھ چڑھ کر یہ خبریں بتلاتے ہیں
النفسانية ان يجيء مسيحهم الموهوم كالمليك الجبار ويقتل كل من في الارض من الكفار ويجمع
اور انکو یاد کرکے ایکدوسرے کو خوشخبری دیتے ہیں اور انکی نفسانی خواہشوں میں سے بڑی خواہش یہی ہے کہ انکا خیالی مسیح دنیا میں آوے اور
غنائم كثيرة قنطارا على القنطار ثم يجعل البطالوي واخوانه من المتمولين واما نحن فلا نعتقد
تمام کافروں کو قتل کرے اور پھر بہت سی لوٹ کے اموال سے بٹالوی اور اسکے بھائیوں کو مالدار کر دیوے مگر ہم ایسا اعتقاد نہیں رکھتے
كذلك بل نعلم انهم اخطأوا في هذه الآراء واجنّهم الليل وبعدوا عن الضياء فما فهموا وما
بلکہ ہم جانتے ہیں کہ ان لوگوں نے اپنی رائوں میں خطا کی اور ایک رات انپر چھا گئی اور روشنی سے دور جا پڑے پس انہوں نے
مسوا مسلك المتبصرين۔ وما سقوا من المعارف النبوية والاسرار الالهية بل اكلوا فضلات
کچھ نہ سمجھا اور سمجھنے والوں کے مسلک کو چھوا بھی نہیں اور انہوں نے معارف نبویہ اور اسرار الٰہیہ میں سے کچھ بھی نہیں پیا بلکہ انہوں نے ان لوگوں کا
قوم ضلوا من قبل ونبذوا كتاب الله وراء ظهورهم ورضوا باقوال الختارين۔ وكان سرّ هذا
فضلہ کھایا جو پہلے ان سے راہ کو بھول چکے تھے اور خدا تعالی کی کتاب کو انہوں نے پس پشت پھینکدیا اور ان لوگوں کی باتوں پر راضی ہو گئے جو دھوکہ دینے والے ہیں۔

العقیدة من أدق المسائل واصعبها فما فهمه آراء سطحیة وعقول ناقصة واختاروا طرقًا
اور اس عقیدہ کا بہید بہت باریک اور مشکل مسائل میں سے تہا اسلئے موٹی سمجہ اور ناقص عقل والے اسکو سمجہ نہ سکے اور اور راہیں جلدی

دون ذلك مستعجلین۔ فتم ما جاء فی فیج اعوج من اصدق الصادقین وان فی هذا برهانًا
سے اختیار کر لین سو وہ پیشگوئی پوری ہوئی جو فیج اعوج کے بارے میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمائی تہی اور وہ اصدق

للمتفکرین ثم تفضل الله علینا وکشف هذا السر فضلًا ورحمًا وهو ارحم الراحمین۔
الصادقین ہے اور فکر کرنیوالوں کے لئے اسمین ایک دلیل ہے پہر خدا تعالی نے ہمپر فضل کیا اور فضل اور رحم سے یہ بہید ہمپر کہولدیا اور وہ ارحم الراحمین ہے

یرقی من یشاء ویحط من یشاء ویجعل من یشاء من العارفین۔ وعلّمنا بتعلیمه وفهمنا بتفهیمه
جسکو چاہتا ہے اوپر لیجاتا ہے اور جسکو چاہتا ہے نیچے پہینکتا ہے اور جسکو چاہتا ہے عارفوں میں داخل کرتا ہے سو ہمنے اسکی تعلیم سے معلوم کیا

وایدنا بتکریمه وهو خیر المؤیدین۔ والهمنا ان الحرب حرب روحانی بنظر روحانی واعجبنی انهم یقرؤن ان عیسی
اور اسکے سمجہانے سے سمجہے اور اس خیر المؤیدین نے ہمکو مدد دی اور ہمارے رب نے ہمیں الہام دیا کہ مسیح موعود کی لڑائیاں روحانی لڑائیاں ہیں جو روحانی

لا یقاتل یاجوج وماجوج بل یدعو علیهم عند اشتداد المصائب وهجوم الاعداء کالسهم الصائب
نظر کے ساتہ ہونگی اور تعجب کہ لوگ پڑہتے ہیں جو عیسے یاجوج ماجوج سے نہیں لڑیگا بلکہ سخت مصیبتون کے وقت بد دعا کرے گا۔

وکذلك یقرؤن لفظ النظر فی کتب الاحادیث ثم ینسونه ولا یتدبرون کالعاقلین ختم الله علی
اور نیز وہ لفظ نظر کا کتب احادیث میں پڑہتے ہیں اور پہر بہول جاتے ہیں اور عاقلوں کیطرح نہیں سوچتے خدا تعالی نے

قلوبهم فلا یفهمون دقیقة من دقائق المعرفة ولا نکتة من نکات الحکمة بل نری ان ذهنهم
ان کے دلون پر مہر کردی پس وہ معرفت کی دقیقون میں سے کسی دقیقہ کو اور حکمت کے نکتون میں سے کسی نکتہ کو ہی نہیں سمجہتے بلکہ ذہن ان کا

منزمهر وجنه مکفهر فلا یستشفون لآلی الحقائق ولا یمعنون فی الدقائق ویسبحون علی سطح الالفاظ ولیسوا فی
بہت ٹہنڈا پڑگیا ہے اور باول ان ذہن کا تہ بتہ ہے پس وہ حقیقت کے موتیون کو عمیق نظر سے دیکہ نہیں سکتے اور الفاظ کی سطح پر تیرتے

بحر المعانی غواصین۔ ومن یفهم رجلًا ما فهمه الله ومن لم یهده الله فکیف یکون من المهتدین
ہیں اور معانی کے دریا میں غوطہ نہیں مار سکتے اور ایسے آدمی کو کون سمجہائے جسکو خدا نے نہیں سمجہایا اور جسکو خدا نے ہدایت نہیں دی وہ کیونکر ہدایت یابہ ہو جائے

هذه هی العقیدة التی اشهرناها فی کتبنا غیر مرة ولاجل ذلك کفرنا
یہ وہی عقیدہ ہے جسکو ہمنے اپنی کتابون میں کئی جگہ ذکر کیا ہے اور انہی امور کے لئے ہم کافر ٹہرائے گئے

واوذینا وکذبنا وافردنا کالذی یترك فی البوادی والفلوات منفردا فنحن فی هذه الاوان
اور دکہہ دئے گئے اور جہٹلائے گئے اور ہم ایسے اکیلے چہوڑے گئے جیسا کہ کوئی جنگل میں اکیلا چہوڑ دیا جاتا ہے سو ہم اس وقت ایک ایسے مسافر کی طرح ہیں

كغريب في خانٍ لا كشغب في حماية اخوان لانريد الرياسة بل آثرنا الخصاصة ونبذنا

جو سرائے میں آترا ہوا ہو نہ ایسے شخص کی طرح جو فساد کرنیوالا اور اپنے بھائیوں کی حمایت میں مفسدہ پرداز ہو ہم کسی ریاست کو نہیں چاہتے

فروة امارة ورضينا بعباءة فقر وما بالينا طعن نظّارة ولا لوم اللائمين - فلا تبا وريا لا

بلکہ درویشی اختیار کی اور ہمنے ریاست کی پوستین کو پھینکدیا اور فقیرانہ گودڑی اختیار کرلی اور دیکھنے والوں کے طعن اور ملامت کی کچھ بھی پروا نہ کی - سو اے

كاس قسيسين الى ظن السوء ولا تنفض هذه يديك فان امرنا متبين واضح وليس

پادریوں کے پیالے چاشنے والے بدظنی کیطرف جلدی مت کر اور اپنے شر میں مت ہلا کیونکہ ہمارا حال روشن ہے اور کوئی بات تیرے اختیار

شئ في يديك ولست من الحاكمين - فان كنت تشتاق ان تسقري طرق النميمة فاعلم

میں نہیں اور نہ تو حاکم ہے اور اگر تجھے یہی شوق ہے کہ نکتہ چینی کی راہوں کو ڈھونڈے پس جان کہ

انك خائب ولا يحصل لك شئ من غير ظهور سيرك الذميمة ولا تقدر ان تخفي ما ابدا ربنا

کہ یہ مطلب تیرا پورا نہیں ہوگا اور تو نامراد رہے گا اگر ہوگا تو یہی کہ تیری بری خصلتیں ظاہر ہونگی اور تو اسپر قادر نہیں ہو سکیگا

ولا تضر من حفظه الله وهو خير الحافظين - فاعرض عنها واشتغل بنضرة دنياك وخضرتها

کہ جس چیز کو خدا نے ظاہر کیا اسکو چھپاوے اور جسکو خدا بچائیگا پھر تو اسکو ضرر نہیں پہنچا سکتا اور خدا سب حافظوں سے بہتر ہے پس تو ان باتوں سے کنارہ کر اور

واصطبح واغتبق وافرح على جيفتها ولا تدخل فيما لست اهله ولا تغضب ولا تشتعل فان مقت الله

اپنی دنیا کی تازگی اور سبزہ میں مشغول رہ اور دن رات شراب پی اور دنیا کی مردار پر خوشی کر اور ان باتوں میں دخل مت دے جنکی لیاقت تجھ میں نہیں اور غضبناک

اكبر من مقتك وان ناره تحرق الظالمين -

نہ ہو اور مت بھڑک کیونکہ خدا تعالی کا غضب تیرے غضب سے زیادہ ہے اور اسکی آگ ظالموں کو جلا دیتی ہے -

والعجب ان اكابر المسيحيين خدعوا فيك وما عرفوك حق المعرفة الى هذا الوقت وعجزوا

اور تعجب کہ بڑے پادریوں نے تجھ میں دہوکا کھایا اور اسوقت تک تجھ کو نہیں پہچانا جیسا کہ حق پہچاننے کا ہے

من فض سترك وكشف دعواك وادراك عمقك واكلتهم كالخادعين - يا حسرة عليهم لم يضيعون اموالهم

اور تیرے بھید کے پہچاننے اور تیری تہ تک پہنچنے سے قاصر رہے اور تونے دہوکا دینے والوں کی طرح انکو کھا لیا - آنپر افسوس کہ وہ کیوں تیرے جیسے

على امثالك ولم لا يرجعون الى اليقظة بعد التجارب المولمة ولم لا يعرفون البطالين -

لوگوں پر اپنے مال ضایع کر رہے ہیں اور کیوں دکھ دینے والے تجربوں کے بعد بیدار نہیں ہوتے اور کیوں بطالوں کو نہیں شناخت کرتے -

واما قولك ان قسيسي هذا الزمان ليسوا دجالا معهودا فهذا دجلك الاكبر

اور تیرا یہ قول کہ اس زمانہ کے پادری دجال نہیں ہیں تو یہ تیری دجالیت ہے اور تو نے مجھے

وسئلت عنی دلیلاً علیه فاعلم ان هذا لیس قولی بل قاله المسیح من قبلی فانظر

اس دعوے کی دلیل پوچھی تھی سو تجھے معلوم ہو کہ یہ فقط میرا ہی قول نہیں بلکہ مجھ سے پہلے مسیح نے یہی یہی کہا ہے سو تو

فی انجیل لوقا فی الاصحاح الثالث من آیة ۲۴ الی ۳۰ فستجد ما قلنا بمزایاه

انجیل لوقا تیسرے باب چوبیس آیت مین غور کر کہ یہی قول ہمارا مع شے زائد پاسے گا اور

وهو هذا یا عدو الطیبین فقال لهم اجتهدوا ان تدخلوا من الباب الضیق فانی اقول

وہ یہ ہے اے پاکون کے دشمن — پس مسیح نے انسے یعنے حواریون سے کہا کہ کوشش کرو تا تنگ دروازے سے داخل ہو کیونکہ

لکم ان کثیرین سیطلبون ان یدخلوا ولا یقدرون من بعد ما یکون رب البیت قد قام

مین تمہین کہتا ہون کہ بہتیرے چاہین گے کہ داخل ہون پر داخل نہین ہو سکین گے اسکے بعد گہر کا مالک اُٹھا اور

واغلق الباب وابتدءتم تقفون خارجًا وتقرعون الباب قائلین یا رب یا رب افتح لنا —

دروازہ بند کر لیا اور تمنے دروازے کے باہر کہڑے ہو کر یہ بات کہتے ہوئے دروازہ کو کہٹکہٹانا شروع کیا کہ اے ہمارے مالک اے ہمارے مالک ہمارے لیے

یجیب ویقول لکم لا اعرفکم من این انتم حینئذ تبتدءون تقولون اکلنا قدامک وعلمت

وہ جواب دیگا اور کہیگا کہ مین نہین پہچانتا کہ تم کہان سے ہو اسوقت تم یہ کہنا شروع کروگے کہ ہمنے تیرے سامنے کہایا اور تونے ہماری

فی شوارعنا فیقول اقول لکم لا اعرفکم من این انتم تباعدوا عنی یا جمیع فاعلی الظلم هناک

گلیون مین تعلیم دی پس وہ کہیگا کہ مین تمہین کہتا ہون کہ مین تمہین نہین پہچانتا کہ تم کہان سے ہو اے ظلم پیشہ لوگو میرے سامنے

یکون البکاء وصریر الاسنان متی رأیتم ابراهیم واسحاق ویعقوب وجمیع الانبیاء فی ملکوت

سے دور ہو اسوقت رونا اور دانت پیسنا ہوگا جب تم دیکہوگے کہ ابراہیم اور اسحاق اور یعقوب اور تمام انبیا خدا کی بادشاہت مین

الله وانتم مطروحون خارجًا ویاتون من المشارق والمغارب ومن الشمال والجنوب ویتکئون

داخل ہوئے اور تم باہر ڈالے گئے اور مشرق اور مغرب اور شمال اور جنوب سے آئینگے اور خدا کی بادشاہت مین

فی ملکوت الله وهوذا آخرون یکونون اولین واولون یکونون آخرین — هذا ما کتبنا من

بیٹھین گے تب جو پچھلے ہین وہ پہلے ہونگے اور جو پہلے ہین وہ پچھلے ہون گے — یہ وہ مضمون ہے جو ہمنے

کتابکم انجیل لوقا بعبارته العربیة وما زدنا وما نقصنا بل رقمناه کما هو کالناقلین

تمہاری انجیل لوقا مین سے اس کی عربی عبارت مین لکہا ہے اور ہمنے زیادہ کیا اور نہ کم کیا بلکہ جیسا وہ تہا ویسا ہی نقل کر دیا ہے

وللمستنکرین المستعرفین ان یرجعوا الی ذلک الکتاب ان کانوا من الممترین

اور وہ لوگ جو منکر اور تحقیق کے طالب ہین انکو اختیار ہے کہ اگر انکو ہماری تحریر مین شک ہو تو اس کتاب

فلا تضرب عنه صفحًا ولا يلفحك الحقد لفحًا وفكر كالمنصفين۔ وانظر ان المسيح

پس اسکی انکار مین موںہہ ٹہرا نہ کر ایسا نہ ہو کہ کینہ تجہہ کو جلادے اور منصفون کیطرح فکر کر اور اس بات مین غور کر

سماكم فى هذه الآية قاعلى الظلم وقال لعرض عنكم فى يوم القيامة واتصدى بالصد

کہ حضرت مسیح نے اس آیت مین تمہارا نام ظالم رکہا ہے اور کہا کہ قیامت کے دن تمسے کنارہ کرون گا اور کہون گا کہ تم میری جماعت

واقول لستم مني ولا من هذا الجنود فاخسئوا يا معشر الظالمين الكافرين۔

مین سے نہین ہو سوائے ظالمو کافرو دور ہو

اشار الى انكم لبستم الحق بالباطل وتركتم امره وكنتم قومًا دجالين۔ وانت تعلم

اور اس بات کیطرف اشارہ کیا کہ تمنے حق کو باطل کے نیچے چہپا دیا اور تم ایک دجال قوم ہو اور تجہے معلوم ہو کہ

ان حقيقة الظلم وضع الشئ فى غير موضعه عمدًا وبالارادة لينتقب وجه المحجة

ظلم کی حقیقت یہ ہے کہ ایک شئے اپنے موقعہ سے اوٹہاکر عمدًا غیر محل پر رکہی جائے تا راہ چہپ جاوے اور استفادہ

ويسد طريق الاستفادة ويلتبس الامر على السالكين۔ فالظالم هو الذى يحل محل

کا طریق بند ہوجاوے اور چلنے والون پر بات ملتبس ہوجاوے پس ظالم اس کو کہین گے جو محرفون

المحرفين ويبدل العبارات كالخائنين ويجترء على الزيادة فى موضع التقليل والتقليل

کا کام کرے اور خیانت پیشہ لوگونکی طرح عبارتون کو بدلادے اور جرأت کرکے کم کی جگہ زیادہ کرے اور زیادہ کی جگہ کم

فى موضع الزيادة كيفا وكما وينقل الكلمات من معنى الى معنى ظلمًا وزورًا من غير

کردیوے کیا کیفیت کی رو سے اور کیا کمیت کی رو سے اور محض ظلم اور جہوٹہ کی راہ سے کلمون کو ایک معنی سے دوسرے

وجود قرينة صارفة اليه ثم ياخذ يدعو الناس الى مفترياته كالخادعين۔ وما

معنون کیطرف لیجائے حالانکہ اسکے اس فعل کے لئے کوئی قرینہ مددگار نہ ہو اور پہر اس بناء پر دہوکہ دینے والون کیطرح

معنى الدجل والدجالة الا هذا فليفكر من كان من المفكرين

لوگون کو اپنی مفتریات کیطرف بلانا شروع کرے اور دجالیت کے معنی بجز اسکے کچہہ نہین پس جو شخص فکر کرسکتا ہے اسمین فکر کرے

والقي في روعي ان المسيح سمى الآخرين من النصارى الدجالين

اور میرے دلمین ڈالا گیا ہے کہ حضرت مسیح نے آخری زمانہ کے نصاری کا نام دجال کہا اور ایسا

لا الاولين وان كان الاولون ايضًا داخلين فى الضالين المحرفين والسر فى ذلك

نام پہلون کا نہین رکہا اگرچہ پہلے بہی گمراہون مین داخل تہے اور کتابون کی تحریف کرنیوالے تہے سو اسمین بہید یہ ہے

ان الاوّلین ما کانوا مجتہدین ساعین لاضلال الخلق کمثل الآخرین بل ما کانوا
کہ پہلے نصاریٰ خلق اللہ کے گمراہ کرنیکے ایسی سخت کوششین نہین کرتے تہے جیسی پچہلون نے کین بلکہ وہ ان کوششون پر
علیہا قادرین وکانوا کرجل مُصفد فی السلاسل ومقرن فی الحبال وکالمسجونین
قادر نہیں تہے اور ایسے تہے جیسے کوئی زنجیرون مین جکڑا ہوا اور قیدی ہو۔
واما الّذین جاؤا بعدھم فی زماننا ھذا ففاقوا اسلافھم فی الدجل والکذب ووضع اللہ
مگر وہ لوگ جو انکے بعد ہمارے اس زمانہ مین آئے وہ دجالیت مین اپنے پہلے بزرگون سے بڑہ گئے اور خدا تعالیٰ نے اپنے
عنہم اصرھم واغلالھم ونجاھم عن السلاسل التی کانت فی ارجلھم ابتلاء من عندہ
بندون کا امتحان کرنیکے لئے انکی ہتکڑیان اور انکے طوق گردنون کو ان سے الگ کر دیا اور ان زنجیرون سے ان کو
وکان قدرًا مقضیًا من رب العالمین وکان قدر اللہ ان یبرزوا بعد الف سنۃ من الھجرۃ حتی
نجات دیدی جو ان کے پیرون مین تہے اور یہی ابتدا سے مقدر تہا اور ایک ہزار ہجری گذرنیکے بعد ان کا خروج شروع
ظہروا فی ھذہ الایام کغول خُلص واخرج من السجن ثم استوی علی راحلتہ واوی الی ذراری
ہوا یہان تک کہ ان دنون مین وہ ایک ایسے دیو کیطرح ظاہر ہوئے جو زندان سے نکلا اور اپنی سواری پر سوار ہوا اور اپنے
وحزب خلقوا علی شاکلتہ وکانوا لقبولہ مستعدین۔ ثم اشاعوا کیف شاؤا من انواع الکفر
ان عزیزون اور اس گروہ کیطرف رخ کر لیا جو اسکے مادہ کے موافق اور اسکے قبول کرنیکے لئے مستعد تہے۔ پہر انہون نے
واصناف الوساوس وکانوا قومًا متمولین۔ وھذا ھو الذی کتب فی الصحف الاولی ان الثعبان
جس طرح چاہا کفرون کو شائع کیا اور طرح طرح کے وساوس پہیلائے کیونکہ وہ ایک مالدار قوم ہے اور یہی پیشگوئی ہے جو پہلی کتابون مین
الذی ھو الدجال یلبث فی السجن الی الف سنۃ ثم یخرج بفوج من الشیاطین فلیتذکر
لکہی گئی ہے کہ وہ اژدہا جو دجال ہے ہزار برس تک قید رہے گا اور پہر ہزار برس کے بعد شیاطین کی ایک فوج کے ساتہ نکلیگا
من کان من المتذکرین۔ کذلک خلصوا بعد الالف وتناسوا ذمام اللہ ونکثوا عہودہ
سو اسی طرح وہ ہزار برس کے بعد نکلے اور خدا کی حرمت اور اسکے عہد کو بہلا دیا اور کل عہدون کو توڑ دیا
واحفظوا ربھم مجترئین۔ وجمعوا کل جہدھم لاضلال الناس واستجدوا المکائد
اور شوخیان کرکے اپنے رب کو غصہ دلایا اور اپنی تمام کوششون کو لوگون کے گمراہ کرنے مین اکٹہا کر دیا
کالخناس وجاؤا بسحر مبین۔ واضاعوا التقویٰ والعمل الصالح واتکاؤا
اور تمام تدابیر کو کام مین لائے اور تقوے اور نیک عمل کو ضائع کیا اور ایسے

علی کفارۃ لا اصل لہا واتبعوا کل اثم واستعذبوا کل عذاب وکذبوا

کفارہ پر تکیہ کر بیٹھے جس کی کچھہ بھی اصل نہیں اور ہر ایک گناہ کی اونہوں نے پیروی کی اور ہر ایک عذاب کو شیرین

المقدسین وتجسّوا وقالوا نحن عباد المسیح واحبائہ وھیھات ان تراجع الفا سفلین

سمجھہ لیا اور پاک لوگوں کی تکذیب کی اور کوشش کی جو انکے عیب ڈھونڈھیں اور کہا کہ ہم مسیح کے بندے اور اسکے پیارے ہیں مگر کہان

مقت الصالحین ۔ وقد سمعت آنفًا ان المسیح سماھم فاعلی الظلم وسمعت ان الظلم

ہو سکتا ہے کہ ایسے فاسقوں کے ساتھ نیکبختوں کا میل جول ہو اور تو ابھی سن چکا ہے کہ مسیح نے انکا نام ظلم کے مرتکب اور بدکار رکھا ہے اور تو نے

والدجل شیٔ واحد وقد قال اللہ تعالی آتت اکلہا ولم تظلم منہ شیئًا ای لم تنقص

یہ بھی سن لیا ہے کہ ظلم اور دجالیت ایک ہی چیز ہے جیسا کہ اللہ جلشانہ فرماتا ہے کہ اس باغ نے اپنا پورا پہل دیا اور اسمین سے کچھہ کم نہ کیا

واطلاق الظلم علی النقص الذی کان فی غیر محلہ او الزیادۃ التی لیست فی موضعہا

اور لفظ ظلم کا ایسی کمی پر اطلاق کرنا جو غیر محل ہو یا ایسی زیادتی پر جو بے موقع ہے ایک ایسا امر ہے

امر شائع متعارف فی القوم وھذا ھو الدجل کما لا یخفی علی المتبصرین ۔

جو قوم میں شائع متعارف ہے اور اسی کا نام دجالیت ہے جیسا کہ سمجھہ دار لوگوں پر پوشیدہ نہیں ۔

فلا شک ان قسیسی ھذا الزمان دجالون کذابون یھلکون عوام الناس

پس کچھہ شک نہیں کہ اس زمانہ کے پادری دجال کذاب ہیں جو عام لوگوں کو اپنے افسونہ کی

من نفثات فیہم وکل نوع خداع فیہم الختر یلمع من جبہتہم والتلبیس من صورتہم وکانجد

پھونکوں اور اپنے فریبوں سے ہلاک کر رہے ہیں فریب انکی پیشانیوں پر چمکتا ہے اور حق پوشی انکی صورت سے ظاہر ہے

فی مکایدھم ودجلہم نظیرھم فی تصاریف الزمان ولا مثیلہم فی نوع الانسان یقتحمون

اور ہم انکے فریبوں اور انکی دجالیت میں اگلے پچھلے زمانہ میں کوئی نظیر نہیں پاتے اور نہ نوع انسان میں انکی مانند دیکھتے

الاخطار لیضلوا الدیار ویبذلون المال للذی رغب الی دینہم ومال وتجدھم فی کل

ہیں مشکل جگہوں میں گمراہ کرنیکے لئے دھس جاتے ہیں اور بہت سا مال ایک ایسے آدمی پر خرچ کر دیتے ہیں جو انکے دین کیطرف رغبت کرے

تلبیس وسیع المورد وفی کل خداع مبسوطۃ الید وتجدھم فی کل کید ماھرین ۔ وکما ان

اور ہر ایک فریب میں ان کا ایک بڑا وسیع گھاٹ ہے اور ہر ایک مکر میں بڑے لمبے ہاتھہ ہیں اور وہ ہر ایک منصوبہ میں ماہر ہیں اور جیسا کہ

المسیح یسمیہم الدجالین فاعلی الظلم کذالک القرآن سماھم دجالین ۔ وقال یا اھل

مسیح علیہ السلام نے انکا نام دجال رکھا ہے اسیطرح قرآن بھی انکو دجال کے نام سے موسوم کرتا ہے کیونکہ قرآن نے فرمایا ہے اے اہل

الکتاب لِمَ تلبسون الحق بالباطل وتکتمون الحق وانتم تعلمون۔ یعنی لِمَ لا تتجافون

کتاب کیون باطل کے ساتھ حق کو مخلوط کرتے ہو اور تم دانستہ حق کو چھپا رہے ہو یعنے کیون تم اس بات سے

عن الاشتطاط فی تحریف کلمات اللہ وانتم تعلمون ان الصدق وسیلۃ الفلاح

کنارہ نہین کرتے کہ الہی کلمات کی تحریف مین حد سے زیادہ بڑھے جاتے ہو اور تم جانتے ہو کہ سچائی نجات کا موجب

والکذب من آثار الطلاح وفی التزام الحق نباھۃ وفی اختیار الزور عاھۃ فایاکم

اور جھوٹھ تباہی کی علامت ہے اور حق کے اختیار کرنے مین نیکنامی اور جھوٹھ کے اختیار کرنے مین آفت ہے سو تم

وطرق الکذابین۔ فاشار اللہ فی ھذا ان علماء النصاری ھم الدجالون المفسدون

کذابون کا طریق چھوڑ دو۔ پس اس آیت مین خدا تعالی نے اس طرف اشارہ کیا کہ نصاری کے علماء درحقیقت دجال اور مفسد

اعداء الحق واھلہ نسوا ظلمۃ الرمس فلا یذکرون مأتم وحب الشہوات فیہم عمّ

ہین اور حق اور حق پرستون کے دشمن ہین قبر کی تاریکی کو بھلا دیا سو وہ اس خوف کو جو اس جگہ ہے یاد نہین کرتے اور نفسانی شہوتون کی

وتم وغاب اثر الدین۔

محبت انہین پھیل گئی اور کمال تک پہنچ گئی اور دین کا نشان گم ہو گیا۔

واشرب حسّی ونبأنی حدسی انہم لا یمتنعون ولا ینتہون حتی یروا

اور میری دانش اور میری فراست یہ خبر دیتی ہے کہ یہ گرستان تو عیسائی فساد سے باز نہین آئینگے جبتک خدا تعالی کے

مثل سنن اللہ التی خلت من قبل ویروا ابا غمرۃ الذی یضرم فی الاحشاء الجمرۃ

کے ان قوانین قدیمہ کو نہ دیکھ لین جو پہلے گذر چکے ہین اور جبتک ایسی بھوکھ کو نہ دیکھ لین جو اندر کو جلاتی ہے اور جبتک ایسے درد ناک نہ ہو

ویکونوا کالجریح نوب متالمین۔ فحاصل الکلام انہم الدجال المعہود وانا المسیح الموعود

جائین جیسا کہ کوئی حوادث کا مارا ہوتا ہے۔ پس حاصل کلام یہ ہے کہ یہی لوگ دجال معہود ہین اور مین مسیح موعود ہون

وھذا فیصلۃ اتفق علیہ القرآن والانجیل واکدھا الرب الجلیل فما لکم لا تقبلون

اور یہہ وہ فیصلہ ہے جس پر قرآن اور انجیل دونون اتفاق رکھتے ہین اور اسکو موکد طور پر خدا تعالی نے بیان فرمایا ہے پس کیا

فیصلۃ اتفق علیہا حکمین عدلین القرون من الامر الواضح وتعرضون عرضکم للمفاضح

وجہ کہ تم ایسے فیصلہ کو قبول نہین کرتے جس پر دو عادل حاکمون نے اتفاق کیا ہے کیا تم ایک کھلی کھلی امر سے گریز کرتے اور اپنی آبرو کو رسوا

وتعرضون عن نصاحۃ الناصح وتسیرون متنعلین سما لکم لا تتنبہون علی ھذا

[illegible] نصیحت سے کنارہ کش اور مستعمل ہو کر گالیان نکالتے ہو تمہین کیا ہو گیا کہ تم ان باتون سے متنبہ ہو کر

ولا تخافون ولا تدمع اجفانکم ولا يبيد عر جفانکم ولا تتوبون متندمين - الا ترون انکم
نہین ڈرتے اور تمہارے آنسو جاری نہین ہوتے اور تمہارے بدن پر لرزہ نہین پڑتا اور پشیمان ہوکر توبہ نہین کرتے - کیا تم نہین دیکھتے
اغربتم وشذذتم فی ھذہ العقائد وترکتم الاصل وتمایلتم علی الزوائد وخالفتم الاولین
کہ انوکھی اور نادر باتین تمہارے عقیدون مین داخل ہین اور تمنے اصل کو چھوڑ دیا اور زائد اور بے اصل باتون پر جھک گئے اور پہلون
والآخرین - لم لا تسمعون قول الداعی ولا تتبعون الراعی بل تلدغون کالافاعی
اور پچھلون کی تمنے مخالفت کی - تم کیون ایک بلانیوالیکی آواز کو نہین سنتے اور چرانیوالیکے پیچھے نہین چلتے بلکہ تم سانپونکی طرح کاٹتے اور دوڑنے
وتثبون کالذئب الساعی وتمشون صما بکما عمیا متکبرین مغرورین - وانما مثلنا
والے بھیڑئے کیطرح حملہ کرتے ہو اور تم اپنے چلنے کیوقت نہ سنتے نہ بولتے نہ دیکھہ سکتے اور تکبر اور غرور مین چلی جاتی ہو اور تمہین دعوت کرنیکو
فی دعوتکم لمثل الذی عاوی عجماء او ینادی صخرۃ صماء او یکلم المیتین - یاحسرۃ
وقت ہماری مثال ایسی ہے جیسے کوئی گونگے سے بات کرے یا ایک پتھر سخت کو بلادے یا مُردون سے بات کرے ہائے ان
واھا علی ھؤلاء المتنصرین کیف یعرضون عن الحق الصریح ولیضجعون ضجعۃ المستریح
کرسٹانون پر افسوس ہے کہ وہ حق سے کنارہ کر جاتے ہین اور ایسے سو رہے ہین جیسے کوئی بڑے آرام سے سوتا ہی اور خوبصورت
ویترکون ذیل الصبیح الملیح ویمیلون الی الشنیع القبیح ویابون الله مغمطین - نبذوا
عقاید کا دامن چھوڑتے اور مکروہ عقیدون کیطرف جھکی جاتی ہین اور ناشکری کے ساتھہ خدا تعالی کی نا فرمانی کرتے ہین خدا تعالی کی حکم کو یون
امرہ نبذ الحذاء المرقع وکفروا بالکتاب الموقع مجترئین -
پھینکدیا جیسی ایک پرانی پھٹی جوتی کو پھینکدیا جاے اور ایسی کتاب سے جسپر آلہی نشان ہی بڑی شوخی سے انکار کر دیا ہی -

الی الدنیا اوی حزب الاجانی
ان لوگون نے جو بہت ہی گناہون مین مبتلا ہین دنیا کو اپنا جا پناہ قرار دیا ہے
وحسبوھا جنیٰ حلوا المجانی
اور دنیا کو ایک شیرین اور سہل الحصول میوہ سمجھہ لیا ہے
نسوا من جھلھم یوم المعاد
اپنی نادانی کے سبب سے معاد کے دن کو بھلا دیا ہے
وترکوا الدین من حب الدنان
اور شراب کے خمون سی پیار کرکے دین کو چھوڑ دیا ہے
تراھم مائلین الی مدام
تو دیکھتا ہے کہ شراب کی طرف یہ لوگ جھک گئے
وغید والغوانی والاغانی
اور ایسا ہی نازک اندام اور حسین عورتین اور گیت انکو دلون کو کھینچتے ہین
وکم منھم اساری عین عین
اور بہتیرے ان مین سی بڑی بڑی آنکھون والی عورتونکے قیدی ہین
ومشغوفین بالبیض الحسان
اور بہتیرے سفید رنگ عورتون کے فریفتہ ہین

لهنّ علی بعولتهنّ حکم — تری کلاً لمنطلق العنانِ

ده عورتین اپنے خاوندون پر حکم کرتی هین — اور سب مطلق العنان اور بے پرده اور شر انگیز هین

دماء العاشقین لهنّ شغل — بعینٍ انجلت ظبیّ القنان

اپنے عاشقون کو قتل کرنا ان عورتون کا کام ہے — آلہ قتل اُنکی آنکھہ ہے جو پہاڑون کے ہرنونکو شرمندہ

ومن عجب جفون فاترات — اربن الخلق افعال السّنان

اور تعجب تو یہ ہے کہ وہ پلکین جو سست اور نیم خواب هین — لوگون کو برچهیون کا کام دکھلا رهی هین —

بناظرة تصید الناس لمحاً — تفوق بلحظها رمح الطعان

ده عورتین اپنی آنکهہ کی نیم نگہ سے لوگونکو شکار کرتی هین — جنکے گوشہ چشم کی ہلکی سی نظر نیزدن کے زخم پر فوقیت رکھتی ہے

وانّی الامن من تلك البلایا — سوی الله الذی ملك الامان

اوران بلاؤن سے نجات پانا لوگون کیلئے غیر ممکن ہے — بجز اسکے کہ اُس خدا کا رحم ہو جو امان بخشنے کا بادشاہ ہے

فعشاق الغوانی والمثانی — اضاعوا الدین من تلك الامانی

سو جو لوگ عورتون اور سرودون کے عاشق هین — اُنہون نے انہین آرزوؤن کے پیچھے دین ضائع کیا ہے

یصدّون الوریٰ من کل خیر — ویغتاظون من تخلیص عانی

لوگون کو وہ ہر یک نیکی کے کام سے روکتی هین — اور اس بات سے غصہ کرتے هین کہ کسی قیدی کو رہا کر دیا جائے

عمایات الرجال تزید منهم — وفتن الدهر تنمو کل آنِ

لوگون مین اُنکے سبب سے گمراہی پھیلتی جاتی ہے — اور فتنے دمبدم بڑھتے جاتے هین

وما من ملجاءٍ من دون ربٍّ — کریم قادرٍ کهف الزمان

اوران آفتون سے بچنے کیلئے بجز اُس خدا کے کوئی گریز گاہ نہین — جو کریم اور قادر اور زمانہ کی پناہ ہے

فنشکو هاربین من البلایا — الی الله الحفیظ المستعان

سو ہم ان بلاؤن سے بھاگ کر اُسی خدا کیطرف شکایت لیجاتے هین — جو اپنے بندون کا نگہبان اور بیقرار دلکی مدد کرنیوالا ہے

جرت حزناً عیون من عیونی — بما شاهدت فتناً کالدخان

میری آنکھون سے مارے غم کے چشمے بہ نکلے — جبکہ مینے اُن فتنون کا مشاہدہ کیا جو دھوئین کی مانند هین

فهل وجدت ثکالی مثل وجدی — اذیً ام هل لهاشان کشانی

پس کیا وہ عورتین جنکے لڑکے مرجائین ایسا غم کرتی هین جو مین کرتا ہون — کیا دکھہ کے وقت ان کا ایسا حال ہوتا ہے جو میرا حال ہے

ولم من ظالم يبغي فسادا
بہتیرے ظالم یہی چاہتے ہین جو دنیا مین فساد اور گناہ پہیلے

وقسيسين اصل الافتتان
اور توحید مین فتنہ اندازی کی جڑہ پادری لوگ ہین

تفاحشهم تجاوز كل حدّ
پادریون کی بدگوئی حد سے زیادہ بڑہ گئی ہے

كان غذاءهم فحش اللسان
گویا بدزبانی اُن کی غذا ہے

فكنت اطالعن كتاب ساب
مینے ایک ایسے شخص کی پادریونمین سے کتاب دیکہی جسمین گالیان ہی ہین

وتمطر مقلتي مثل الرثان
سو مین اس کتاب کو دیکہتا تہا اور میری آنکہونسے مینہ کیطرح آنسو جاری تھے

رئينا فيه كلما محفظات
ہمنے اُس کتاب مین وہ کلمے دیکہے جو غصہ دلانے والے تہے

وسبّ المصطفى بحر الحنان
اور دیکہا کہ اس شخص نے رسول اللہ صلعم کو گالیان نکالی ہین جو بخشایش کا دریا ہے

صبرت عليه حتى عيل صبري
مینے اس بات پر صبر کیا یہانتک کہ صبر کرتا کرتا ہار گیا

ونار الغيظ ثارت في جناني
اور غصہ کی آگ مجہہ مین بہڑکی

وتاتي ساعة ان شاء ربي
اور وہ گہڑی آتی ہے کہ انشاء اللہ تعالی

اقرّ العين بالخصم المهان
کہ ہم دشمن کی رسوائی دیکہہ کر اپنی آنکہین ٹہنڈی کرینگے

اخذنا السب منهم مثل دين
اُن کی گالیان ہمارے ذمہ قرض کی طرح ہین

وعزّتنا لديهم كالرهان
اور ہماری عزت اُن کے پاس گرو کی طرح ہے

سنغشيهم ببرهان كعضب
ہم عنقریب دلیل کی تلوار کے ساتھہ اُنکے سر پر پہنچینگے

رقيق الشفرتين اخ السنان
جو باریک کنارون والے نیزہ کا بہائی ہے

بفاس نختلي تلك الخلاتا
ہم اس گہاس کو دلائل کے تبر کے ساتھ کاٹینگے

ورمح ذابل وقنا البيان
اور نیز برچہی باریک نوک والی اور بیان کے نیزون سے

بجمجمة العدا قد حل غول
ان دشمنون کی کہوپری مین ایک بہوت داخل ہو گیا ہے

فنخرجه بآيات المثاني
سو ہم اس کو سورۃ فاتحہ سے نکالینگے۔

لنا دين ودنيا للنصارے
ہمارے حصہ مین دین آیا اور نصاری کے حصہ مین دنیا

ومقت الضرتين من العيان
سو یہ دو سوتون کی دشمنی ہے جسکی حقیقت ہر ایک کے چشم دید ہے

سئمنا كل نوع الضيم منهم
ہمنے ہر ایک ظلم اُن کا اُٹہا لیا

ولكن سبّهم صلّى جناني
مگر اُن کی گالیون نے ہمارا دل جلا یا۔

سعوا ان يجعلوا أُسدًا نعاجًا
آنہون نے کوشش کی کہ تا کسیطرح شیرونکو بہیڑین بنائین

ولیث الله لیث لا کضانٍ
اور شیر شیر ہی ہین وہ بہیڑ کی طرح نہین ہو سکتے

و ثبتہم کسرحانٍ ضرےٍ
اور ان لوگون کا حملہ اسی بہیڑیئے کیطرح ہی جو شکار کا طالب ہے

وصورتہم کذی حُبٍّ مُقانی
اور صورت انکی ایک ملن سار دوست کیطرح ہے

و باطنہم کجوف العَیرُ قفر
اور اندر ان کا گدہے کے پیٹ کی طرح تقوی سے خالی

من التقوی وبطن کالجفانِ
اور پیٹ آن پیالون کیطرح ہے جو کہانے سے بہری ہوئی ہون

اری وغلاً جہولاً وابن وَغل
مین ایک خسیس ابن خسیس جاہل کو دیکہتا ہون

یُری کالمرهفات لظے اللسانِ
جو تیز تلوارون کیطرح اپنی زبان کا شعلہ دکہاتا ہے

هریر الکلب لا یعثو بنبح
کتے کی آواز اس چاند پر خاک نہین ڈال سکتی

علی البدر المطهّر من عثانِ
جس کو خدا نے گرد و غبار اور دہوئین سے پاک پیدا کیا ہے

الا یا ایّہا اللحِز الشحیحُ
اے بخیل بد خلق اور حریص

هویت کذی اللبانة فی الهوانِ
تو محتاجون کیطرح ذلت کے گڑہے مین گر گیا

وما تدری الهدی وحملت جہلا
اور تو نہین جانتا کہ ہدایت کیا شی ہے اور محض جہل سے تو نے

اناجیل النصاری کالاتانِ
انجیلون کو اُٹہا لیا جیسا کہ ایک گدہی بہار اٹہاتی ہے

تنضنض مثل نضنضة الافاعی
اور تو اس طرح زبان ہلاتا ہے کہ جیسے سانپ

وتہذی مثل عادات الادانی
اور کمینون اور سفلون کیطرح بکواس کرتا ہے

هلمّ الی کتاب الله صدقًا
خدا کی کتاب کی طرف

وایمانًا بتصدیق الجنانِ
صدق اور دلی ایمان سے آجا

شغفتم ایہا النوکی بشوکٍ
بے وقوفو! تم کانٹون پر فریفتہ ہو گئے

واعرضتم عن الزهر الحسانِ
اور خوبصورت پہولون سے کنارہ کیا

وآثرتم اماعز ذات صخر
اور تم نے کنکریان اور بڑی پتہرون والے زمین جو بہت سخت ہے اختیار کی

علی مخضرّة قاعٍ هجانِ
اور ایسی زمین کہ چہوڑا جو پرسبزہ اور نرم اور نہایت عمدہ اور قابل زراعت ہے

وما القرآن الا مثل دُرٍّ
اور قرآن درحقیقت بہت عمدہ اور یکدانہ موتیون کیطرح سے ہے

فرائد زانہا حسن البیانِ
جو حسن بیان سے اور یہی اسکی زینت اور خوبصورتی نکلی ہے

وما مسّت اکف الکاشحینا
اور دشمنوں کی ہتھیلیاں ان معارف کو چہوی بہی نہین

معارفہ التی مثل الحصان
جو قرآن مین ایسے طور پر چہپی ہوئی ہین جیسی پردہ نشین پاکدامن عورت چہپی ہوئی

به ما شئت من علم وعقل
اسمین ہریک وہ علم اور عقل ہے جسکا تو طالب ہو

واسرار وابکار المعانی
اور انواع اقسام کے بہید اور نئی صداقتین اسمین بہری ہین

یبکّت کلّ من یعدو بضغن
ہریک ایسے دشمن کا منہہ بند کرتا ہے جو مخالفانہ طور پر دوڑتا ہی

یبکّت کلّ کذّاب وجانی
اور ہرایک ایسے شخص پر اتمام حجت کرتا ہی جو دروغگو اور گنہگار ہی

رئینا درّ مزنته کثیرا
ہمنے اسکے مینہ کا پانی بہت ہی دیکہا ہے

فدینا ربّنا ذا الامتنان
سو ہم اس خدا پر قربان ہین جسنے ایسے احسان کئے

وما ادراك ما القرآن فیضا
اور تو کچہہ جانتا ہے کہ قرآن فیض کی رو سے کیا شے ہے

خفیر جالب نحو الجنان
وہ ایک رہبر ہے جو بہشت کیطرف کہینچتا ہے

له نوران نور من علوم
اسمین دو نور ہین ایک تو علوم کا نور اور دوسرے

ونور من بیان کالجمان
فصاحت بلاغت کا نور جو دانہ نقرہ کیطرح چمکتا ہو

کلام فائق ما راق طرفی
وہ ایک ایسا کلام ہی جو ہریک کلام سے فوقیت لے گیا

جمال بعده والنیّران
اور اسکے بعد مجہکو کوئی جمال اچہا معلوم نہوا اور آفتاب اور قمر بہی اچہے دکہائی نہ دیے

اياة الشمس عند سناه دخن
آفتاب کی روشنی اسکی چمک کے آگے ایک دہوان سا ہی

وما للعل والسبت الیمانی
اور لعل سرخی کے سرخ چمڑے کو نسبت ہی کیا ہی گو یمن کی ساخت ہو

واین یکون للقران مثل
اور قران کی مثال کوئی دوسری چیز کیون کر ہو

ولیس له بهذا الفضل ثانی
کیونکہ وہ تو اپنے فضائل مین بے مثل ہے

ورثنا الصحف فاقت کلّ کتب
ہم اس کتاب کے وارث بنائے گئے جو سب کتابون پر فایق ہے

وسبقت کلّ اسفار بشان
ایسی کتاب جو اپنے کمالات مین تمام کتابون پر سبقت لیگئی ہے

وجاءت بعد ما خرت خیام
اور اس وقت آیا جبکہ سب پہلے خیمے منہہ کے بل گر چکے تہے

وخرّبت البیوت مع المبانی
اور تمام گہر مع بنیاد کی جگہون کے خراب ہو چکے تہے

محت کلّ الطرائق غیر برّ
ہریک راہ کو بغیر نیکی کے راہ کے معدوم کر دیا

وجذّت راس بدعات الزمان
اور ان تمام بدعتون کا سر کاٹ دیا جو زمانہ مین شایع تہین

كأن سيوفها كانت كنار
گویا اسکی تلوارین ایک آگ کی طرح تہین
بها حرقت مخاريق الاداني
اُن سے وہ تمام کوڑے جلگئے جو سفلہ لوگون کے ہاتھ مین تہے

اذا استدعى كتاب الله مثلا
جب کتاب اللہ نے اپنی مثل کا مطالبہ کیا
فعيّ القوم واستتروا كفاني
سو قوم مقابلہ سے عاجز ہوگئی اور فنا شدہ چیز کیطرح چہپ گئی

وسلبت جرأة الاسناف منهم
اور پیش قدمی کی ہمت اُن سے مسلوب ہوگئی
من الهول الذي حل الجنان
اور یہ ہیبت الٰہی تہی جو اُن کے دل مین بیٹہ گئی

فمن عجب ابوا مثل ميت
سو یہہ تعجب کی بات ہے کہ وہ مردہ کیطرح منہہ کے بل جا پڑے
وقد مرنوا على لطف البيان
حالانکہ وہ فصیح کلمات کی مشق اور عادت رکہتے تہے

وانزله مهيمنا حدّيا
اور خدا تعالی نے اسکو بے مثیل اور طالب معارض نازل کیا
ففرّوا كلهم كالمستهان
پس کفار اسکی مثل بنانے پر قادر نہوسکے اور سرگردان ہوکر بہاگ گئے

وصارت عصبهم فرقا شتيتا
اور اُن کی جماعتین کئی فرقے متفرق ہوگئے
فمنهم من اتى بعد الحران
پس بعض اُن مین سے تو سرکشی سے باز آگئے

ومنهم من تلبّب مستشيطا
اور بعض نے قرآن کے مقابلے سے عاجز آکر ہتہیار باندہے
لحرب الصادقين والطعان
اور غضب مین آکر راست بازون کے ساتھ جنگ کرنیکے لئے تیار ہوگئے

فانتم قد سمعتم ما اصيبوا
سو تم سن چکے ہو کہ اُن کو کیا کیا سزائین ملین
بضعضعة السيوف من الهوان
اور تلوارون کی سرکوبی سے کیسی ذلت اُٹہائی

وكان جزاء سلّ السيف سيفا
اور تلوار کہینچنے کا بدلہ تلوار ہی تہی سو جو کچھہ انہون نے مسلمانون
فذاقوا ما اذاقوا كالجبان
کو چکہایا وہ آپ بزدل ہوکر چکہنا پڑا یعنی تلوار کہینچنے والے تلوار

اذا دارت رحى البلوى عليهم
اور جبکہ سختی کی چکی اُن پہ چلی سو ایسے ہوگئے
فكانوا لهوة فوق الدهان
جیساکہ آٹے کی ایک مٹہی چکی کے اُوپر ہوتی ہے جو چکی کے

فطفقوا يهربون كمثل جبن
سو انہون نے ایک نامرد کی طرح بہاگنا شروع کیا
فاخذوا ثم قتّلوا مثل ضان
پس پکڑے گئے اور بہیڑون کی طرح قتل کئے گئے

اذا ما شاهدوا قتلى كقتن
اور جبکہ انہون نے اپنے مقتولون کو ٹڈیون کیطرح دیکہا
فرفعوا طاعة علم الامان
تب انہون نے امان طلب کرنیکے لئے جہنڈیان اُٹہائین

سراة الحي جاؤوا نادمينا
اور قبیلہ کے سردار شرمندہ ہوکر آپکے پاس نبی صلی اللہ علیہ وسلم

فرحم المصطفی بحر الحنان
نے جو دریائے بخشش ہے ان کا گناہ معاف کیا

واما الجاهلون فما اطاعوا
مگر جاہلون نے آن کا حکم نہ مانا

فاعدمهم فئوس الاحتفان
سو بجلی کے تبرون نے انکو معدوم کیا

سقوا كاس المنايا ثم سيقوا
موت کے پیالے ان کو پلائے گئے

الی نار تلوح وجه جاني
اور پہر وہ اُس آگ کیطرف کھینچے گئے جو مجرم کا منہ جلاتی تہی

فهذا اجر جهل الجاهلينا
سو یہ جاہلون کے جہل کی سزا تہی

من الرحمان عند الاستنان
یہ سزا خدا تعالی کیطرف سے اسوقت ہوئی جب انہون نے فساد اور ظلم میں زیادتی کی

وماكان الرحيم مذل قوم
اور خدائے رحیم کسی قوم کو ذلیل نہین کرتا

ولكن بعد ظلم وافتنان
مگر اُسوقت جبکہ ظلم اور فتنہ اندازی اختیار کرے

وهل حدثت من انباء امم
کیا ایسی قومون کی تجھے کچھ خبر ہے

رؤا قبحا بافعال حسان
جن کو نیکی کرتے کرتے بدی پیش آئے

وكل النور في القرآن لكن
اور تمام اور ہر ایک قسم کے نور قرآن ہی مین ہین

يميل الهالكون الى الدخان
مگر مرنے والے دہوئین کیطرف دوڑتے ہین

به نلنا تراث الكاملينا
ہمنے اُس کے وسیلہ سے کاملون کی وراثت پائی

به سرنا الى اقصى المعاني
ہمنے اسکے وسیلہ سے حقیقتون کے اخیر تک سیر کیا

فقم واطلب معارفه بجهد
پس اُٹہہ اور کوشش کے ساتھ اُسکے معارف طلب کر

وخف شر العواقب والهوان
اور انجام بد اور ذلت کی بدیون سے خوف کر

اتطلب عزة الدنيا الدنيه
کیا تو اِس دنیا ناکارہ کی عزتون کا طالب ہے

اتطلب عيشها والعيش فاني
کیا تو اِس دنیا کے عیشون کو ڈہونڈہتا ہے اور اسکے تمام عیش فانی ہین

اترضى يا اخي بالخان حمقا
اے بہائی کیا تو سرائے مین رہنے مین اپنی حمق سے راضی ہو گیا

وتنسى وقت تبديل المكان
اور اُس وقت کو بہلا دیا جو تبدیل مکانی کا وقت ہو

على بستان هذا الدهر فاس
اِس دنیا کے باغ پر تبر رکھا ہے

فكم شجر يجاح من الاهان
سو بہت سے درخت جڑہ سے اُکہیڑے جارہے ہین

وكم عنق تكسّرها المنايا
اور موتین بہت سی گردنون کو توڑ رہی ہین

وكم كفّ وكم حسن البنان
اور بہت ہتھیلیان اور بہت سی خوبصورت پورین ٹوٹی چلی جاتی ہین

ترى في ساعة سرا لرجل
اور تو یہ تماشہ دیکھ رہا ہی کہ ایک گھڑی ابجد دیکھنے کی تخت بچھ

وفى الأخرى تراه على الاران
اور پھر دوسری گھڑی مین وہی مرتا بوت مردہ پر پڑا ہوا ہوتا ہے

واني ناصح خِلّ امين
اور مین ایک نصیحت دینے والا دوست اور امین ہون

ويدرى نور علمى من يرانى
اور جو شخص مجھے دیکھے وہ میری نور علم کو معلوم کرلے گا

يكرّم جاهل قبل ابتلاء
جاہل کی تعظیم آزمائش سے پہلے ہوتی ہے

ويقدر الحبر بعد الامتحان
اور دانا آدمی کی تعظیم اسکے امتحان کے بعد کیجاتی ہے

وكفّرني عدو الحق حمقا
اور ایک سچ کے دشمن نے مجھے کافر ٹھرایا

فقلت اخساء يرانى من هدانى
سو مینے کہا دفع ہو جسنے مجھے ہدایت دی وہ مجھو دیکھ رہا ہے

صوارمه علىّ مسلّلات
اس دشمن کی تلوارین میری پر کھینچی ہوئی ہین

واني نحو وجه الحبّ رانى
اور مین اپنے پیارے اللہ کی طرف دیکھ رہا ہون

واني قد وصلت رياض حبّى
اور مین اپنے پیارے کے باغونمین پہنچا ہوا ہون

ويطلبني خصيمى فى المغانى
اور دشمن مجھے جنگلون مین تلاش کر رہا ہے

هويت الحبّ حتى صار روحى
مینے اس پیارے سے محبت کی یہانتک کہ وہ میری جان ہوگیا

وارانى جنانى فى جنانى
اور میرا بہشت اس نے میرے دل مین ہی دکھا دیا

بوجه الحبّ لست حريص مال
اس پیارے کی قسم ہے کہ مین کسی ملک کا حریص نہین

كفانى ما ارى نفسى كفانى
اور یہ میرے لئے کافی ہے کہ مین اپنے نفس کو فنا کی حالت مین دیکھتا ہون

عمود الخشب لا ابغى لسقفى
مین لکڑی کے ستون اپنی چھت کیلئے نہین چاہتا

وحبّى صار لى مثل البوان
اور میرا پیارا میرے لئے ایسا ہوگیا ہے جیسا ستون

ورثنا المجد من ذى المجد حقا
ہمنے بزرگی کو خدائے ذو المجد سے پایا

وصُبّغنا بمحبوب مقانى
اور اس ملنے والے پیارے کے رنگ سے ہم رنگے گئے

دخلت النار حتى صرت نارا
مین آگ مین داخل ہوا یہانتک کہ مین آگ ہی ہوگیا

ونخلى فاق افكار الافانى
اور میری کھجور گھاس پات کے تنکون سے بہت بلند ہوگئی

خموری منتقاة غیر کدر — مشعشعة بماء الاقتران

اور میری شراب ایک چھنی ہوئی شراب اور صفا ہے — جسمین الٰہی محبت کا پانی ملایا گیا ہے

ولست مواریا عن عین ربی — وان اللہ خلاقی یرانی

اور مین اپنے رب کی آنکھ سے پوشیدہ نہین ہون — اور خدا جو میرا پروردگار ہے مجھ کو دیکھ رہا ہے

